كَشْفُ الحَقَائِقِ المَحْجُوبَةِ فِی رُؤْیَةِ الخَاطِبِ وَالمَخْطُوبَةِ

منگیتر کو دیکھنے اور منگنی کے احکام و مسائل پر اردو تاریخ کی پہلی تصنیف

100 سے زائد کتب کا تحقیقی نچوڑ

# منگیتر کو دیکھنا کیسا ہے؟


مؤلف

محمد عرفان طریقتی القادری

مدیر ماہنامہ بہار اسلام







بہار اسلام پبلی کیشنز

1910

0322-0333-4229760

0322-0313-4642506

بسم الله الرحمن الرحيم

Marfat.com

# دُرُودِ تاریہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَۃً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَآمًّا عَلٰی
سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ وَ
تَنْفَرِجُ بِہِ الْکُرَبُ وَتُقْضٰی بِہِ الْحَوَائِجُ وَتُنَالُ
بِہِ الرَّغَائِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِیْمِ وَیُسْتَسْقَی
الْغَمَامُ بِوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ
فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ
لَّکَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

Marfat.com

كَشْفُ الْحَقَائِقِ الْمَحْجُوبَةِ فِي رُؤْيَةِ الْخَاطِبِ وَالْمَخْطُوبَةِ

100

# منگیتر کو دیکھنا کیسا ہے؟


مؤلف

محمد عرفان طریقتی القادری

مدیر ماہنامہ بہار اسلام





بہار اسلام پبلی کیشنز

1910



Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب ——— منگیتر کو دیکھنا کیسا ہے؟

تالیف ——— محمد عرفان طریقتی القادری

تاریخ اشاعت ——— بار اول جون 2011ء رجب المرجب 1432ھ

ڈیزائننگ ——— رانا محمد عمران 03004998724

ناشر ——— بہار اسلام پبلیکیشنز 1910/D1 بلاک گجر پورہ سکیم لاہور

پرنٹرز ——— نفیس دار الکتابت شیخ ہندی سٹریٹ داتا دربار لاہور

تعداد ——— 1100

ہدیہ ——— 160 روپے

ملنے کے پتے

- مکتبہ سیفیہ مرکزی آستانہ عالیہ سیفیہ فقیر آباد شریف
- اصغر علی سیفی کیپ ہاؤس مرکزی آستانہ عالیہ فقیر آباد شریف 0333-4783166
- دار العلوم جامعہ جیلانیہ رضویہ نادر آباد بیدیاں روڈ لاہور کینٹ
- دار العلوم جامعہ حنفیہ سیفیہ محمدیہ بالمقابل راوی ریان طرحسین ٹاؤن لاہور
- آستانہ عالیہ سیفیہ بابا فرید کالونی چونگی امر سدھو لاہور۔
- دار العلوم جامعہ سیفیہ رحمانیہ للبنات بادشاہی روڈ ڈھوال کلاں گجرات
- مکتبہ سیفیہ مدنی سیفی پلازہ رحمٰن شہید روڈ گجرات
- مکتبہ نبویہ داتا دربار دربار مارکیٹ لاہور
- علامہ فضل حق پبلی کیشنز داتا دربار مارکیٹ لاہور
- نیو القمر یک کارپوریشن گنج بخش روڈ لاہور 0423-7355359
- مکتبہ قادریہ داتا دربار مارکیٹ لاہور
- مکتبہ اہلسنت جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری گیٹ لاہور
- مکتبہ نعیمیہ جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور

انجمن بہار اسلام دار العلوم جامعہ سیفیہ

0333-4229760-0313-4642506-0423-6844786

Marfat.com

# حسن ترتیب



| صفحہ نمبر | موضوع | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 7 | الاهداء | 1 |
| 8 | انتساب | 2 |
| 9 | تقریظ (استاذ الاساتذہ علامہ حافظ عبدالستار سعیدی صاحب) | 3 |
| 10 | تقریظ (جگر گوشۂ مفتی اعظم پاکستان ڈاکٹر محمد عارف نعیمی) | 4 |
| 12 | تقریظ (جگر گوشۂ قیوم زماں صاحبزادہ علامہ احمد سعید یار سیفی) | 5 |
| 13 | تقریظ (استاذ العلماء مفتی محمد ہاشم صاحب جامعہ نعیمیہ لاہور) | 6 |
| 14 | کتاب جو میرے ہاتھ میں ہے۔ (پروفیسر محمد نواز نوشاہی) | 7 |
| 18 | حروف چند (علامہ حافظ عرفان اللہ عابدی) | 8 |
| 20 | عرضِ مؤلف | 9 |
| 22 | میں نے اس موضوع کو کیوں منتخب کیا۔ | 10 |
| 26 | مقدمة المؤلف | 11 |
| 27 | اسلام میں شادی کی اہمیت | 12 |
| 32 | نکاح، کثرت رزق کا ضامن | 13 |
| 36 | بیوی تلاش کرنے میں اسلامی احکامات | 14 |
| 38 | بیوی کی صفات ..... پہلی صفت | 15 |



Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 16 | دوسری صفت | 40 |
| 17 | تیسری صفت | 41 |
| 18 | چوتھی صفت | 42 |
| 19 | پانچویں صفت | 43 |
| 20 | مثالی شوہر کی صفات | 44 |
| 21 | **آغاز کتاب** | 46 |
| 22 | **پہلا باب** | 47 |
| 23 | مخطوبہ کی تعریف | 48 |
| 24 | مخطوبہ (منگیتر) کو دیکھنے سے کیا مراد ہے؟ | 48 |
| 25 | مخطوبہ کو دیکھنے کا حکم | 49 |
| 26 | **دوسرا باب** | 50 |
| 27 | رؤیۃ مخطوبہ (منگیتر کو دیکھنا) قرآن مجید کی روشنی میں | 51 |
| 28 | رؤیۃ مخطوبہ احادیث مبارکہ کی روشنی میں | 54 |
| 29 | **تیسرا باب** | 58 |
| 30 | رؤیۃ مخطوبہ فقہاءِ مجتہدین کی نظر میں | 59 |
| 31 | منگیتر کو دیکھنے میں احناف کا مؤقف | 59 |
| 32 | منگیتر کو دیکھنے میں شوافع کا نظریہ | 60 |
| 33 | منگیتر کو دیکھنے میں مالکیہ کا مؤقف | 62 |




Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 63 | منگیتر کو دیکھنے میں حنابلہ کا موقف | 34 |
| 64 | منگیتر کو دیکھنے میں دیگر مذاہب | 35 |
| 65 | **چوتھا باب** | 36 |
| 66 | منگیتر کو دیکھنے کے عدمِ جواز کے قائلین | 37 |
| 67 | عدمِ جواز کے قائلین کے دلائل | 38 |
| 68 | عدمِ جواز کے قائلین کے دلائل کے جوابات | 39 |
| 69 | امام مالک کی طرف منسوب قول کا جواب | 40 |
| 69 | کراہت کے قول کا جواب | 41 |
| 71 | **پانچواں باب** | 42 |
| 72 | مخطوبہ (لڑکی) کا خاطب (لڑکے) کو دیکھنا | 43 |
| 76 | **چھٹا باب** | 44 |
| 77 | منگیتر کے کن اعضاء کو دیکھنا جائز ہے؟ | 45 |
| 80 | راجح قول | 46 |
| 83 | کیا مخطوبہ کو دیکھنے کیلئے اسکی اجازت ضروری ہے؟ | 47 |
| 86 | قول ثانی | 48 |
| 87 | مالکیہ کے اس قول کا جواب | 49 |
| 89 | تیسرا قول | 50 |
| 89 | راجح قول | 51 |




Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 52 | **ساتواں باب** | 91 |
| 53 | مخطوبہ کو دیکھنے کی حکمتیں اور فوائد | 92 |
| 54 | ۱......سنت نبوی کی پیروی | 92 |
| 55 | ۲......شوہر اور بیوی کے مابین ہمیشہ کی محبت | 92 |
| 56 | ۳......شوہر اور بیوی کا ایک دوسرے کی صفات یا عیوب پر مطلع ہونا | 93 |
| 57 | ۴......دوسروں کا ملامت سے اور خود کا ندامت سے بچنا | 94 |
| 58 | **آٹھواں باب** | 96 |
| 59 | منگیتر کے ساتھ تنہائی کا حکم | 97 |
| 60 | اجنبی عورت کے ساتھ تنہائی، احادیث کی روشنی میں | 97 |
| 61 | اجماع علماء | 98 |
| 62 | تنہائی کے نقصانات | 99 |
| 63 | اگر تنہائی میں بیٹھنا ہو تو؟ | 100 |
| 64 | **نواں باب** | 101 |
| 65 | رؤیۃ مخطوبہ کے قواعد وضوابط کا خلاصہ | 102 |
| 66 | **دسواں باب** | 106 |
| 67 | رؤیۃ مخطوبہ کے بعد اظہار یا انکار کے مسائل | 107 |
| 68 | **گیارھواں باب** | 110 |
| 69 | شادی کیلئے دیکھی جانے والی صفات | 111 |




Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 70 | صفاتِ خَلقیہ | 112 |
| 71 | صفاتِ خُلقیہ | 113 |
| 72 | صفاتِ فکریہ | 114 |
| 73 | ٹیلی فون یا موبائل پر منگیتر سے بات کرنا کیسا ہے؟ | 116 |
| 74 | خلاصۂ کلام | 118 |
| 75 | SMS کے ذریعے بات کرنے کا حکم | 119 |
| 76 | **بارھواں باب** | 121 |
| 77 | لڑکی کو دیکھنے کیلئے وکیل مقرر کرنا | 122 |
| 78 | لڑکی کی تصویر کو دیکھنا | 123 |
| 79 | **تیرھواں باب** | 125 |
| 80 | منگنی کی رسمیں اور منگنی کرنے کا صحیح طریقہ | 126 |
| 81 | منگنی ٹوٹنے پر مرتب ہونے والے احکام | 127 |
| 82 | منگنی کے تحفوں کا حکم | 127 |
| 83 | **چودھواں باب** | 129 |
| 84 | کن عورتوں کو نکاح کا پیغام دینا (منگنی کرنا) ممنوع ہے۔ | 130 |
| 85 | جو پہلے ہی کسی کی منگیتر ہو | 130 |
| 86 | جسے طلاقِ رجعی ہوئی ہو | 132 |
| 87 | مطلقہ، جو عدت گزار رہی ہو | 132 |




Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 88 | جو عدتِ وفات میں ہو | 132 |
| 89 | **پندرھواں باب** | 133 |
| 90 | کتاب کا خلاصہ اردو زبان میں | 134 |
| 91 | کتاب کا خلاصہ انگریزی زبان میں | 136 |
| 92 | **فهارس المصادر والمراجع** | 138 |





Marfat.com

# الاھداء

میں اپنی یہ کاوش

☆......اپنے رب

☆......اپنے رسول

☆......اپنے والدین

☆......اپنے اساتذہ

☆......اپنے شیوخ

☆......اپنے دوستوں

اور

اپنی زندگی کی سب سے قابل اعتماد اور قابل احترام ہستی

رضاء، فداء، علیہا اور علیزا کے "ابو جی" کو ہدیہ کرتا ہوں۔

الفقیر الی عفو ربہ القوی

محمد عرفان طریقتی القادری

مدیر ماہنامہ بہار اسلام لاہور



Marfat.com

# ☆انتساب☆

ہر اس مسلمان کے نام

جو اس کتاب کو پڑھے،

سمجھے اور عمل کرے۔



Marfat.com

تقریظ ......☆

## استاذی واستاذ الاساتذہ فخر الجہابذہ شیخ الحدیث محدث العصر حضرت علامہ مولانا

## حافظ محمد عبدالستار سعیدی صاحب شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

اسلام نے شادی سے پہلے کچھ حدود وقیود کے ساتھ منگیتر کو دیکھنے کی اجازت دی ہے۔ جس کا مقصد عریانی وفحاشی کے طوفان پر بند باندھنا بھی ہے اور فریقین کی باہمی ازدواجی زندگی کو خوشگوار بنانا بھی ہے۔

عزیزم محمد عرفان طریقتی نے منگیتر کو دیکھنے اور بات کرنے کی حدود وقیود اور منگنی اور منگیتر کے مسائل واحکام پر بڑی شرح وسط سے روشنی ڈالی ہے۔ بندہ نے اس کتاب کو بعض مقامات سے دیکھا، اور عوام وخواص کیلئے نافع پایا۔ کتب احادیث اور کتب فقہ کے حوالہ جات کو دیکھ کر محسوس ہوتا ہے کہ موصوف نے اس مسئلہ کی وضاحت میں بڑی محنت سے کام لیا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ برخوردار محمد عرفان کی اس کاوش کو شرف قبولیت عطا فرمائے اور اہلسنت کے نوجوانوں کو حوصلہ مزید عطا فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وسلم

(شیخ الحدیث) حافظ محمد عبدالستار سعیدی

(ناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور، شیخوپورہ)



Marfat.com

## تقریظ......☆

جگر گوشۂ مفتی اعظم پاکستان استاذی واستاذ العلماء مفکر اسلام حضرت علامہ مولانا

### مفتی ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مہتمم جامعہ نعیمیہ للبنات چائنہ سکیم

اسلام ایک ہمہ جہت مذہب ہے جس میں تمام شعبہ ہائے حیات کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ یہ وہ واحد مذہب ہے کہ جس میں ماضی، حال اور مستقبل، تمام زمانوں کو مدنظر رکھ کر احکامات نازل کیے گئے ہیں۔ بس صرف غواص چاہئے جو زندگی سے متعلق اس کی تہہ سے موتی پہچان کر نکال سکے۔ ہمارے اردگرد بے شمار مسائل ایسے ہیں کہ عوام تو عوام، خواص کو بھی ان کے حدود وابعاد کا علم نہیں ہوتا۔ ایسے میں ان کا حل ناممکن نہ سہی مشکل ضرور ہو جاتا ہے۔ ہر حکم ومسئلہ کے دو ابعاد ہوتے ہیں جو اسے غیر سے ممتاز کرتے ہیں اور ان ابعاد کا مرکز اس کے حکم کا اصل ہوتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ سب سے پہلے اس مسئلے کے ابعاد سے روشناس ہوا جائے تا کہ اس کے مرکز کی تعیین کر کے اس کے اصل حکم تک پہنچا جا سکے۔

عزیزم برخوردار محمد عرفان طریقتی بھی ایسے ہی ایک اہم مسئلہ کو زیر بحث لائے ہیں۔ یہ کوئی عام موضوع نہیں ہے کہ جس پر ہر کوئی قلم اٹھا سکے، بلکہ یہ ایک انتہائی حساس عنوان ہے جس کے اطراف شریعت ومعاشرتی رسم ورواج ہیں ۔ اوران کے درمیان درست منہج پر چلتے ہوئے نتائج ومدعیٰ تک پہنچنا خاصہ مشکل کام تھا کہ جس پر ذرا سی بے احتیاطی اسلام کو داغ دار بھی کر سکتی ہے اور بے دین افراد کے ہاتھوں کھلونا بھی بنا سکتی ہے۔ لیکن تائید ایزدی ہمیشہ سے اعتدال کے ساتھ رہی ہے اور حق کا ساتھ ہمیشہ نجات کا باعث رہا ہے۔

مؤلف نے بڑے احسن انداز سے موضوع کی تمام جہات کا احاطہ کیا ہے۔ کتاب کا مرکزی موضوع ''رؤیۃ مخطوبہ'' سے متعلق شرعی احکام ہیں، البتہ صاحبِ کتاب اس سے

Marfat.com

متعلقہ موضوعات کو بھی زیرِ بحث لائے ہیں۔ جیسے "رویۂ مخطوبہ کی مقدار، خاطب و مخطوبہ کی تصاویر کا تبادلہ، آپس میں ٹیلی فونک گفتگو، SMS کے ذریعے باہم رابطہ، تنہائی میں ملاقات کا حکم، منگنی کا شرعی طرزِ عمل" وغیرہ عناوین پر سیر حاصل بحث فرمائی ہے۔

آپ کا اسلوب محض تحریر نہیں، بلکہ مسئلہ کی گیرائی و گہرائی کے احاطہ کے ذریعے تفہیم اور اسے قابلِ عمل بنانا ہے۔ مصنف اس کتاب میں اپنے مؤقف کو ہی ثابت کرتے نظر نہیں آتے بلکہ مقابل آراء کو بھی احسن طریقے سے احاطۂ تحریر میں لا کر معقول انداز سے جوابات بھی دیتے نظر آتے ہیں، جس سے ان کی منصف مزاجی اور تحقیقی فکر کا اندازہ ہوتا ہے۔ کتاب میں جا بجا آیاتِ قرآنیہ، احادیث مبارکہ اور اقوالِ علماء سے مؤقف کو مضبوط کیا گیا ہے۔ غرض کہ ہر لحاظ سے قابلِ تحسین ہے۔ اس مسئلے کی تفہیم کے خواہشمند حضرات کیلئے نہایت گراں قدر کتاب ہے۔

اللہ تعالیٰ ان کے علم و عمل اور فکر و استنباط میں ترقی عطا فرمائے اور دینِ حق کی روح کی ترجمانی کا شعور عطا فرمائے۔ خدا بزرگ اس کتاب کو مولانا کیلئے باعث نجات بنائے اور عوامی حلقوں کو اس سے استفادہ کی توفیق نصیب فرمائے۔

آمین

(ڈاکٹر مفتی) محمد عارف نعیمی

مہتمم: جامعہ نعیمیہ للبنات و جامعہ "النعیمیۃ" چائنہ سکیم لاہور

Marfat.com

تقریظ ......☆

## جگر پارۂ قیوم زماں پیر طریقت عامل شریعت مفکر اسلام

## حضرت علامہ مولانا محمد احمد سعید یار جان سیفی صاحب

## آستانہ عالیہ فقیر آباد (لکھوڈیر) لاہور

**باسمہ تعالیٰ: نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم، اما بعد**

فاضل نوجوان محقق ومدقق ☆ حضرت مولانا محمد عرفان طریقتی القادری صاحب کا رسالہ بعنوان ''منگیتر کو دیکھنا کیسا ہے؟'' پڑھنے کو ملا۔ یقین جانئے کہ دل کو سرور اور آنکھوں کو ٹھنڈک ملی۔ اس موضوع پر اردو زبان میں مدلل کتاب پہلی بار نظر سے گزری۔ اگر کسی نے اس موضوع پر لکھا ہے تو محض اتنا کہ جائز ہے یا ناجائز ہے، مگر فاضل نوجوان نے تمام پہلوؤں کا احاطہ کر کے تشنگان علم کیلئے ایک نادر تحفہ عنایت فرمایا۔

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ فاضل نوجوان کو مزید ہمت اور قلم وتحریر میں مزید وسعت عطا فرمائے۔ ایسے نوجوان فضلاء کی انوکھے موضوعات پر بحث، نہایت اچھا اور بہترین ذریعہ رسید علم وعمل ہے۔

فقط

(صاحبزادہ) احمد سعید السیفی عرف یار جان

آستانہ عالیہ فقیر آباد شریف لاہور

19 مئی 2011

---

☆ ...... یہ حضرت صاحب کی محبت سہی، مگر فقیر ابھی طالب علم ہے خود کو اس کا اہل نہیں سمجھتا۔ طریقتی



Marfat.com

تقریظ ☆

## استاذی واستاذ العلماء مشفقی ومشفق الطلباء حضرت علامہ مولانا

## مفتی محمد ہاشم صاحب مدرس ومفتی جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنْ لَّا نَبِيَّ بَعْدَهٗ

بندہ نے نوخیز عالم مولانا محمد عرفان القادری کی مرتبہ کتاب ''منگیتر کو دیکھنا کیسا ہے؟!'' بالاجمال ملاحظہ کی ہے۔ حسن ترتیب، سلاست وروانگی، سادگی بیان، مضامین کا تنوع، دلکش اسلوب، عمدہ تحقیق کوشش اور جامعت، مذکورہ کتاب کے ماتھے کا جھومر ہیں۔ ہمارا معاشرہ روز بروز اخلاقی انحطاط اور تنزل کا شکار ہو رہا ہے۔ دین سے دوری، نام نہاد روشن خیالی اور غیر مہذب جدت پسندی نے یہ گل کھلایا ہے کہ اسلامی اقدار اور دینی تعلیمات پر عمل کرنے کو دقیانوسیت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اس آلودہ فکری ماحول میں علماء پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ معاشرہ کی اصلاح میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں۔ ہر پہلو اور ہر شعبہ میں امت کی دینی رہنمائی کر کے معاشرہ کو حقیقی فلاحی واسلامی معاشرہ بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے، نوجوان عالم دین مولانا محمد عرفان صاحب زید علمہ وعملہ کو جنہوں نے ایک اہم دینی ومعاشرتی مسئلہ پر قلم اٹھایا اور بلاشبہ موضوع کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کر کے بڑی خوش اسلوبی سے اپنی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہوئے۔ اللہ تعالیٰ ان کی تالیف کو اصلاح معاشرہ میں مؤثر بنائے اور انکے علم وعمل میں ترقی پیدا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہ اجمعین۔

(مفتی) محمد ہاشم غفرلہ

خادم الافتاء والتدریس جامعہ نعیمیہ لاہور



Marfat.com

## ☆ کتاب جو میرے ہاتھوں میں ہے ☆

محبّ الصوفیاء محبی و مشفقی محترم جناب پروفیسر محمد نواز نوشاہی صاحب
پنجاب یونیورسٹی لاہور

اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ بنی نوع انسان کی ہدایت و فلاح کا راز اسلامی تعلیمات میں مضمر ہے۔ آج پوری دنیا میں مسلمانوں کی جو کمزور حالت ہے، اس کی کئی وجوہ ہیں۔ جہالت ان میں وجوہ میں سب سے اہم ہے اور یہ جہالت بھی کئی پہلو رکھتی ہے۔ ان میں سب سے اہم یہ ہے کہ مسلمان اپنی زندگی کے مقصد کو نہیں جانتے، ان میں سے اکثر سطحی طور پر مسلمان ہیں۔ دین اسلام کی صحیح معلومات بہت کم لوگوں کو ہوتی ہیں۔ مسلمانوں کی بڑی تعداد ابھی تک ناخواندہ ہے۔ معاشرے کی بہتر تہذیب و تربیت کیلئے اوّلین ضرورت اس امر کی ہے کہ زندگی کے ہر پہلو سے متعلق اسلامی تعلیمات نہایت آسان اور مدلل انداز میں ہر مسلمان تک پہنچائی جائیں۔

معاشرے کی اکائی خاندان ہے اور خاندان کی بنیاد ازدواجی زندگی ہے۔ ازدواجی زندگی جتنی پرسکون اور خوشگوار ہوگی اتنا ہی خاندان عمدہ و اعلیٰ ہوگا۔ جب خاندان اسلامی تعلیمات کا اعلیٰ مرقع ہوگا تو معاشرہ خود بخود امن و سلامتی کا گہوارہ بن جائے گا۔ اس لئے اسلام نے ازدواجی زندگی کو بہتر سے بہتر بنانے کیلئے جامع ہدایات دی ہیں اور عملی نمونے پیش کئے ہیں۔ خود نبی کریم ﷺ کی ذات کو اللہ تعالیٰ نے پوری انسانیت کیلئے کامل نمونہ بنا کر مبعوث فرمایا:

"لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُوْلِ اللهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ"

بے شک تمہارے لئے رسول اللہ ﷺ کی مبارک زندگی میں کامل نمونہ موجود ہے۔

رشتۂ ازدواج میں منسلک ہونے سے پہلے مرد و عورت میں ہم آہنگی اور معاشرتی عادات و اطوار میں مماثلت ضروری ہے۔ منگنی خاندانی مراحل میں سے پہلا مرحلہ ہے، اگر یہ



Marfat.com

مرحلہ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں سمجھداری سے طے کر لیا جائے تو ازدواجی زندگی کے اگلے
مراحل نہایت خوشگوار اور کامیابی سے ہمکنار ہو سکتے ہیں۔

فاضل مؤلف جناب محمد عرفان طریقی القادری نے اس کتاب میں ان اسلامی قواعد وضوابط کو بڑی شرح وبسط سے بیان کیا ہے جن پر عمل کر کے اس ابتدائی مرحلے کو بہت عمدگی سے طے کیا جا سکتا ہے۔

یہ کتاب ایک مقدمہ اور چند ابواب پر مشتمل ہے۔ کتاب کے مقدمہ میں نکاح کی اہمیت، بیوی تلاش کرنے کے اسلامی احکامات اور شوہر کی مثالی صفات کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ اگر انصاف سے دیکھا جائے تو اس کتاب کا مقدمہ ایک الگ کتاب کی حیثیت رکھتا ہے۔

ابتدائی ابواب میں مخطوبہ (منگیتر) کو دیکھنے کے شرعی جواز کو قرآن وحدیث کی روشنی میں ثابت کیا گیا ہے۔ چوتھا باب فاضل عزیز کی علمی محنت کا منہ بولتا ثبوت ہے جس میں مذاہب اربعہ کی امہات الکتب کے حوالوں کی روشنی میں مسئلہ زیر بحث کو بیان کیا گیا ہے اور مذہب حنفی کی برتری کو عقلی ونقلی دلائل سے ثابت کیا ہے۔ پھر فاضل نے مخطوبہ کو دیکھنے سے منع کرنے والوں کا تجزیہ کیا ہے پہلے ان کے دلائل اور پھر ان دلائل کا جواب ایسے شاندار انداز میں دیا ہے کہ ہر قاری پر واضح ہو جاتا ہے کہ جمہور کی رائے درست ہے۔

پانچویں باب میں بیان کیا گیا ہے کہ مرد وعورت کے لئے ایک دوسرے کو دیکھنے کا حکم یکساں ہے۔ چھٹے باب میں مخطوبہ کو دیکھنے کی حد کا تعین کیا گیا ہے۔ اس مسئلے میں مذاہب مجتہدین کے اقوال نقل کرنے کے بعد فاضل مصنف نے جمہور کے قول کو ترجیح ثابت کیا ہے کہ مخطوبہ سے متعلقہ کتنا جائز ہے۔

ساتویں، آٹھویں باب میں بہت مفید معلومات فراہم کی گئی ہیں جن کا مطالعہ والدین اور نوجوانوں کے لئے بہت ضروری ہے جو ان ابواب میں مخطوبہ کو دیکھنے کی حکمتیں

Marfat.com

اور فوائد بیان کیے گئے ہیں۔ساتھ ساتھ غیر محرم (یعنی منگیتر) کے ساتھ تنہائی اختیار کرنے کے نقصانات بتائے گئے ہیں۔ان ہدایات کو مدنظر رکھ کر رشتے کا معاملہ طے کیا جائے گا تو اِنْ شَآءَ اللّٰہُ زوجین دنیا و آخرت میں کامیاب و کامران ہونگے۔

نواں باب رؤیۃ مخطوبہ کے قواعد وضوابط کے خلاصے پر مشتمل ہے۔گویا سابقہ ابواب کی تعلیمات کا عام فہم الفاظ میں نچوڑ ہے۔کم علم افراد اسے پڑھ کر مسئلے کے بارے میں جامع معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

دسویں باب میں ایک اہم معاشرتی بیماری کی نشاندہی کی گئی ہے اور اس کے خاتمے کی ہدایات دی گئی ہیں کہ منگنی کا معاملہ طے نہ ہونے کی صورت میں خاطب و مخطوبہ (یا ان کے اہل خانہ) ایک دوسرے خلاف کوئی بات نہ کریں۔اسلام اس کی اجازت نہیں دیتا بلکہ جس حد تک ممکن ہو،دوسروں کے سامنے ایک دوسرے کے متعلق یا ان کے گھر والوں کے متعلق اچھے کلمات ادا کیے جائیں۔

گیارھویں باب میں شادی کیلئے دیکھی جانے والے صفات کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ان صفات سے آگاہی کے جدید طریقوں، ٹیلی فون اور SMS سے متعلق شرعی حکم بتایا گیا ہے۔بارھویں باب میں منگیتر کو دیکھنے کیلئے وکیل (قائم مقام) مقرر کرنے اور بدن کی عکسی تصاویر دیکھنے سے متعلق نہایت مفید ہدایات دی گئی ہیں۔

تیرھواں باب بڑا اہم ہے۔اس باب میں منگنی کرنے کا صحیح طریقہ بتایا گیا ہے۔میرے خیال میں اس باب میں موجودہ دور میں منگنی کے دوران ہونے والی غیر شرعی رسومات کا تفصیلاً ذکر ہونا چاہئے تھا،شاید طوالت کے خوف سے فاضل مصنف نے صرف نظر کیا ہے۔

چودھویں باب،میں ان خواتین کا تذکرہ ہے جن کو نکاح کا پیغام دینا ممنوع ہے۔اور یہ بھی بڑی اہمیت کا حامل مسئلہ ہے جس کا اندازہ یہ باب پڑھنے والا ہی بہتر سمجھ سکتا ہے۔

Marfat.com

کتاب کے پندرھویں باب میں فاضل مؤلف نے مکمل کتاب کا خلاصہ اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں کر کے کتاب کی افادیت کو دو چند بنا دیا ہے۔

درحقیقت یہ ایک جامع تحقیقی کتاب ہے۔ اپنی ترتیب کے لحاظ سے منفرد حیثیت کی حامل ہے۔ فاضل مؤلف نے رویۂ مخطوبہ (منگیتر کو دیکھنے) سے متعلق احکام شرعیہ کو شرح وبسط سے بیان کیا ہے اور بعض ایسے مسائل کی تحقیق کی ہے جو عصر حاضر کے اہل علم وفتوی کے درمیان موضوع بحث بنے ہوئے ہیں اور ان میں اختلاف رائے بھی پایا جاتا ہے۔

مذاہب اربعہ کے فقہاء مجتہدین کے دلائل اور فقہ حنفی کی دیگر مذاہب پر فوقیت کو جس کمال سے اس کتاب میں ثابت کیا گیا ہے اسے دیکھ کر میری نظر میں یہ کتاب

"جَامِعُ الْفَتَاوٰی فِیْ حُکْمِ رُؤْیَۃِ الْمَخْطُوْبَۃِ"

کا درجہ رکھتی ہے۔ امید ہے کہ جو عالم بھی بنظر غائر اس کا مطالعہ کرے گا وہ میرے رائے سے متفق ہوگا۔

یہ کتاب خاص طور پر اہل علم وفتویٰ کیلئے معلومات اور تحقیقی حوالوں کا ایک مفید مجموعہ ہے جو ان شاء اللہ علماء وطلبہ کیلئے نہایت کارآمد ثابت ہوگی۔ عامۃ الناس کیلئے اس کتاب کی افادیت بھی کچھ کم نہیں کیونکہ یہ کتاب نہایت آسان انداز اور عمدہ ترتیب میں لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب ہر گھر میں ہونی چاہئے کیونکہ زیر بحث مسئلہ ہر گھر کا مسئلہ ہے جس سے آگاہی ہر مسلمان کیلئے ضروری ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مؤلف کی اس محنت کو قبول فرمائے اور اس کتاب کو مسلمانوں کیلئے نافع اور مؤلف کیلئے ذخیرۂ آخرت بنائے۔ آمین

خادم الفقراء

(پروفیسر) محمد نواز لوشاہی



Marfat.com

## حرفِ چند...... ☆

استاذ العلماء نوجوان مذہبی سکالر شارح ترمذی حضرت علامہ

مولانا صاحبزادہ حافظ عرفان اللہ عابدی سیفی ناظم اعلیٰ جامعہ جیلانیہ رضویہ لاہور کینٹ

زوال پذیر معاشرے کی علامات میں سے ایک علامت یہ بھی ہے کہ وہ معاشرہ اپنی تہذیب وتمدن کو یکسر فراموش کر دیتا ہے، اپنی عادات واطوار کو پس پشت ڈال دیتا ہے اور رسم و رواج قصہ ماضی بنا ڈالتا ہے۔ ترقی یافتہ اقوام کے طور طریقے اپنانے پر فخر محسوس کرتا ہے وہ اطوار اخلاقی لحاظ سے بھلے کتنے ہی قبیح کیوں نہ ہوں۔ آپ عالم اسلام کے تاریخی اوراق کھنگال کر دیکھیں تو مسلمانوں کے عروج کا جلوہ آپ کی آنکھوں کو خیرہ کر کے رکھ دے گا۔

ایک وہ زمانہ تھا کہ جب عالم اسلام کی درسگاہوں میں پڑھنا اہل یورپ کیلئے باعث فخر ہوا کرتا تھا اور مسلمانوں کا لباس استعمال کرنا قابل قدر اور عربی زبان سیکھنا وجہ خوشی و شادمانی ہوا کرتا تھا۔ ایک آج کا دور ہے جو کہ یکسر الٹ چکا ہے۔ آج ہم کیمرج و آکسفورڈ میں پڑھنے کیلئے کوشاں ہیں تو انگریزی لباس استعمال کرنے کیلئے بے چین۔ ہمارے روایتی کھانوں کی جگہ سینڈوچ، چائنیز پیزا اور برگر آگئے ہیں تو داڑھی کی جگہ فرنچ کٹ یا کلین شیو نے لے لی ہے۔ میں فی الحال جائز و ناجائز کی بات نہیں کر رہا بلکہ ایک زوال پذیر اور ترقی یافتہ معاشرے کی تقابلی تصویر پیش کر رہا ہوں۔

آج کا نوجوان یورپی معاشرہ کی تقلید میں بڑی تیزی سے محو سفر ہے۔ اور اس محویت میں وہ حرام وحلال سے یکسر ناواقف ہے۔ اور بعض لوگ تو اس ناواقفیت کو دور کرنے کے چکر میں بھی نہیں پڑتے کہ یہ تو مولویوں کی گھر سے نکالی ہوئی باتیں ہیں۔ اور بعض لوگ اس جائز و ناجائز کو جاننے کی کوشش تو کرتے ہیں لیکن ان کا ذہن یہ ہوتا ہے کہ جو ہم چاہتے ہیں وہ جائز



Marfat.com

ہو اور باقی سب ناجائز۔ بہر حال بہت کم لوگ بچتے ہیں جو شریعت کی اتباع میں زندگی گزارنے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔

انہی معاملات میں سے ایک معاملہ منگیتر کے ساتھ تعلق کا ہے۔ اس کی شرعی حدود تو آپ اس کتاب میں پڑھ لیں گے مگر قابل افسوس بات یہ ہے کہ ہم بلا تأمل ان غلطیوں کا ارتکاب کر رہے ہیں جن کا شکار یورپی معاشرہ ہے۔ آج ہم Understanding کے نام پر اپنے بیٹے یا بیٹی کو منگیتر کے ساتھ گھومنے کی اجازت دیتے ہیں تو ایسے میں شریعت کی یاد کیوں نہیں آتی؟ ہم اپنا مسلمان ہونا کیوں بھول جاتے ہیں۔ اپنے آپ کو سیکولر کہلانے والوں سے کیا کہنا ہمیں تو گلہ ان سے ہے جو مسلمان ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی تہذیب و تمدن کو فخر سے بیان کرتے ہیں۔ ہم تو شکوہ کناں ان سے ہیں جو اسلامی معاشرے کی زوال پذیری پر خون کے آنسو روتے ہیں اور بے خبری یا چشم پوشی سے ایسی چیزوں کا ارتکاب کر بیٹھتے ہیں جو اسلامی تہذیب و تمدن کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہیں۔

علامہ محمد عرفان طریقتی صاحب نے اس اہم موضوع پر قلم اٹھایا ہے اور تحقیق کے ساتھ قرآن و حدیث اور فقہاء امت کے اقوال سے اس موضوع کی شرعی حیثیت کو بیان کیا ہے۔ طریقتی صاحب ماہنامہ بہار اسلام کے مدیر ہونے کے ساتھ ساتھ اچھے لکھاری ہیں۔ ان کی حالیہ تحریروں سے ان کے مستقبل کا افق بڑا واضح و روشن دکھائی دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس کاوش کو قبول فرمائے، انہیں اجر جزیل عطا فرمائے اور ان کی سوچ، علم اور قلم میں برکتیں عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الکریم صلی اللہ علیہ وسلم

(صاحبزادہ) حافظ عرفان اللہ

خادم جامعہ جیلانیہ رضویہ لاہور کینٹ



Marfat.com

# ﴿عرضِ مؤلف﴾

اللہ رب العزت خالق کائنات جل مجدہ الکریم، قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے۔

''وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۔(۱) یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ اس نے تمہی میں سے تمہارے لئے بیویاں بنائیں تاکہ تم ان سے سکون حاصل کرو۔ اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور رحمت کو رکھ دیا، بے شک اس میں غور و فکر کرنے والی قوم کیلئے نشانیاں ہیں۔

حدیث رسول ﷺ کے الفاظ ہیں۔''لم تر للمتحابين مثل النكاح '' یعنی نکاح سے بڑھ کر دو اجنبیوں میں محبت پیدا کر دینے والا کوئی رشتہ دیکھنے میں نہیں آیا۔(۲)

شکوک و شبہات کی گنجائش ختم ہو جاتی ہے اس جگہ کہ دو اجنبی انسان جب رشتۂ ازدواج میں بندھتے ہیں تو ان کے درمیان محبت و الفت کی راہیں کھل جاتی ہیں۔ جو چند لمحے قبل ایک دوسرے سے لاتعلق اور اجنبی ہوتے ہیں حتیٰ کہ ان کا ایک دوسرے کو دیکھنا تک حرام و ناجائز ہوتا ہے، اس بندھن میں بندھتے ہی ایک دوسرے کے دیوانے اور عزتوں کے رکھوالے بن جاتے ہیں۔

(۱) القرآن، سورۃ الروم، آیت: 21

(۲) سنن ابن ماجہ، کتاب النکاح حدیث نمبر: 1847

المستدرک للحاکم، جلد: 2، صفحہ: 190 حدیث نمبر 2734، بالفاظ ''مثل التزوج''

سنن کبریٰ للبیہقی، جلد: 7، صفحہ: 124، حدیث نمبر: 13452

سنن صغریٰ للبیہقی، حدیث نمبر: 2347



Marfat.com

دین اسلام ایک فطرتی دین ومذہب ہے جس کا مقصد انسانوں کو پُر سکون زندگی مہیا کر کے شکر کے طور پر خالق کائنات اللہ رب العالمین کے سامنے جھکانا ہے۔ انسان کی زندگی کے جنت یا جہنم ہونے کا ادراک حقیقتاً اس وقت ہوتا ہے جب اس کو رشتہٴ ازدواج سے منسلک کر دیا جاتا ہے۔ اگر اس کا شریک حیات اس کا ہم ذہن ہے تو وہ اس کا ہمدم وہمقدم بن کر اس کی زندگی کو جنت آفرین بنا دیتا ہے۔ اور اگر خدانخواستہ ان کے مابین ذہنی ہم آہنگی پیدا نہ ہو سکے تو ان کے گناہوں کی سزا انہیں دنیا میں ہی ملنا شروع ہو جاتی ہے۔ انسان مرد ہو یا عورت اسے ہم آہنگ شریک زندگی ہی رشک آفریں حیات مہیا کر سکتا ہے۔

اوپر بیان کی گئی آیت کریمہ میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے کہ حقیقتاً زندگی سے لطف اندوز ہونے کیلئے اور سکون پانے کیلئے اللہ تعالیٰ نے انسان کا جوڑا بنایا ہے۔ بیوی، اپنے شوہر سے اور شوہر اپنی بیوی سے سکون اور راحت پاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان کے مابین محبت ومودت اور رحمت والفت جیسی نعمت کو رکھا ہے۔

شادی کے بعد محبت والفت، کے دلوں میں گھر کرنے کے اہم ترین امور میں سے ایک یہ ہے کہ جب مرد وعورت ایک دوسرے سے نکاح کرنا چاہیں تو نکاح سے قبل ان کو ایک دوسرے کی مکمل معرفت حاصل ہو اور وہ ایک دوسرے کے خیالات سے واقف ہوں۔ تاکہ نکاح کے بعد ان میں کسی بات پر پیچیدہ اختلافات پیدا نہ ہو سکیں۔ اور ان کی زندگی مکمل طور پر خوشیوں اور راحتوں کی جنت بنی رہے۔

خوشگوار انسانی زندگی کا مدار خوشگوار ازدواجی زندگی ہے۔ ازدواجی زندگی کو دائمی محبت میں ڈبونے اور اس رشتے کو ہمیشہ قائم ودائم رکھنے کیلئے اسلام کی آفاقی تعلیمات پر عمل ناگزیر ہے۔ دین اسلام ہی ہمیں ایسے قواعد وضوابط بتاتا ہے جن کے ذریعے ہم اس رشتے کو پائیدار اور مستحکم کر سکتے ہیں۔



Marfat.com

اسلامی تعلیمات کا مطالعہ کیا جائے تو پیغمبرِ اسلام خاتم الانبیاء حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی سیرت مبارکہ سے ہمیں ازدواجی زندگی کو دائمی محبت سے لبریز کرنے کے زریں اصول ملتے ہیں۔ مثال کے طور پر یہی لے لیں کہ جس عورت سے شادی کرنے کا ارادہ ہو شادی سے قبل اس عورت کو دیکھنا، اس سے گفتگو کرنا وغیرہ تاکہ اس کے طور اطوار، حسن گفتار اور طبیعت ملنسار کا اندازہ ہو سکے۔ اور اگر اس عورت کی عادات و روایات مزاج سے میل کھاتی ہوں تو عقدِ نکاح کر کے شادی کر لی جائے۔

## میں نے اس موضوع کو کیوں منتخب کیا؟:

نکاح یا شادی کوئی جز وقتی معاملہ نہیں ہے بلکہ تاحیات ایک دوسرے کے سنگ زندگی گزارنے کا ایک مقدس معاہدہ ہوتا ہے۔ جب ہم نے کوئی چیز خریدنی ہو تو ہم اس کے متعلق ہر طرح کا اطمینان کرتے ہیں تاکہ ہمیں کوئی نقصان نہ ہو سکے اور ہماری لائی ہو چیز کثیر مدت تک ہمارے لئے سکون کا سبب بنی رہے۔ آج ہم اگر ایک عام سا موبائل فون خریدنے لگیں تو پہلے اس کا وارنٹی ٹائم پوچھتے ہیں کہ کتنی مدت تک اس کے درست چلنے کی ضمانت دی جاتی ہے اور پھر اس فون کو خریدتے ہیں۔ اور نکاح شادی کا معاملہ تو اس سے کئی گنا زیادہ اہمیت کا حامل ہوتا ہے کیونکہ اس میں کثیر مدت یا قلیل وقت کا مسئلہ نہیں بلکہ تاحیات سکون و راحت حاصل کرنے کا معاملہ ہوتا ہے۔

ہم جس جگہ بیٹھتے ہیں وہاں روزانہ بیسیوں لوگ اپنے مسائل شیئر (Share) کرنے اور ان کا حل تلاش کرنے کیلئے آتے ہیں۔ میں نے بہت سے لوگوں کو کہتے ہوئے سنا کہ "ہماری بیٹی کو طلاق ہو گئی" "ہماری بہن من پسند شادی کرنا چاہتی ہے" "ہماری بچی نے ہماری پسند کے رشتے سے انکار کر دیا" "ہماری بہو ہم سے لڑتی جھگڑتی ہے" وغیرہ۔ یہ وہ



Marfat.com

مسائل ہیں جو آج ہر گھر میں کسی نہ کسی صورت میں موجود رہتے ہیں۔اس کی دیگر وجوہات کے ساتھ ساتھ اہم ترین وجہ یہ بھی ہے کہ ہم اپنی بہنوں یا بیٹیوں کو ان کی پسند پوچھے بغیر اپنی مرضی سے جہاں چاہتے ہیں بیاہ دیتے ہیں۔اور وہاں جب لڑکا اور لڑکی کا مزاج نہیں ملتا ان کی عادات و روایات ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہیں، ان کی سوچ دوسرے کے مخالف

ہوتی ہے تو اس کا نتیجہ ''طلاق'' کی صورت میں سامنے آتا ہے۔

اس بات میں شک تو نہیں کیا جا سکتا ہے کہ والدین ہمیشہ اپنی اولاد کا بھلا چاہتے ہیں مگر والدین کو چاہیے کہ اپنی بچے یا بچی کی شادی کرنے سے قبل اس کی رائے پوچھیں اس کی پسند نہ پسند کو جانیں اس کے ذہن کے مطابق اس کو شریکِ زندگی مہیا کریں کیونکہ زندگی تو بہر حال اسی نے گزارنی ہے۔جب لڑکا یا لڑکی بالغ ہو جاتی ہے تو اسے اپنی پسند سے جائز طریقے کے ساتھ شادی کرنے کا مکمل حق حاصل ہے جس پر قرآن وسنت کے واضح احکامات کتابوں میں موجود ہیں۔حتیٰ کہ اگر کسی لڑکی کا نکاح بچپن میں پڑھ دیا جائے تو بلوغت کے بعد اسے حق حاصل ہے کہ اس رشتے سے انکار کر دے۔

ہم اپنی اولاد کیلئے اس وقت تک خوشیاں نہیں خرید سکتے جب تک ہم اسلام کے سنہری اصولوں پر کاربند نہ ہو جائیں اور انہیں اصولوں کی بنیاد پر اپنی اولاد کی شادی بیاہ کا اہتمام نہ کریں۔اس کے بارے میں شریعت اسلام اجازت دیتی ہے کہ جب کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی کرنی ہو تو اسے اس کا منگیتر دکھایا جائے اور ان کی آپس میں گفتگو کرائی جائے (اور یہ ملاقات تنہائی میں نہ ہو) اگر ان کی طبیعت ایک دوسرے سے ملے تو شادی کر دی جائے اور اگر خدانخواستہ ایسا نہ ہو تو کسی دوسری جگہ پر تلاش کیا جائے۔

ہمارے معاشرے میں لوگ اس مسئلہ میں افراط وتفریط کا شکار ہیں۔کچھ لوگوں نے تو لڑکے لڑکی (منگیتروں) کو اس قدر چھوٹ دے رکھی ہے کہ ان کے باہم ملنے جلنے پر کوئی



Marfat.com

پابندی نہیں ہے۔ وہ اکٹھے کھاتے پیتے ہیں، سیر کو جاتے ہیں، خوش گپیاں لگاتے ہیں اور بالآخر شیطان کی آشیر باد سے حدودِ شرم وحیا کو روندتے ہوئے ''حرامستان'' میں داخل ہو جاتے ہیں۔ اور دوسری جانب لوگوں نے لڑکے اور لڑکی کو بالکل بے اختیار اور مجبورِ محض بنا رکھا ہے کہ جس جگہ والدین نے رشتہ طے کر دیا وہیں نکاح کرنا ان پر واجب سمجھا جاتا ہے۔ اگر کسی نے زبانِ انکار کھولی تو گویا خاندانی رسوم ورواج اور بے بنیاد روایات کو داؤ پر لگا دیا۔ اس کیلئے گھر کے تو کیا دل تک کے دروازے بند کر لئے جاتے ہیں، حتیٰ کہنے والے یہ کہنے سے بھی نہیں چوکتے کہ ''تم ہماری اولاد ہی نہیں ہو''

الختصر یہ کہ دونوں باتیں اسلامی تعلیمات اور انسانی اقدار کے خلاف ہیں۔ اسلام نہ تو مرد وعورت کو اس قدر آزادی دیتا ہے کہ وہ کھلے بندوں دعوتِ گناہ دیتے پھریں اور نہ اس قدر مجبور کرتا ہے کہ جہاں چاہیں بغیر سوچے سمجھے باندھ دیں۔ بلکہ اسلام نے مرد وعورت کو اختیار دیا ہے کہ اگر کسی سے نکاح کرنے کا ارادہ ہو تو نکاح سے قبل وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھیں، پسند کریں، اگر ذہنیت ملے اور دل میں محبت پیدا ہو اور باہم زندگی گزارنا آسان محسوس ہو تو نکاح کر لیں ورنہ احترام کے ساتھ رستے جدا کر لئے جائیں۔

اس وقت دنیا میں دن بدن بڑھتے ہوئے طلاق کے مسائل اور گھروں میں ہونے والی دھینگا مستیوں، لڑائی جھگڑوں اور غیرت کے نام پر کیے جانے والے قتلوں کو دیکھتے ہوئے میں نے اس موضوع کو ترتیب دینے کا فیصلہ کیا تاکہ لوگ اس مسئلہ میں اسلامی نقطۂ نظر کو سمجھ سکیں اور مجھے یقین ہے کہ اگر ان قواعد وضوابط کے مطابق شادیاں ہونے لگیں جن کو اسلام نے پیش کیا ہے تو مذکورہ برائیاں بالکل نہیں تو آدھے سے زیادہ ضرور ختم ہو جائیں گی۔

اس موضوع پر تحقیق کرتے ہوئے مجھے چند ایسی کتب عربی زبان میں جن کا موضوعِ سخن یہی مسئلہ تھا مگر وہ بہت مختصر تھیں اور ان کے ذریعے تشنگی نہیں بجھائی جا سکتی تھی۔ تو



Marfat.com

میں نے ان کتابوں سے راہنمائی لیتے ہوئے مزید مواد اکٹھا کرنے کی کوشش کی اور اس کا نتیجہ اس وقت آپ کے سامنے ہے۔

اس کتاب کو تصنیف کرتے ہوئے جن کتابوں سے میں نے بالواسطہ یا بلا واسطہ استفادہ کیا ہے ان کی فہرست کتاب کے آخری صفحات پر موجود ہے۔ ساتھ اس مکتبے یا مطبع کا نام دے دیا ہے جہاں سے وہ پرنٹ ہوئی ہے تاکہ حوالہ تلاش کرنے میں آسانی ہو سکے۔

مجھے اپنی کم علمی کا اعتراف ہے لہٰذا اس مسئلہ پر ہر کسی کو دلائل کی روشنی میں اختلاف کا حق حاصل ہے۔ اس کتاب میں اگر کوئی دل لگتی بات ملے تو بلاشک و ریب وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب رسول حضرت سیدنا محمد ﷺ کی ہی طرف سے ہے اور اگر کوئی خطا یا غلطی ہے تو بلا تردد وہ اس فقیر کا کارنامہ سمجھا جائے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کو اپنی بارگاہِ مقدس سے پروانۂ قبولیت بخشے اور میرے لئے میرے والدین، اساتذہ، شیوخ، دوست واحباب اور تمام امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے لئے نجاتِ اخروی کا سبب بنائے۔ آمین

الفقیر الی اللہ عبد ذوالمنن

محمد عرفان طریقتی القادری

مدیر ماہنامہ ہمارا اسلام لاہور



Marfat.com

# مقدّمهٔ مؤلف

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ وَاُصَلِّیْ وَاُسَلِّمُ عَلٰی حَبِيْبِهٖ خَاتَمِ النَّبِيّٖنَ اِمَامِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَمَلْجَانَا وَمَاْوٰنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

موجودہ زمانہ میں ازدواجی زندگی میں خوشی ایک مسئلہ بن کر رہ گئی ہے۔لڑائی جھگڑے،شک وشبہ اور آپس کے اختلافات روزانہ کا معمول بن گئے ہیں۔اگر حساب لگایا جائے تو کم از کم نوے فیصد لوگ غیر مطمئن نظر آئیں گے۔اور عجب نہیں کہ ہمارے ملک میں بھی اور ملکوں کی طرح طلاقوں کی شرح روز بروز بڑھتی چلی جائے۔ایسا کیوں ہے؟ کیوں نہ ہم ایک دوسرے کو قصوروار ٹھہرانے کی بجائے زندگی کے اس اہم پہلو پر اچھی طرح غور کریں اور دیکھیں کہ اس کی اہم وجہ کیا ہے؟اور یہ کیسے دور کی جا سکتی ہے۔

آج کل غیر شادی شدہ زندگی بسر کرنے کے موافقین کی تعداد بھی بڑھتی جا رہی ہے حالانکہ یہ بالکل ہی بے بنیاد بات ہے۔ازدواجی زندگی کی خرابیوں کو دور کرنے کا علاج یہ نہیں ہے کہ سرے سے شادی ہی نہ کی جائے۔دور بھاگنے سے اس کے مسئلے حل نہیں ہونگے۔اس کا واحد حل اسلامی نظامِ زندگانی کے اصولوں کو اپنانا ہے۔اسلام نے اس ضمن میں بھی ہمیں محروم نہیں کیا بلکہ ایسے قواعد وضوابط کا ایک حسین گلدستہ پیش کیا ہے جسے زندگی کے گلبن میں سجانے سے خوشگواریت کی مانندی مانندی خوشبوئیں زندگی کو معطر بنا سکتی ہے۔اپنے شریک حیات کو چننے کیلئے اسلام کے پیش کردہ اصولوں پر ایک نظر ڈالئے۔

**اسلام میں شادی کی اہمیت:**



Marfat.com

انسان میں فطری طور پر جنسی میلان موجود ہے۔اس کے چند ایک شواہد ملاحظہ فرماتے چلیں۔فرمانِ خداوندی ہے:

”ھُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ وَّجَعَلَ مِنْھَا زَوْجَھَا لِیَسْکُنَ اِلَیْھَا(۱) “

وہ ذات جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور پھر اس سے اس کی بیوی بنائی تا کہ وہ اس سے (فطری) سکون حاصل کرے۔

اسی طرح ایک اور مقام پر فرمانِ خداوندی ہے:

”رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ(۲)“

اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کی ہم میں طاقت نہیں ہے۔

شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں،اس آیت کریمہ میں جس کمزوری کا ذکر کیا گیا ہے:

بعض مفسرین کے مطابق اس سے قوتِ شہوانی (جنسی میلان) مراد ہے۔(۳)

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

”اِعْلَمْ اَنَّ شَھْوَۃَ الْفَرْجِ اَعْظَمُ الشَّھَوَاتِ وَاَرْھَقُھَا لِلْقَلْبِ،مُوْقِعَۃٌ فِیْ مَھَالِکَ کَثِیْرَۃٍ (۴)“

واضح ہو! کہ جنسی میلان کی خواہش،سب خواہشات سے زیادہ قوی ہوتی ہے۔اس

---

(۱)......القرآن ، سورۃ الاعراف ، آیت نمبر:189

(۲)...... القرآن ،سورۃ البقرۃ، آیت نمبر:286

(۳)...... عوارف المعارف اردو ، للشیخ سہروردی، صفحہ:327

(٤)......حجۃ اللہ البالغۃ، جلد:2،صفحہ:192



Marfat.com

کا زیادہ غلبہ دل پر ہوتا ہے جو انسان کو بڑی بڑی ہلاکتوں میں ڈال دیتی ہے۔

انسان میں پائے جانے والے جنسی میلان سے انکار نہیں کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اس سے نظریں چرائی جا سکتی ہیں۔ انسان (مرد و عورت) میں جنسی میلان اس قدر پیدا جاتا ہے کہ

اگر مرد و عورت کو پیدا کر کے مرد کے جسم کا کچھ حصہ مغرب میں اور عورت کے جسم کا کچھ حصہ مشرق میں رکھ دیا جاتا تو ان جسموں میں جنسی میلان کی اتنی کشش رکھی گئی ہے وہ سرکتے سرکتے آخر ایک دوسرے سے مل جاتے۔(۵)

یہ حقیقت تو عیاں ہو چکی کہ انسان میں جنسی جذبہ آخری حدوں تک موجود ہے مگر اس تمہید کا مقصد یہ ہے کہ انسان میں پائے جانے والے جنسی جذبے کی تسکین کس طور کی جا سکتی ہے۔ طب جدید کی تحقیق کے مطابق جنسی جذبہ ایک بنیادی جذبہ ہے جو شاید ذاتی حفاظت کے جذبے سے بھی زیادہ بنیادی اور قوی ہے اسے دبانے کی کوشش اسے برگشتہ اور بیمار کر دیتی ہے مگر جڑ سے نہیں اکھاڑ سکتی۔ اس گمبھیر مسئلے کے حل میں بھی ہمارے مذہب نے ہمیں مایوس نہیں کیا اور ہماری صحیح سمت راہنمائی فرمائی ہے۔ دین اسلام کے مطابق جب کوئی مرد یا عورت بالغ ہو جاتی ہے تو جہاں تک جلد ممکن ہو سکے ان کا نکاح کر دینا چاہئے۔ تاکہ وہ اس جذبے کا غیر فطری طریقوں سے اظہار کر کے اپنی بدبختی کی دلدل میں گرنے سے محفوظ رہیں۔

غیر شادی شدہ مردوں اور عورتوں کا نکاح کر دینے کے متعلق اللہ رب العزت قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے

"وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَائِكُمْ (۶)"

(۵) مدخل الشرع، جلد 1 صفحہ 245

(۶) القرآن سورۃ النور، آیت نمبر 32



Marfat.com

اپنے بے نکاح مردوں اور عورتوں کا نکاح کر دو اور اپنے با صلاحیت غلاموں اور لونڈیوں کا بھی۔

اسی طرح احادیث مقدسہ میں رسول اسلام حضرت سیدنا محمد ﷺ نے بھی نکاح کی ترغیب دلائی ہے۔اور نہ صرف نکاح کرنے کا حکم ارشاد فرمایا بلکہ اس پر دین و دنیا کی بھلائی کا مژدہ بھی ارشاد فرمایا۔آیئے چند احادیث کا مطالعہ کرتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''يَامَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ (۷)''

(۷)……سنن النسائی ، جلد:6،صفحہ:56-57

صحیح بخاری مع فتح الباری ، جلد:9،صفحہ:106

صحیح مسلم مع شرحہ النووی ، جلد:9،صفحہ:172

سنن ابی داؤد مع شرحہ عون المعبود ، جلد:6،صفحہ:39-41

جامع الترمذی مع شرحہ تحفة الاحوذی ، جلد: 4،صفحہ:199

سنن ابن ماجہ ،جلد:1،صفحہ:566-567

سنن الدارمی ، جلد:2،صفحہ:57

مسند امام احمد ، جلد:1،صفحہ:424-425-432

المصنف لعبد الرزاق، حدیث نمبر:10380

المصنف لابن ابی شیبہ ،جلد:6،صفحہ:8حدیث نمبر:16142

المعجم الکبیر للطبرانی ، جلد:10،حدیث نمبر:10168

سنن بیہقی ،جلد:7،صفحہ:122،حدیث نمبر:13446

شرح السنة للبغوی ، جلد:9،صفحہ:3،حدیث نمبر:2236 ……>



Marfat.com

اے نوجوانوں کے گروہ! تم میں سے جو نکاح کی قوت رکھتا ہو اسے شادی کر لینی چاہئے کیونکہ یہ آنکھوں کو نیچا رکھنے اور شرمگاہ کی حفاظت کرنے میں زیادہ اہمیت کی حامل ہے اور جو نکاح کی قوت نہ رکھتا ہو، اس پر روزے رکھنے ضروری ہیں کیونکہ روزہ اس کی شہوت کو کم کرنے کا ذریعہ ہے۔

حضرت عبید بن سعد، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

''مَنْ اَحَبَّ فِطْرَتِیْ فَلْیَسْتَنَّ بِسُنَّتِیْ وَمِنْ سُنَّتِیْ النِّکَاحُ (۸)''

جو میرے طریقے سے محبت رکھتا ہے اسے میری سنت پر چلنا چاہئے اور نکاح کرنا میری سنت میں سے ہے۔

حضرت ابونجیح، نبی کریم ﷺ سے مرسلا روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

''مَنْ کَانَ مُوْسِرًا لِاَنْ یَنْکِحَ وَلَمْ یَنْکِحْ فَلَیْسَ مِنَّا (۹)''

جسے نکاح کرنے کی طاقت میسر ہو اور وہ پھر بھی نکاح نہ کرے وہ ہمارے طریقہ پر

<...... سنن کبری للنسائی ، جلد:5 صفحہ:149

تاریخ بغداد للخطیب، جلد:3 صفحہ:156

المنتقی لابن جارود مع غوث المکدور ،جلد:3 صفحہ:15

(۸)...... مجمع الزوائد، جلد:4 صفحہ:462

مسند ابی یعلی موصلی ، حدیث نمبر:2748

سنن بیہقی، کتاب النکاح ،جلد:7 صفحہ:124

(۹) مجمع الزوائد،جلد:4 صفحہ:462

المعجم الکبیر للطبرانی ، جلد:22 صفحہ:366

المعجم الاوسط للطبرانی ،حدیث نمبر:993

سنن بیہقی، کتاب النکاح ،جلد:7 صفحہ:125

Marfat.com

نہیں ہے۔

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"اَرْبَعٌ مِنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِیْنَ: اَلْحَیَآءُ وَالتَّعَطُّرُ وَالسِّوَاکُ وَالنِّکَاحُ (۱۰)"

چار چیزیں اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ رسولوں کی سنت ہیں۔(۱)......حیاء (۲)......خوشبو لگانا (۳)......مسواک کرنا (۴)......نکاح

## نکاح، کثرتِ رزق کا ضامن اور دین ودنیا کی بھلائی کا وسیلہ ہے:

خالق لم یزل ارشاد فرماتا ہے:

"وَاَنْکِحُوا الْاَیَامٰی مِنْکُمْ وَالصّٰلِحِیْنَ مِنْ عِبَادِکُمْ وَاِمَآئِکُمْ اِنْ یَّکُوْنُوْا فُقَرَآءَ یُغْنِہِمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۔(۱۱)"

اپنے بے نکاح مردوں اور عورتوں کا نکاح کردو اور اپنے باصلاحیت غلاموں اور لونڈیوں کا بھی، اگر وہ فقیر ہیں تو اللہ تعالیٰ انہیں اپنے فضل سے غنی (مالدار) کردے گا اور اللہ تعالیٰ وسعت والا بہت جاننے والا ہے۔

اس آیت کریمہ کی تفسیر میں علامہ شیرازی فرماتے ہیں۔

"یَعْنِیْ لَا یَمْنَعُکُمْ فَقْرُ الْخَاطِبِ اَوِ الْمَخْطُوْبَۃِ مِنَ الْمُنَاکَحَۃِ فَقَالَ تَعَالٰی اِنْ خِفْتُمْ عَیْلَۃً فَسَوْفَ یُغْنِیْکُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ اِنْ شَآءَ (۱۲)"

---

(۱۰)......سنن الترمذی، کتاب النکاح، الباب الاول، حدیث نمبر:1080

شرح السنة للبغوی، جلد:9، صفحہ:5

تلخیص الحبیر جلد:1، صفحہ:66

(۱۱)...... القرآن الکریم، سورۃ النور، آیت نمبر:132 ......>



Marfat.com

یعنی تمہیں شادی کرنے والے مرد یا عورت کی تنگدستی ان کی شادی سے روک نہ دے (کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) اگر تمہیں تنگدستی کا خوف ہے تو اللہ تعالیٰ اگر چاہے گا تو تم کو اپنے فضل سے مالدار کر دے گا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے۔

"اَطِیْعُوْا مَا اَمَرَکُمْ بِہٖ مِنَ النِّکَاحِ یَنْجُزْ لَکُمْ مَّا وَعَدَکُمْ مِّنَ الْغِنٰی (۱۳)"

اللہ تعالیٰ نے جو نکاح کا حکم فرمایا ہے اس کی پیروی کرو، تو اللہ تعالیٰ نے جو مالدار کر دینے کا وعدہ فرمایا ہے وہ جلد پورا فرمائے گا۔

علامہ طبری فرماتے ہیں۔

"اِنْ یَّکُنْ ھٰٓؤُلَآءِ الَّذِیْنَ تُنْکِحُوْنَھُمْ مِنْ اَیَامٰی رِجَالِکُمْ وَنِسَآءِ کُمْ وَعَبِیْدِکُمْ وَ اِمَاءِ کُمْ اَھْلَ فَاقَۃٍ وَّ فَقْرٍ فَاِنَّ اللّٰہَ یُغْنِیْھُمْ مِّنْ فَضْلِہٖ فَلَا یَمْنَعُکُمْ فَقْرُھُمْ مِنْ اِنْکَاحِھِمْ (۱۴)"

اپنے جن غیر شادی شدہ مردوں، عورتوں، غلاموں یا لونڈیاں کا تم نے نکاح کرنا ہے، اگر وہ فقر و فاقہ کی زندگی بسر کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ (نکاح کے سبب) ان کو مالدار کر دیگا لہذا تمہیں ان کے فقر کی وجہ سے نکاح ترک نہیں کرنا چاہئے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

"اِلْتَمِسُوْا الْغِنٰی فِی النِّکَاحِ (۱۵)"

(۱۲)...... جامع البیان فی تفسیر القرآن، جلد:3، صفحہ:120

(۱۳)......المرجع السابق

(۱٤) جامع البیان فی تاویل آی القرآن (تفسیر طبری)، جلد:17، صفحہ:274 >



Marfat.com

نکاح میں مالداری (رزق) تلاش کرو۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''مَنْ تَزَوَّجَ ثِقَةً بِاللّٰهِ وَاحْتِسَابًا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّعِيْنَهٗ وَاَنْ يُّبَارِكَ لَهٗ (١٦)''

جو اللہ تعالیٰ پر یقین رکھتے ہوئے ثواب کی نیت سے شادی کرے تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اس کی (ہر طرح سے) مدد کرے اور اسے شادی میں برکت عطا فرمائے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''ثَلَاثَةٌ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى عَوْنُهُمْ : اَلْمُكَاتِبُ يُرِيْدُ الْاَدَآءَ وَ النَّاكِحُ يَبْغِي الْعَفَافَ وَ الْمُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (١٧)''

---

(١٥)...... تفسیر طبری، جلد:17صفحہ:275

الدر المنثور للسیوطی، جلد:11صفحہ:42

(١٦)...... مجمع الزوائد معہ بغیۃ الرائد، جلد:4صفحہ:472

المعجم الصغیر للطبرانی، حدیث نمبر:737

(١٧)...... سنن النسائی، جلد:6صفحہ:61

سنن الترمذی معہ تحفۃ الاحوذی، جلد:5صفحہ:296

سنن ابن ماجہ، جلد:2صفحہ:105

المصنف لعبد الرزاق، جلد:5صفحہ:259

مسند احمد، جلد:2صفحہ:251

المستدرک للحاکم، جلد:2صفحہ:190

حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، جلد:8صفحہ:388

شرح السنۃ للبغوی، جلد:9صفحہ:7



Marfat.com

تین شخص ہیں جن کی مدد کرنا اللہ تعالیٰ پر حق ہے۔(۱)......مکاتب غلام جو اپنی رقم کو ادا کرنا چاہتا ہے۔ (۲)......عفت و پاکدامنی کی نیت سے شادی کرنے والا۔(۳)......اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''مَنْ اَرَادَ اَنْ یَّلْقَی اللّٰهَ طَاهِرًا مُّطَهَّرًا فَلْيَتَزَوَّجِ الْحَرَائِرَ (۱۸)''

جو شخص اللہ تعالیٰ سے پاک صاف ہو کر ملنا چاہے اسے باکباز عورتوں سے شادی کر لینی چاہئے۔

ان کے علاوہ بھی متعدد احادیث ہیں جن میں مسلمانوں کو نکاح کرنے کی ترغیب دلائی گئی ہے۔اور اپنے جنسی جذبات کے فطری اظہار کیلئے نکاح جیسی نعمت تفویض فرمائی۔ شادی کے ذریعے فحاشی وعریانی اور بے راہروی کے طوفان کے سامنے بند باندھا جاتا ہے ۔نکاح ہی ہے جو انسان کو جنسی جذبات کے غیر اخلاقی اور غیر فطری اظہار سے منع کرتے ہوئے، صحیح میں راہنمائی کرتا ہے۔

نکاح کی وجہ سے جہاں جنسی سکون و اطمینان مہیا ہوتا ہے وہاں اس کے ذریعے روحانی فیوض و برکات میں بھی اضافہ اور زیادتی پیدا ہوتی ہے۔اور کے برعکس غیر شادی شدہ آدمی کی عبادت میں لطف اور روحانی تسکین ختم ہوتی چلی جاتی ہے۔حضرت امام عبد الوہاب شعرانی فرماتے ہیں:

اگر چہ ہم بزرگی کے اعلیٰ مقام پر ہی کیوں نہ فائز ہوں لیکن تجرد (غیر شادی شدہ زندگی) ہرگز اختیار نہ کریں۔کیونکہ جو شادی نہیں کرتا،اس کی عبادت بالکل ناقص ہوتی ہے بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ نماز بھی پڑھ رہے ہوتی ہیں اور ان کی خفتہ خیزش بھی بیدار ہوتی

(۱۸) ... مشکوٰۃ المصابیح،جلد:2،صفحہ:930،حدیث نمبر:3094



Marfat.com

ہے۔(۱۹)

اسی طرح حضرت شیخ الشیوخ تاجدارِ سہروردیہ شیخ شہاب الدین سہروردی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

تجرد کی حالت (غیر شادی شدہ زندگی) میں کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جنسی جذبات کی آگ علم کے نور کو جلا دیتی ہے۔(۲۰)

## بیوی تلاش کرنے میں اسلامی احکامات:

فرمانِ خداوندی ہے۔

''هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِیَسْكُنَ اِلَیْهَا(۲۱)''

وہ ذات جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور پھر اس سے اس کی بیوی بنائی تاکہ وہ اس سے سکون حاصل کرے۔

آیت کریمہ واضح طور پر بتا رہی ہے کہ بیوی آدمی کیلئے سکون کا باعث ہوتی ہے۔ لیکن جب لوگ بیوی تلاش کرنے میں غلط رخ اختیار کرتے ہیں تو یہ سکون کا سبب بنے والی ہستی ان کیلئے دوزخ کے عذاب کی جھلک بن جاتی ہے۔

ہمارے پیارے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ازدواجی زندگی کی بہتری کی طرف توجہ کرواتے ہوئے اپنی امت کو اچھی صفات و عادات کی حامل خواتین سے شادی کرنے کا حکم ارشاد فرمایا کیونکہ شادی کے ذریعے ایک پورے خاندان کی بنیاد رکھی جاتی ہے اور شادی ہی

(۱۹)......عہود محمدیہ ،صفحہ:134

(۲۰)......عوارف المعارف اردو

(۲۱)......القرآن ، سورۃ الاعراف ، آیت نمبر:189



Marfat.com

کے ذریعے اولاد جیسی نعمت کا حصول ہوتا ہے جس کی اچھی تربیت انسان کو دنیا و آخرت کی آسودگی مہیا کرتی ہے۔ اور اولاد کی بہترین تربیت کیلئے ایک سلیقہ شعار دیندار خاتون سے ہی شادی سود مند ہو سکتی ہے۔ آج لوگ رشتہ تلاش کرتے وقت، مال و دولت، حسن و جمال، خاندانی حسب ونسب اور عزت و تکریم والی خاتون کو فوقیت دیتے ہیں مگر کبھی کسی نے یہ نہیں دیکھا کہ جس لڑکی سے رشتہ طے کیا جا رہا ہے، وہ شرعی پردہ بھی کرتی ہے یا نہیں؟ صوم وصلوٰۃ کی پابند بھی ہے یا نہیں، والدین کی فرمانبردار بھی ہے یا نہیں؟۔ ہر چند کے مال و دولت، حسن وجمال وغیرہ صفات بھی کچھ نہ کچھ اہمیت رکھتی ہے مگر انہیں بنیاد بنا کر کسی سے شادی کرنا ممنوع ہے اور اگر کوئی آدمی دینداری کی بنیاد پر کسی سے نکاح کرتا ہے تو خالق کائنات اسے دیگر چیزوں سے بے نیاز کر دیتا ہے۔ فرمانِ مصطفیٰ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ہے

"مَنْ تَزَوَّجَ اِمْرَأَةً لِعِزِّهَا لَمْ يَزِدْهُ اللّٰهُ اِلَّا ذُلًّا وَمَنْ تَزَوَّجَهَا لِمَالِهَا لَمْ يَزِدْهُ اللّٰهُ اِلَّا فَقْرًا وَمَنْ تَزَوَّجَهَا لِحُسْنِهَا لَمْ يَزِدْهُ اللّٰهُ اِلَّا دِنَاءَةً وَمَنْ تَزَوَّجَ اِمْرَأَةً لَمْ يُرِدْ بِهَا اِلَّا اَنْ يَغُضَّ بَصَرَهُ وَ يُحَصِّنَ فَرْجَهُ اَوْ يَصِلَ رَحِمَهُ بَارَكَ اللّٰهُ لَهُ فِيْهَا وَبَارَكَ لَهَا فِيْهِ (۲۲)"

جو شخص کسی عورت سے اس کی عزت کی وجہ سے شادی کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس آدمی کو ذلت دے گا اور جو کسی عورت سے اس کے مال کی وجہ سے شادی کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس آدمی کو غربت میں مبتلا کر دے گا اور جو کسی سے عورت سے اس کے حسن کی وجہ سے شادی کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے ذلیل کر دے گا اور جو کسی عورت سے صرف اس وجہ شادی کرے کہ اپنی نظر کی حفاظت کر سکے اور اپنی شرمگاہ کی حفاظت کر سکے یا صلہ رحمی کیلئے کسی عورت سے شادی کر

---

(۲۲) مجمع الزوائد مع بغیة الرائد، جلد:4،صفحہ:467

المعجم الاوسط للطبرانی، حدیث نمبر:2527



Marfat.com

لے تو اللہ تعالیٰ دونوں میاں بیوی کو برکت عطا فرمائے گا۔

یعنی اگر کوئی آدمی مال و دولت یا حسن و جمال کی بجائے خود کو گناہوں سے بچانے کیلئے کسی خاتون سے شادی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے عزت بھی دے دیتا ہے اور مال و دولت بھی۔ حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''تَزَوَّجُوا النِّسَآءَ يَأْتِيْنَكُمْ بِالْأَمْوَالِ (۲۳)''

عورتوں سے شادی کرو وہ تمہارا مال بڑھانے کا ذریعہ بن جائیں گی۔

کسی عورت سے شادی کرنے میں جن صفات کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہئے، ان میں سے چند صفات حسب ذیل ہیں۔

**پہلی صفت، دینداری:**

جس خاتون سے شادی کی جائے اس کو دیندار ہونا چاہئے۔ امانت داری، کتاب اللہ کی حافظہ ہونا اور اسکے شرعی احکام کی عالمہ ہونا بھی اسی میں شامل ہے۔

''تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ لِأَرْبَعٍ لِمَالِهَا وَلِحَسَبِهَا وَلِجَمَالِهَا وَلِدِيْنِهَا فَاظْفَرْ بِذَاتِ الدِّيْنِ تَرِبَتْ يَدَاكَ (۲۴)''

---

(۲۳)……مجمع الزوائد مع بغیة الرائد، جلد:4، صفحہ:469، حدیث نمبر:7330

مسند البزاز، حدیث نمبر:1402

(۲٤)……سنن النسائی، جلد:6، صفحہ:68

صحیح للبخاری معہ فتح الباری، جلد:9، صفحہ:132

صحیح للمسلم مع النووی، جلد:10، صفحہ:51

سنن ابی داؤد مع عون المعبود، جلد:2، صفحہ:42

سنن ابن ماجہ، جلد:1، صفحہ:572 ……>



Marfat.com

کسی خاتون سے چار چیزوں کی بنا پر شادی کی جاتی ہے۔(۱)......اس کے مال کی وجہ سے (۲)......اس کے خاندان کی وجہ سے (۳)......اس کی خوبصورتی کی وجہ سے (۴)......اور اس کی دینداری کی وجہ سے۔ (پھر فرمایا) تیرے ہاتھ خاک آلود ہوں تم دینداری کو فوقیت دو۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"اِنَّ الدُّنیَا کُلَّھَا مَتَاعٌ وَخَیْرُ مَتَاعِ الدُّنْیَا الْمَرْاَۃُ الصَّالِحَۃُ (۲۵)"

دنیا ساری کی ساری فائدہ ہے اور دنیا کا بہترین فائدہ نیک بیوی ہے۔

---

......> سنن الدارمی ، جلد:2،صفحہ:58

مسند احمد ،جلد:2،صفحہ:428

سنن الدار قطنی ،جلد:3،صفحہ:231

حلیۃ الاولیاء لابی نعیم ،جلد:8،صفحہ:383

شرح السنۃ للبغوی ، جلد:9،صفحہ:8-7

(۲۵)......صحیح للمسلم مع النووی، جلد:10،صفحہ:56

سنن النسائی ،جلد:6،صفحہ:69

سنن ابن ماجہ ، جلد:1،صفحہ:571

مسند احمد ، جلد:2،صفحہ:166

السنن الکبریٰ للبیہقی ، جلد:7،صفحہ:128

شرح السنۃ للبغوی ،جلد:9،صفحہ:11

السنن الصغریٰ للبیہقی ، حدیث نمبر:2350



Marfat.com

## دوسری صفت، کنواری ہونا:

شادی کے لئے عورت کی دوسری صفت کنواری ہونا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے کنواری لڑکی سے شادی کرنے کو پسند فرمایا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ:

"سَأَلَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ هَلْ تَزَوَّجْتَ ؟ قُلْتُ نَعَمْ ، قَالَ بِمَنْ ؟ قُلْتُ بِفُلَانَةِ بِنْتِ فُلَانٍ بِأَيِّمٍ كَانَتْ بِالْمَدِيْنَةِ قَالَ ((فَهَلَّا بِكْرًا تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ وَتُضَاحِكُهَا وَتُضَاحِكُكَ)) (٢٦)"

مجھے رسول اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا تم نے شادی کر لی ہے، میں نے عرض جی ہاں! فرمایا، کس سے؟ میں نے عرض کیا فلاں کی بیٹی سے، وہ مدینہ میں غیر شادی شدہ تھی (بیوہ تھی) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ایسا کیوں نہ کیا کہ کسی کنواری لڑکی سے شادی کرتے، تم

(٢٦)......صحیح للبخاری مع فتح ، جلد:9،صفحہ:121

صحیح للمسلم مع النووی ،جلد:10،صفحہ:56

سنن ابی داؤد مع عون المعبود،جلد:6،صفحہ:43

سنن النسائی ،جلد:6،صفحہ:61

سنن الترمذی مع تحفہ ،جلد:4،صفحہ:224-225

سنن ابن ماجہ ،جلد:1،صفحہ:573

سنن الدارمی ، جلد:2،صفحہ:70

مسند احمد ،جلد:3،صفحہ:221

مسند حمیدی ، جلد:2، صفحہ:514

سنن بیہقی ،جلد:7،صفحہ:129

شرح السنۃ للبغوی ،جلد:9،صفحہ:14-15



Marfat.com

تم اس سے کھیلتے وہ تم سے کھیلتی اور تم اس کو ہنساتے وہ تم کو ہنساتی۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

"عَلَیْکُمْ بِالْاَبْکَارِ فَاِنَّھُنَّ اَعْذَبُ اَفْوَاھًا وَاَنْتَقُ اَرْحَامًا وَاَرْضٰی بِالْیَسِیْرِ (۲۷)"

تمہیں کنواری لڑکیوں سے شادی کرنی چاہیے [illegible] والی اور آسانی سے راضی ہو جانے والی ہوتی ہیں

ان روایات میں کنواری لڑکی سے شادی [illegible]

[illegible]

حوالہ جات

[illegible]

Marfat.com

تیسری صفت یہ ہے کہ وہ زیادہ بچے جننے والی ہو، اوراس کا اندازہ اس کی والدہ یا شادی شدہ بہن کو دیکھ کر لگایا جاسکتا ہے۔حدیث پاک میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''تَزَوَّجُوْا الْوَدُوْدَ الْوَلُوْدَ فَاِنِّیْ مُکَاثِرٌبِکُمْ (۲۹)''

محبت کرنے والی اور زیادہ بچے جننے والی سے شادی کرو کیونکہ میں (قیامت کے روز) تمہاری (کثرت کی) وجہ سے (دیگر امتوں پر) فخر کروں گا۔

## چوتھی صفت:

اہم صفات میں سے چوتھی صفت یہ ہے کہ وہ خاتون فرمانبردار اور باہمت ہو اور اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ وہ اپنے والدین، بھائی بہن اور اساتذہ وغیرہ کی کتنی فرماں بردار ہے۔اگر وہ ان کی فرماں بردار ہے تو یقیناً اپنے شوہر نامدار کی خدمت گزار بھی ضرور ہوگی۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا، کونسی عورت اچھی ہے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

(۲۹)...... سنن النسائی ،جلد:6،صفحہ:66-65

سنن ابی داؤد مع عون المعبود،جلد:6،صفحہ:47

سنن ابن ماجه ، کتاب النکاح ،حدیث نمبر:1846

مسند احمد ،جلد:3،صفحہ:158

الصحیح لا بن حبان،حدیث نمبر:1229

السنن الکبریٰ للبیهقی ، جلد:9صفحہ:131

حلیة الاولیاء لابی نعیم،جلد:3،صفحہ:62-61

شرح السنة للبغوی ،جلد:9،صفحہ:16



Marfat.com

"الَّتِیْ تَسُرُّهٗ اِذَا نَظَرَ اِلَیْھَا وَتُطِیْعُهٗ اِذَا اَمَرَھَا وَلَا تُخَالِفُهٗ فِیْ نَفْسِھَا وَ لَا مَالِھَا (۳۰)"

جس کو شوہر دیکھے تو اسے اچھی لگے، اگر حکم دے تو فرمانبرداری کرے اور اپنی جان و مال میں شوہر کی مخالفت نہ کرے۔

**پانچویں صفت:**

پانچویں صفت اس کا امانت دار اور عفت مآب ہونا ہے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"ثَلَاثَةٌ مِّنَ السَّعَادَةِ وَثَلَاثَةٌ مِّنَ الشَّقَاءِ فَمِنَ السَّعَادَةِ الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ تَرَاھَا فَتُعْجِبُكَ وَتَغِیْبُ عَنْھَا فَتَاْمَنُھَا عَلٰی نَفْسِھَا وَمَالِكَ (۳۱)"

تین چیزوں سعادت میں سے ہیں اور تین چیزیں بدبختی میں سے ہیں۔ سعادت والی چیزوں میں سے ایک نیک عورت ہے، کہ جب تو اسے دیکھے تو تجھے اچھی لگے اور جب تو (اسے گھر میں چھوڑ کر) کہیں چلا جائے تو وہ اپنی (عزت اور جان کی) حفاظت کرے اور تیرے مال کی بھی محافظ رہے۔

ان صفات کے علاوہ اپنے ماحول اور خاندان کے حوالے سے دیگر صفات بھی پیش نظر رکھی جا سکتی ہے مگر مذکورہ صفات کو فوقیت دی جائے تو زندگی کے خوشگوار اور پرسکون ہونے کی ضمانت دین اسلام دیتا ہے۔

(۳۰)......السنن الکبریٰ للبیہقی۔ جلد 7 صفحہ 131

السنن الکبریٰ للنسائی۔ جلد 5 صفحہ 161

(۳۱)......المستدرک للحاکم۔ جلد:2 صفحہ:192



Marfat.com

## شوہر کی صفات:

جس طرح لڑکی تلاش کرنے میں اس کی عادات وصفات پر نظر کی جاتی ہے اسی طرح لڑکے کے طور اطوار کا جاننا بھی اہمیت کا حامل ہے۔ ہمارے مذہب نے اس ضمن میں بھی ہمیں مایوس نہیں کیا، بلکہ ایسی صفات بیان کی ہیں جن کی رعایت کرنے سے مثالی شوہر کو تلاش کیا جا سکتا ہے۔

اس ضمن میں مختصر اور جامع فرمان ہمارے پیارے محبوب حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کا ہے۔ آپ علیہ السلام کا فرماتے ہیں:

''اِذَا جَآءَ کُمْ مَّنْ تَرْضَوْنَ دِیْنَهٗ وَخُلُقَهٗ فَاَنْکِحُوْهُ، اِلَّا تَفْعَلُوْا تَکُنْ فِتْنَةٌ فِی الْاَرْضِ وَفَسَادٌ عَرِیْضٌ (۳۲)''

جب تمہارے پاس کوئی ایسا آدمی آئے جس کی دینداری اور اخلاق حسنہ سے تم راضی ہو، تو ان سے (اپنی بیٹیوں کا) نکاح کر دو اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو دنیا میں فتنہ اور بہت بڑا فساد ہو جائے گا۔

اس حدیث پاک میں ایک مثالی شوہر میں دینداری اور اخلاق حسنہ جیسی صفات کے پائے جانے کو بیان کیا گیا ہے۔ ایسا شخص اگر اپنی بیوی سے محبت کرے گا تو اس کی عزت و تکریم بجالائے گا اور اگر خدانخواستہ وہ اسے محبت نہ کرے تو اس کی اہانت اور بے عزتی سے گریز کرے گا۔

---

(۳۲)...... جامع الترمذی مع تحفه، جلد:4، صفحه:204

سنن ابن ماجه، جلد:1 صفحه:606-607

المستدرك للحاكم، جلد:2، صفحه:196

تاریخ بغداد، جلد:11 صفحه:61

Marfat.com

آج مال و دولت کے پجاری عزت و احترام اور دینداری سے بڑھ کر دھن دولت کو اہم خیال کرتے ہیں جس کا خمیازہ انہیں بہر حال بھگتنا پڑتا ہے۔ اسلامی نقطہ نگاہ سے بہر وہ شخص مثالی شوہر ثابت ہو سکتا ہے جو دیندار، اخلاق حسنہ کے زیور سے مزین، پیار محبت سے پر، قابل اعتماد، نفس کش، خوف خدا اور شرم مصطفیٰ ﷺ رکھتا ہو۔

آج اگر ہم لوگ اسلامی طریقہ زندگی کو اپنا لیں تو ہر گھر امن و آشتی کا گہوارہ بن سکتا ہے۔ اپنے خاندان کی صحیح تربیت وانشا کیلئے اسلام کے وضع کردہ اصولوں کو اپنائیے۔ ازدواجی زندگی کے بہترین لمحات کا راز اسی میں مضمر ہے۔ نکاح و شادی کی اہمیت کا اندازہ آپ نے گذشتہ اوراق کو پڑھنے سے لگا لیا ہوگا، نکاح سے قبل جن ضروری مسائل سے سامنا ہوتا ہے اس میں سے اہم ترین مسئلہ کسی قابل لڑکے یا لڑکی کی تلاش ہے۔ آئیے اس مسئلہ کے متعلق اسلامی نظریات کا مطالعہ کرتے ہیں۔ میں یقین کی حد تک امید ہے اگر اس کتاب میں مذکور احکامات کو ملحوظ رکھتے ہوئے رشتے طے کرنے شروع کر دیے جائیں تو نہ صرف پر سکون زندگی گزاری جا سکتی ہے بلکہ آئے دن کے بڑھتے ہوئے طلاقوں کے رجحان، غیرت کے نام پر ہونے والے قتلوں گھروں میں ہونے والے لڑائی جھگڑوں سے بھی چھٹکارا حاصل کیا جا سکتا ہے۔

محمد عرفان طریقتی القادری

مدیر ماہنامہ بہار اسلام لاہور

☆☆☆☆☆☆☆



Marfat.com

# آغازِ

# کتاب



Marfat.com

# پہلا باب

☆......مخطوبہ کی تعریف

☆......اسے دیکھنے سے کیا مراد ہے؟

☆......مخطوبہ کو دیکھنے کا حکم کیا ہے

☆☆☆☆☆☆



Marfat.com

## مخطوبہ کی تعریف:

''مَخْطُوْ بَۃ'' عربی کے لفظ ''خِطْبَۃ'' سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں ''
نکاح کا پیغام دینا'' جیسا کہ قرآن پاک میں فرمانِ باری تعالیٰ ہے......
وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا عَرَّضْتُم بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنتُمْ فِي أَنفُسِكُمْ
......(۳۳)

یعنی تم پر کوئی گناہ نہیں ہے کہ تم عدت والی عورتوں کو اشارۃً نکاح کا پیغام دو یا
دلوں میں چھپائے رکھو۔ (۳۴)

اس آیت مبارکہ میں ''خِطْبَةِ النِّسَآءِ'' کا لفظ استعمال ہوا جس کا معنی ہے ''
نکاح کا پیغام دینا۔'' تو ''مخطوبہ'' کا معنی ہوا کہ وہ عورت جس کو نکاح کا پیغام دیا جائے۔
''خَاطِبْ'' اس مرد کو کہتے ہیں جس نے نکاح کا پیغام دیا ہو۔

یہاں کے طریقہ کار کے مطابق ''خِطْبَۃ'' کو منگنی، ''مَخْطُوْ بَۃ'' کو منگیتر (لڑ
اور ''خَاطِب'' کو منگیتر (لڑکا) کہہ سکتے ہیں۔

## مخطوبہ (منگیتر) کو دیکھنے سے کیا مراد ہے:

جب میں نے اس کتاب کو تالیف کرنا شروع کیا تو بہت سے لوگوں نے وقتاً فو
دریافت کیا کہ ''جناب کب تک یہ کتاب آجائے گی۔'' ''ابھی کتنی رہ گئی ہے'' وغیرہ خصو
نوجوان طبقہ تو بہت ہی خوش فہم ہو رہا تھا، شاید ان کی سوچ تھی کہ ہمہ وقتی زیارت کا شر

(۳۳) القرآن الکریم، سورۃ البقرۃ، آیت: 235

(۳٤) المفردات للامام راغب اصفهانی، صفحہ: 150

Marfat.com

مل ہونے والا ہے یا بے وقوفی کی حد تک ٹیلی فونک رابطے کی دلیلیں میسر آنے والی ہیں۔
ج ہر شخص اپنی خطا کو تسلیم کرنے اور اس کا ازالہ کرنے کی بجائے اپنی خطا اور غلطی کی دلیل
مل کرنا چاہتا ہے۔ اس کے پیش نظر، یہ وضاحت کرنا بہت ضروری ہے کہ آیا منگیتر کو دیکھنے
ہ کیا مراد ہے۔

مخطوبہ کو دیکھنے سے مراد یہ ہے کہ اس سے ملاقات کی جائے، شرم وحیاء کی پاسداری
ستے ہوئے اس کے ان اعضاء کو دیکھا جائے جو عام طور پر عادۃً ظاہر رہتے ہیں مثلاً ہاتھ
چہرہ وغیرہ، پھر اس سے گفتگو کی جائے تا کہ اس کے حسن گفتار اور اس کی سوچ کی بلندیوں یا
کی پستیوں کا اندازہ لگایا جا سکے۔ اس کے علاوہ دیگر عادات کا بغور جائزہ لیا جائے جن کی بنا
دمی اس سے شادی کر کے خوش رہ سکتا ہے۔ یہ بات ذہن نشین رہے کہ دیکھنے کا حکم صرف
د کیلئے نہیں، بلکہ عورت کو بھی دیکھنے کی اجازت ہے کہ جس مرد سے اس کا نکاح ہو رہا ہے اس
طبیعت اور عادات واطوار کیا ہیں اور کیا میں اس کے ساتھ نکاح کر کے اچھی زندگی گزار سکتی
ں یا نہیں۔ یاد رہے کہ ملاقات بند کمرے میں نہیں کی جائے گی، اور اگر ایسی کوئی ضرورت
و کسی محرم یا تمیز دار بچے کی موجودگی میں ملاقات کی جا سکتی ہے۔ (اس کی مزید وضاحت
ندہ صفحات میں آئے گی)

## لوبہ کو دیکھنے کا حکم:

مخطوبہ کو دیکھنے کے جواز پر تمام اہل علم کا اتفاق ہے۔ البتہ اکثر علماء وفقہاء نے اسے
ستحب" کہا ہے جبکہ بعض اسے صرف "مباح" کہتے ہیں۔ کچھ علماء سے عدمِ جواز بھی
دل ہے جس کا تذکرہ آئندہ صفحات میں آئے گا۔



Marfat.com

## دوسرا باب

# مخطوبہ کو دیکھنے کے دلائل

☆......رؤیتِ مخطوبہ قرآن مجید کی روشنی میں

☆......رؤیتِ مخطوبہ احادیث کے روشنی میں



Marfat.com

## رؤیتِ مخطوبہ، قرآن مجید کی روشنی میں:

کس عورت سے شادی کرنی چاہئے؟ اس کے متعلق قرآن مجید میں اللہ رب العزت کا فرمانِ اقدس ہے۔

فَانكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ .(۳۵)

یعنی عورتوں میں سے جو تمہیں اچھی لگیں ان سے نکاح کرو، دو دو سے، تین تین سے، چار چار سے۔

آیت مذکورہ میں ''مَا طَابَ لَكُمْ'' سے کیا مراد ہے؟ اس کے بارے میں علامہ آلوسی رقمطراز ہیں......

اَلْمُرَادُ بِمَا طَابَ لَكُمْ مَا مَالَتْ لَهُ نُفُوْسُكُمْ وَاسْتَطَابَتْهُ ۔(۳۶)

یعنی ''مَاطَابَ لَكُمْ'' سے مراد وہ عورتیں ہیں جن کی طرف تمہارے دل مائل ہوں اور انہیں پسند کرتے ہوں۔

گویا مذکورہ آیت مبارکہ میں ان عورتوں سے نکاح کا حکم دیا گیا ہے جن کی طرف دل مائل ہوں اور انہیں پسند کریں۔ اور دل کے مائل ہونے اور کسی کو پسند کرنے کے ذرائع میں سے ایک ذریعہ دیکھنا بھی ہے کیونکہ نظر کا تعلق دل کے ساتھ ہے(۳۷) جب ہم کسی چیز کو دیکھتے ہیں تو دل میں اس کیلئے محبت یا نفرت کے جذبات جنم لیتے ہیں۔ لہذا ہر ذی شعور آدمی پر روشن ہے کہ جب تک کسی عورت کو دیکھا نہ ہو، اس کے طور طریقے کا علم نہ ہو، اس کے رہن سہن کے معاملات سے لاعلمی ہو، اس کے حسن اخلاق اور حسن کلام سے ناواقفیت ہو، تب

(۳۵)۔۔ القرآن الکریم، سورۃ النساء، آیت:3

(۳۶)۔۔۔ روح المعانی، جلد:2 صفحہ:543

(۳۷)۔۔۔ التفسیر الکبیر لابن تیمیہ، جلد:5، صفحہ:414



Marfat.com

تک اس کے اچھا لگنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔کسی بھی شخصیت کے اچھا لگنے میں اس کے حسن اور حسنِ معاملات کو دیکھا جاتا ہے تب ہی طبیعت اس کی طرف مائل ہوتی ہے۔

کچھ مفسرین نے ''مَاطَابَ لَکُم '' سے ''مَا حَلَّ لَکُمْ '' مراد لیا ہے۔یعنی ان عورتوں سے نکاح کرو جو تمہارے لئے حلال ہیں۔لیکن یہ معنی لینا ضعیف ہے۔امام فخر الدین رازی،فرماتے ہیں۔

''وَ فِیْ تَفْسِیْرِ "مَاطَابَ" بِمَا حَلَّ نَظَرٌ وَذَالِكَ اَنَّ قَوْلَهٗ تَعَالٰی "فَانْكِحُوْا" اَمْرُ اِبَاحَةٍ فَلَوْ كَانَ الْمُرَادُ بِقَوْلِهٖ "مَاطَابَ لَكُمْ" اَیْ مَاحَلَّ لَكُمْ لَتَنَزَّلَتِ الْاٰیَةُ مَنْزِلَةَ مَایُقَالُ اَبَحْنَا لَكُمْ نِكَاحَ مَنْ یَكُوْنُ نِكَاحُهَا مُبَاحًا لَكُمْ وَذَالِكَ یُخْرِجُ الْاٰیَةَ عَنِ الْفَائِدَةِ وَیُصَیِّرُهَا مُجْمَلَةً لَا مُحَالَةَ اِمَّا اِذَا حَمَلْنَا "طَابَ" عَلٰی اسْتِطَابَةِ النَّفْسِ وَمَیْلِ الْقَلْبِ كَانَتِ الْاٰیَةُ عَامَّةً دَخَلَهَا التَّخْصِیْصُ وَقَدْ ثَبَتَ فِیْ اُصُوْلِ الْفِقْهِ اَنَّهٗ اِذَا وَقَعَ التَّعَارُضُ بَیْنَ الْاِجْمَالِ وَالتَّخْصِیْصِ كَانَ رَفْعُ الْاِجْمَالِ اَوْلٰی لِاَنَّ الْعَامَ الْمُخَصَّصَ حُجَّةٌ فِیْ غَیْرِ مَحَلِّ التَّخْصِیْصِ وَالْمُجْمَلُ لَا یَكُوْنُ حُجَّةً اَصْلًا'' (۳۸)

''مَاطَابَ '' کی تفسیر ''مَا حَلَّ'' سے کرنے میں نظر ہے۔اور یہ اس لئے کہ فرمانِ باری تعالیٰ ''فَانْکِحُوْا '' اباحت کیلئے ہے پس اگر ''مَاطَابَ لَکُم '' سے مراد ''مَاحَلَّ لَکُمْ'' لیا جائے تو اس آیت کا معنی بنتا ہے'' اَبَحْنَا لَکُمْ نِکَاحَ مَنْ یَکُوْنُ نِکَاحُهَا مُبَاحًا لَکُمْ '' (یعنی جن کے ساتھ نکاح کرنا تمہارے لئے حلال ہے،ہم نے ان سے نکاح کرنا تمہارے لئے حلال کر دیا) اور یہ مفہوم آیت کو فائدہ سے خارج کر دیتا ہے اور اسے مجمل بنا دیتا ہے۔لیکن اگر ''طَابَ '' کو نفس کی پسندیدگی اور میلانِ قلب پر محمول کریں تو یہ آیت عام

(۳۸) مفاتیح الغیب المعروف بالتفسیر الکبیر للرازی، جزء:10،صفحہ:141



Marfat.com

ہو جائے گی جس میں تخصیص بھی داخل ہے۔ اور اصولِ فقہ میں یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ جب اجمال اور تخصیص کے مابین تعارض واقع ہو تو اجمال کو رفع کرنا اولیٰ ہوتا ہے۔ کیونکہ عام مخصوص (ایسا عام حکم جس میں سے کسی کو خاص کیا جائے) غیرِ محلِ تخصیص میں حجت ہے اور اجمال تو بالکل ہی حجت نہیں ہوتا۔

اس عبارت کا سادہ سا مفہوم یہ ہے کہ "مَاطَابَ لَكُمْ" سے مراد وہ عورتیں ہیں جن کی طرف دل کا میلان ہو اور آدمی ان کو پسند کرتا ہو۔ اگر یہ معنی نہ لیا جائے تو آیت میں "مَاطَابَ" کو ذکر کرنے کا کوئی فائدہ نظر نہیں آتا کیونکہ اگر یہی معنی بیان کرنا مقصود ہو کہ جو عورتیں تمہارے لئے حلال ہیں ان سے نکاح کرو تو اس کیلئے "اَبَاحَ" اور "حَلَّ" کے الفاظ بھی استعمال ہو سکتے ہیں۔ لیکن آیت میں خاص طور سے "طَابَ" (پسندیدگی) کو ذکر کرنا یہی بتاتا ہے کہ آیت میں صرف حلت بیان کرنا مقصود نہیں بلکہ دلی میلان اور پسندیدگی کو بیان کرنا مقصود ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

امام ثعالبی نے بھی امام رازی کی اس تقریر کو نقل کیا ہے اور اس کے بعد فرماتے ہیں "وَهُوَ حَسَنٌ" (۳۹) یعنی اس آیت کی یہ تفسیر کرنا زیادہ اچھا ہے۔

مذکورہ آیت کی تفسیر میں علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی علیہ الرحمہ، اوپر ذکر کئے گئے مفہوم کو بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں......

وَلِهٰذَا سُنَّ لِلْخَاطِبِ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى وَجْهِ الْمَخْطُوْبَةِ وَكَفَّيْهِمَا قَبْلَ النِّكَاحِ اِجْمَاعاً۔ (۴۰)

اسی لئے نکاح کا پیغام بھیجنے والے کیلئے بالاجماع سنت یہ ہے کہ نکاح سے پہلے مخطوبہ کا چہرہ اور ہاتھ دیکھ لے۔

---

(۳۹) الجواھر الحسان فی تفسیر القرآن للثعالبی، جلد:2، صفحہ:163

(۴۰) تفسیر مظھری، جلد:2، صفحہ:215

Marfat.com

## رؤیتِ مخطوبہ احادیث کی روشنی میں:

(1) ... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، آپ فرماتے ہیں

كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَأَخْبَرَهُ ﷺ أَنَّهُ تَزَوَّجَ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ أَنَظَرْتَ إِلَيْهَا؟ قَالَ لَا ، قَالَ فَاذْهَبْ فَانْظُرْ إِلَيْهَا فَإِنَّ فِي أَعْيُنِ الْأَنْصَارِ شَيْئًا ۔(٤١)

میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر تھا کہ ایک آدمی نے آ کر حضور انور ﷺ کو بتایا کہ اس نے ایک انصاری خاتون سے شادی (منگنی) کر لی ہے۔ آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا تو نے اسے دیکھا ہے؟ اس آدمی نے عرض کیا نہیں، فرمایا جاؤ اس کو دیکھ لو بے شک انصار کی آنکھوں میں کچھ ہے۔

(2). حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ......

إِنَّ امْرَأَةً جَاءَتْ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ جِئْتُ لِأَهَبَ لَكَ نَفْسِي فَنَظَرَ إِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَصَعَّدَ النَّظَرَ إِلَيْهَا وَصَوَّبَهُ ثُمَّ طَأْطَأَ رَأْسَهُ فَلَمَّا رَأَتِ الْمَرْأَةُ أَنَّهُ لَمْ يَقْضِ فِيهَا بِشَيْءٍ جَلَسَتْ فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقَالَ أَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ إِنْ لَمْ تَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيهَا ۔(٤٢)

(٤١) .. الصحيح للمسلم ، كتاب النكاح ، حديث نمبر :2552

سنن النسائي ، كتاب النكاح ، حديث نمبر :3182

مسند احمد ،باقي مسند المكثرين ،حديث نمبر :7506, 7638

(٤٢) الصحيح للبخاری ، كتاب النكاح ،حديث نمبر:473

الصحيح للمسلم، كتاب النكاح ، حديث نمبر :2554

سنن النسائي ،كتاب النكاح ،حديث نمبر:3228

Marfat.com

یعنی ایک عورت رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اور عرض کیا، یا رسول اللہ ﷺ میں اپنے آپ کو آپ علیہ السلام کیلئے ہبہ کرنے کیلئے حاضر ہوئی ہوں۔ آپ ﷺ نے اس عورت کو اوپر سے لیکر نیچے تک ملاحظہ فرمایا، پھر اپنے سرانور کو جھکالیا۔ جب اس عورت نے دیکھا کہ آپ ﷺ نے اس کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں فرمایا تو وہ بیٹھ گئی۔ کچھ دیر کے بعد آپ ﷺ کے اصحاب میں سے ایک آدمی اٹھا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اگر آپ ﷺ کو اس عورت کی حاجت نہیں تو میرا نکاح اس کے ساتھ فرمادیجئے۔

(3)...... حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے ایک عورت سے شادی کرنے کا ارادہ کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا......

اِذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّهٗ اَحْرٰى اَنْ يُّؤْدَمَ بَيْنَكُمَا ۔(۴۳)

یعنی جاؤ اسے دیکھ لو کیونکہ یہ (دیکھنا) تمہاری باہمی محبت کے قائم رہنے کیلئے زیادہ مناسب ہے۔

(4) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اِذَا خَطَبَ اَحَدُكُمُ الْمَرْاَةَ فَاِنِ اسْتَطَاعَ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى مَا يَدْعُوْهُ اِلٰى نِكَاحِهَا فَلْيَفْعَلْ (۴۴)

---

(۴۳)...... سنن ابن ماجه، كتاب النكاح، حديث نمبر: 1856

جامع ترمذی، کتاب النکاح، حدیث نمبر: 1007

سنن النسائی، کتاب النکاح، حدیث نمبر: 3183

سنن الدارمی، کتاب النکاح، حدیث نمبر 2077

مسند احمد، جلد 4، صفحہ: 246

سنن البیهقی، جلد 7، صفحہ 84

المستدرک علی الصحیحین، جلد 2، صفحہ 165 (باقی اگلے صفحے پر) >

Marfat.com

یعنی جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو نکاح کا پیغام دے تو اگر اسے قدرت حاصل ہو کہ وہ اس عورت سے نکاح پر ابھارنے والی چیزوں کو دیکھے، تو وہ ضرور ایسا کرے۔

(5)...... حضرت محمد بن سلمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، آپ فرماتے ہیں کہ......

خَطَبْتُ امْرَأَةً فَجَعَلْتُ اَتَخَبَّأُ لَهَا حَتّٰى نَظَرْتُ اِلَيْهَا فِيْ نَخْلٍ لَهَا فَقِيْلَ لَهٗ اَتَفْعَلُ هٰذَا وَاَنْتَ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ "اِذَا اَلْقَى اللّٰهُ فِيْ قَلْبِ امْرِئٍ خِطْبَةَ امْرَأَةٍ فَلَا بَأْسَ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَيْهَا ـ(٤٥)

میں نے ایک عورت کو نکاح کا پیغام دیا پھر میں چھپ چھپا کر اس کے پیچھے گیا حتیٰ کہ میں نے اسے کھجور کے درخت کے نیچے دیکھ لیا۔ آپ سے پوچھا گیا کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ کا صحابی ہو کر بھی ایسا ہے؟ تو آپ نے فرمایا ہاں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ "جب اللہ تعالیٰ کسی کے دل میں کسی عورت سے شادی کرنے کا خیال ڈال دے تو اس کے لئے اس عورت کو دیکھ لینے میں کوئی حرج نہیں۔

(6)...... حضرت ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

---

(٤٤) سنن ابی داؤد، کتاب النکاح، حدیث نمبر:1783

مسند احمد، باقی مسند المکثرین، حدیث نمبر:14056

سنن البیھقی، جلد:7، صفحہ:84

المستدرك علی الصحیحین، جلد:2، صفحہ:165

المصنف لعبد الرزاق، جلد:6، صفحہ:457

(٤٥)...... سنن ابی ماجہ، جلد:1 صفحہ:159

مسند احمد، جلد:3، صفحہ:493

سنن البیھقی، جلد:7، صفحہ:85

Marfat.com

اِذَا خَطَبَ اَحَدُكُمْ امْرَأَةً فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَيْهَا اِذَا كَانَ اِنَّمَا يَنْظُرُ اِلَيْهَا لِخِطْبَتِهٖ وَاِنْ كَانَتْ لَا تَعْلَمُ۔(٤٦)

''جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو نکاح کا پیغام دے تو اسے عورت کو دیکھ لینے پر گناہ نہیں جبکہ وہ پیغامِ نکاح کیلئے ہی دیکھ رہا ہو اگرچہ عورت اس سے لاعلم ہو (کہ اسے کوئی دیکھ رہا ہے۔)

(7)..... حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے، آپ فرماتی ہیں

قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اُرِيْتُكِ فِي الْمَنَامِ يَجِيْءُ بِكِ الْمَلَكُ فِيْ سَرَقَةٍ مِنْ حَرِيْرٍ فَقَالَ لِيْ هٰذِهٖ امْرَأَتُكَ فَكَشَفْتُ عَنْ وَجْهِكِ الثَّوْبَ فَاِذَا اَنْتِ هِيَ فَقُلْتُ اِنْ يَّكُ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ يُمْضِهٖ۔(٤٧)

یعنی مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تمہاری صورت مجھے خواب میں دکھائی گئی تھی، ایک فرشتہ ریشم میں لپیٹے ہوئے تمہیں میرے پاس لایا اور کہا یہ آپ (ﷺ) کی بیوی ہے۔ جب میں نے کپڑا اٹھایا تو وہ تم ہی تھی۔ پس میں نے دل میں کہا کہ اگر یہ اللہ کی طرف سے ہے تو ضرور ایسا ہو ہی گا۔

---

(٤٦)..... مسند احمد، جلد:5، صفحہ:424

مجمع الزوائد، جلد:4، صفحہ:286

(٤٧)..... صحیح بخاری، کتاب النکاح، حدیث نمبر:4732

صحیح مسلم، حدیث نمبر:2438



Marfat.com

تیسرا باب

# رؤیۃ مخطوبہ

## فقہاءِ مجتہدین کی نظر میں



Marfat.com

## رؤیتِ مخطوبہ فقہاءِ مجتہدین کی نظر میں:

ائمۂ اربعہ (امام اعظم ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد) سمیت دیگر مذاہب فقہیہ سے تعلق رکھنے والے عام اہل علم کے نزدیک کسی شخص کا اپنی مخطوبہ کو دیکھنا جائز ہے۔ اور اس میں کسی بھی اہل علم کا اختلاف نہیں، چنانچہ علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں۔

لَانَعْلَمُ بَیْنَ اَھْلِ الْعِلْمِ خِلَافًا فِیْ اِبَاحَۃِ النَّظْرِ اِلَی الْمَرْأَۃِ لِمَنْ اَرَادَ نِکَاحَھَا (۴۸)

یعنی جس عورت سے نکاح کا ارادہ ہو اس کی طرف دیکھنے میں اہل علم کے مابین کوئی اختلاف ہمارے علم میں نہیں۔

اور اکثر فقہاء نے اسے مستحب قرار دیا ہے، جیسا کہ آئندہ صفحات میں اس کا ذکر آرہا ہے۔ رؤیتِ مخطوبہ کے جواز و استحباب پر مسالک اربعہ اور دیگر فقہی مذاہب کے فقہاء کے فرامین حسب ذیل ہیں۔

## رؤیتِ مخطوبہ کے متعلق احناف کا موقف:

علامہ ابن نجیم حنفی المصری "کنز الدقائق" کی شرح "البحر الرائق" میں رقمطراز ہیں۔

"وَنَظْرُہٗ اِلٰی مَخْطُوْبَتِہٖ قَبْلَ النِّکَاحِ سُنَّۃٌ فَاِنَّہٗ دَاعِیَۃٌ لِلْاُلْفَۃِ (۴۹)"

یعنی مرد کا نکاح سے پہلے اپنے مخطوبہ کو دیکھنا سنت ہے، کیونکہ یہ (باہمی) محبت کا سبب ہے۔ اسی طرح النہر الفائق میں ہے۔

(۴۸)......المغنی لابن قدامہ حنبلی، جلد:9، صفحہ:490

رحمۃ الامۃ فی اختلاف الامۃ، لمحمد الدمشقی، صفحہ : 262

(۴۹) البحر الرائق، لابن نجیم المصری، جلد:3، صفحہ:144



Marfat.com

''اَلنَّظَرُ اِلَى الزَّوْجَةِ قَبْلَهٗ سُنَّةٌ (۵۰)''

یعنی نکاح سے قبل اپنی (ہونے والی) زوجہ کو دیکھنا سنت ہے۔

اسی طرح درمختار میں نکاح کے مستحبات میں ہے......

''وَالنَّظَرُ اِلَيْهَا قَبْلَهٗ۔(۵۱)''

یعنی نکاح سے قبل عورت کو دیکھ لینا مستحب ہے۔

درمختار کے حاشیہ ردالمحتار میں علامہ ابن عابدین فرماتے ہیں۔

''لَوْ اَرَادَ اَنْ يَّتَزَوَّجَ امْرَاَةً فَلَا بَاْسَ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَيْهَا۔(۵۲)''

یعنی اگر کسی عورت سے نکاح کا ارادہ ہو تو اس کی طرف دیکھ لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

ان کے علاوہ احناف کی دیگر کتب فقہ (۵۳) میں اس مسئلہ کی وضاحت موجود ہے۔

## رؤیت مخطوبہ میں شوافع کا موقف:

امام یحییٰ بن شرف النووی الشافعی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

''وَاِذَا قَصَدَ نِكَاحَهَا ...... سُنَّ نَظَرُهٗ اِلَيْهَا قَبْلَ الْخِطْبَةِ وَاِنْ لَّمْ تَاْذَنْ۔(۵۴)''

---

(۵۰) ......النهر الفائق ،جلد:2،صفحه:176

(۵۱)......الدر المختارمع الرد المحتار ،جلد:4،صفحه:67

(۵۲) ......الرد المحتار لابن العابدين الشامي، جلد:9،صفحه:532

(۵۳)......الهداية للمرغيناني ، جلد:4،صفحه:84

البدائع الصنائع، جلد:5،صفحه:122

تبيين الحقائق ،جلد:6،صفحه:18

(۵٤) ......منهاج الطالبين و عمدة المفتين للنووى، صفحه:372



Marfat.com

یعنی جب کسی عورت سے نکاح کا ارادہ ہو تو پیغام نکاح سے پہلے اسے دیکھنا سنت ہے اگرچہ عورت اجازت نہ دے۔

اسی طرح حجۃ الاسلام امام غزالی شافعی علیہ الرحمہ رقمطراز ہیں۔

''اَلْمَنْظُوْرُ اِلَیْهَا قَبْلَ النِّکَاحِ ،فَاِنَّهٗ اَحْرٰی اَنْ یُّؤْدَمَ بَیْنَهُمَا (۵۵)''

یعنی (نکاح کے مستحبات میں سے) نکاح سے پہلے عورت کو دیکھنا ہے کیونکہ یہ دونوں کی باہمی محبت کے دائمی ہونے کے زیادہ مناسب ہے۔

اسی طرح علامہ ابواسحاق ابراہیم بن علی فیروز آبادی فرماتے ہیں۔

''وَاِذَا اَرَادَ نِکَاحَ امْرَاَةٍ فَلَهٗ اَنْ یَّنْظُرَ وَجْهَهَا وَکَفَّیْهَا (۵۶)''

یعنی جب کوئی کسی عورت سے نکاح کا اردہ کرے تو اس کیلئے عورت کے چہرے اور ہاتھوں کا دیکھنا جائز ہے۔

ان کے علاوہ فقہ شافعی کی دیگر کتب (۵۷) میں اس مسئلہ کو وضاحتاً دیکھا جا سکتا ہے۔

---

(۵۵) ...الوجیز علی فقه الشافعی ، جلد :2،صفحه :6

(۵۶) المهذب ،جلد :2 صفحه :424

(۵۷) نهایة المحتاج ، جلد :6،صفحه :185

مغنی المحتاج ، جلد :3 صفحه :128

روضة الطالبین ،جلد :7،صفحه :19

تحفة المحتاج ،جلد :7 صفحه :190

رحمة الامة فی اختلاف الائمة ،صفحه :262



Marfat.com

## رؤیتِ مخطوبہ میں مالکیہ کا موقف:

فقہ مالکی کے جلیل القدر فقیہ اور قاضی، علامہ ابن الرشید الحفید رقمطراز ہیں۔

"وَاَمَّا النَّظْرُ اِلَی الْمَرْاَةِ عِنْدَ الْخِطْبَةِ ،فَاَجَازَ ذَالِكَ مَالِكٌ اِلَی الْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ فَقَطْ(۵۸)"

یعنی پیغامِ نکاح دیتے وقت عورت کے چہرے اور ہاتھوں کو دیکھنے کی امام مالک نے اجازت دی ہے۔

اسی طرح قاضی عبدالوہاب بن علی البغدادی المالکی تحریر فرماتے ہیں۔

"مَنْ اَرَادَ نِكَاحَ امْرَاَةٍ فَلَهٗ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَی وَجْهِهَا وَكَفَّيْهَا (۵۹)"

یعنی جو شخص کسی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہو اس کیلئے عورت کا چہرہ اور ہاتھ دیکھنا جائز ہے۔

فقہاءِ مالکیہ کی دیگر کتب (۶۰) میں اس مسئلہ کو دیکھا جا سکتا ہے۔

(۵۸) ...... بداية المجتهد ، جلد: 3،صفحہ:1238

(۵۹) الاشراف علی نکت مسائل الخلاف ،جلد:3،صفحہ:218

(۶۰) ......مواهب الجليل ،جلد:3،صفحہ:404

مختصر الخليل ،صفحہ:121

الخرشی علی الخليل ،جلد:3،صفحہ:166

شرح منح الجليل ،جلد:2،صفحہ:4

القوانين الفقهية،صفحہ:168

حاشية الدسوقی ،جلد:2،صفحہ:215 (باقی اگلے صفحے پر)



Marfat.com

## رؤیۃ مخطوبہ کے جواز میں حنابلہ کا موقف:

ابوالخطاب محفوظ بن احمد الکلوزانی رقمطراز ہیں۔

''وَيَجُوْزُ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يَتَزَوَّجَ بِامْرَأَةٍ اَنْ يَنْظُرَ اِلَى وَجْهِهَا (٦١)''

یعنی جو کسی عورت سے نکاح کرنا چاہے اس کیلئے عورت کا چہرہ دیکھنا جائز ہے۔

اسی طرح ابوالنجاء الحجاوی المقدسی تحریر کرتے ہیں۔

''وَيُسَنُّ ،وَقَالَ الْاَكْثَرُ يُبَاحُ لِوُرُوْدِهٖ بَعْدَ الْحَظْرِ لِمَنْ اَرَادَ خِطْبَةَ امْرَأَةٍ وَغَلَبَ عَلٰى ظَنِّهٖ اِجَابَتُهُ النَّظَرُ۔(٦٢)''

یعنی جو کسی عورت کو نکاح کا پیغام دینا چاہے اور اس کا غالب گمان ہو کہ عورت اس کے رشتے کو قبول کرلے گی، اس کے لئے عورت کو (نکاح سے پہلے) دیکھنا سنت ہے۔اور اکثر نے اسے مباح کہا ہے۔

---

......> شرح للزرقانی ، جلد:3،صفحہ:162

النظر فی احکام النظر لابن القطان ،صفحہ:386

الذخیرۃ ،جلد:4،صفحہ:191

الشرح الصغیر ،جلد:1 ،صفحہ:376و جلد:2،صفحہ:340

البیان والتحصیل ،جلد:4،صفحہ:304

اقرب المسالك لمذھب الامام مالك ،صفحہ:158

(٦١) الھدایۃ علی مذھب احمد، صفحہ:381مطبوعہ غراس

(٦٢)......الاقناع لطالب الانتفاع ، جلد:3،صفحہ:296



Marfat.com

ان کے علاوہ دوسری حنبلی و دیگر کتب فقہ (۲۳) میں مسئلہ کی وضاحت پیش کی گئی ہیں۔

ابن قدامہ کے علاوہ اصحاب ظواہر (۲۴) ابن منذر (۲۵) امام اوزاعی امام سفیان ثوری اور امام اسحاق (۲۶) کا بھی یہی موقف ہے۔

---

(۲۳) العمدة صفحہ:359

الكافي، جلد:2صفحہ:628

المغني جلد:9صفحہ:489

المقنع، جلد:3صفحہ:41

غاية المنتهى، جلد:3صفحہ: 2

الفروع، جلد:5صفحہ:151-152

الانصاف جلد:8صفحہ:16

الزركشي على الخرقي، جلد:5صفحہ:143

كشاف القناع جلد:5صفحہ:10

(۲۴) المحلى لابن حزم، جلد:10صفحہ:30-31

(۲۵) الاشراف لابن المنذر، جلد:1صفحہ:18-19

(۲۶) الاشراف لابن المنذر جلد:1صفحہ:19

معالم السنن للخطابي مع مختصر المنذري جلد:3صفحہ:26



Marfat.com

# چوتھا باب

☆......رؤیتِ مخطوبہ کے عدمِ جواز کے قائلین

☆......عدمِ جواز کے قائلین کے دلائل

☆......عدمِ جواز پر دلائل کے جوابات

Marfat.com

## عدمِ جواز کے قائلین:

رؤیتِ مخطوبہ کے جواز پر اتفاق کے باوجود، امام مالک کی طرف ایک قول منسوب ہے جس میں عدمِ جواز کا ذکر ہے۔ چنانچہ علامہ ابن عبدالبر، الکافی میں لکھتے ہیں۔

''وَمَنْ اَرَادَ بِنِكَاحِ امْرَأَةٍ فَلَيْسَ لَهُ عِنْدَ مَالِكٍ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَيْهَا وَلَا يَتَأَمَّلَ مَحَاسِنَهَا (٦٧)''یعنی امام مالک کے نزدیک کسی عورت سے نکاح کا ارادہ کرنے والے کیلئے عورت کی طرف دیکھنا اور اس کے محاسن میں غور وفکر کرنا جائز نہیں۔

علامہ عینی نے عمدۃ القاری (٦٨) میں عدمِ جواز کا ایک قول نقل کیا ہے۔ آپ لکھتے ہیں۔

''وَقَالَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ وَاِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ وَقَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْحَدِيْثِ : لَايَجُوْزُ النَّظْرُ اِلَى الْاَجْنَبِيَّةِ مُطْلَقًا اِلَّا لِزَوْجِهَا اَوْ ذِيْ رَحْمٍ مُحْرَمٍ مِنْهَا''

ایک گروہ جس میں یونس بن عبید، اسماعیل بن علیہ اور اہل حدیث (محدثین کرام) میں سے ایک قوم شامل ہے، نے کہا ہے کہ اجنبی عورت کی طرف دیکھنا مطلقا (چاہے مخطوبہ ہو یا غیر مخطوبہ) ناجائز ہے۔ ہاں مگر اس کا شوہر یا محرم دیکھ سکتا ہے۔

علامہ ابن حجر (٦٩) نے بھی ایک قوم سے عدمِ جواز نقل کیا ہے۔ اور علامہ نووی (٧٠) نے (قاضی عیاض کے حوالے سے) ایک قوم سے اس کی کراہت نقل کی ہے۔

---

(٦٧) الکافی لابن عبد البر ،جلد:20،صفحہ:519

(٦٨) عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ،جلد:20،صفحہ:119

(٦٩) فتح الباری شرح صحیح بخاری ،جلد:9،صفحہ:182

(٧٠) شرح النووی علیٰ صحیح مسلم ،جلد:9،صفحہ:210

Marfat.com

## عدمِ جواز کے قائلین کے دلائل:

جن علماء نے مخطوبہ کو دیکھنا ممنوع وناجائز قرار دیا ہے،ان کے دلائل میں وہ احادیث شامل ہیں،جن میں اجنبی عورت کی طرف دیکھنے سے منع کیا گیا ہے۔(۷۱) چند احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے،آپ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی عورت پر اچانک نظر پڑ جانے کے بارے میں پوچھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فوراً نظریں پھیر لینے کا حکم ارشاد فرمایا۔(۷۲)

اسی طرح حضرت بریدہ،نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی سے فرمایا: اے علی! (اچانک کسی اجنبی عورت پر نظر پڑ جائے تو) ایک نظر کے بعد دوسری نظر مت ڈال،کیونکہ پہلی نظر تمہارے لئے معاف ہے،دوسری نہیں۔(۷۳)

ان کے علاوہ دیگر احادیث جن میں غیر محرم کو دیکھنے سے منع کیا گیا ہے،عدم جواز کے قائلین ان حدیثوں کو اپنے دلائل کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ ان احادیث

---

(۷۱) بدایة المجتهد، جلد:2،صفحہ:1238

(۷۲) صحیح مسلم ،جلد:3،صفحہ:1699

مسند احمد، جلد:4،صفحہ:358

سنن الترمذی،جلد:5،صفحہ 101

سنن ابی داؤد ،جلد:2،صفحہ 609

(۷۳) سنن الترمذی ،جلد:5،صفحہ 101

سنن ابی داؤد، جلد 2،صفحہ 610

مسند احمد،جلد:5،صفحہ 353

Marfat.com

میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اجنبی عورت کو دیکھنے سے منع کیا ہے اور مخطوبہ یا کسی اور خاتون کو اس سے مستثنیٰ نہیں کیا۔ لہذا کوئی بھی غیر محرم خاتون چاہے مخطوبہ ہو یا غیر مخطوبہ سب ہی طرف دیکھنا حرام اور ناجائز ہے جب تک کہ ان کے مابین نکاح یا کوئی اور حرمت (رضاعت وغیرہ) نہ پائی جائے (۷۴) اور خاطب میں ان میں سے کوئی بھی نہیں پائی جاتی (۷۵) نہ نکاح اور نہ ہی رضاعت وغیرہ کی حرمت۔

## عدم جواز کے قائلین کے دلائل کے جوابات:

گزشتہ اوراق میں بیان کردہ دلائل سے واضح و روشن ہو چکا ہے کہ مخطوبہ کو دیکھنا جائز و مستحب عمل ہے۔ اور اس پر تمام اہل علم کا اتفاق ہے۔ جن لوگوں نے اس سے اختلاف کیا ہے ان کی کیلئے دلیل وہ احادیث ہیں جن میں مطلقاً اجنبی عورت کو دیکھنے سے منع کیا گیا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ہم کہتے ہیں، جو احادیث تم نے دلیل کے طور پر پیش کی ہیں وہ ''عام مخصوص البعض'' ہیں۔ یعنی ایسا عام حکم ہے جس میں سے بعض چیزوں کو خاص کیا گیا ہے جیسا کہ ''مخطوبہ'' کو دیکھنا۔ اور اس پر وہ صحیح صریح احادیث دلالت کرتی ہیں جن کا ذکر ہم گزشتہ اوراق میں کر آئے۔

جن احادیث سے مخطوبہ کو دیکھنے کے جواز پر استدلال کیا گیا ہے، ایسا نہیں ہے کہ حدیث کے الفاظ سے یہ مفہوم اخذ کیا گیا ہو بلکہ احادیث میں صریح الفاظ میں نہ صرف دیکھنے کا ذکر موجود ہے بلکہ دیکھنے پر برانگیختہ کیا گیا ہے اور حکم دیا گیا ہے کہ جاؤ اپنی مخطوبہ کو دیکھ لو۔ لہذا یہ نہ صرف اباحت و جواز کیلئے ہے بلکہ ندب اور استحباب پر دلالت کرتا ہے۔ اور اسی (استحباب

---

(۷۴) عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری، جلد:20، صفحہ:119

(۷۵) فتح الباری شرح صحیح بخاری، جلد:9، صفحہ:182

Marfat.com

کے) حکم کو اہل علم نے ان احادیث سے اخذ فرمایا ہے۔

## امام مالک کی طرف منسوب قول کا جواب:

امام مالک کی طرف جو عدمِ جواز کا قول منسوب کیا گیا ہے، وہ خبر واحد ہے۔ اور ان کا مشہور قول اور جس پر مالکیہ کا عمل ہے وہی ہے جو ہم مالکیہ کے موقف میں پچھلے صفحات میں تحریر کر آئے ہیں۔ امام مالک کی طرف منسوب عدمِ جواز کا قول صرف ابن عبد البر کی کتاب ''الکافی'' میں ہے جبکہ باقی فقہاءِ مالکیہ نے جواز کے اقوال نقل کیے ہیں۔ بلکہ علامہ ابن عبد البر نے بھی جہاں عدمِ جواز کا قول نقل کیا ہے وہیں جواز کا قول بھی نقل کیا ہے۔ چنانچہ وہ تحریر کرتے ہیں۔

''وَقَدْ رُوِیَ عَنْهُ اَنَّهٗ یَنْظُرُ اِلَیْهَا وَعَلَیْهَا ثِیَابُهَا (۷۶)''

یعنی امام مالک سے یہ روایت بھی منقول ہے کہ خاطب اپنی مخطوبہ کی طرف دیکھ سکتا ہے جبکہ اس پر (پردے کے طور پر) کپڑے موجود ہوں۔

## کراہت کے قول کا جواب:

امام نووی نے قاضی عیاض کے حوالے سے ایک قوم سے مخطوبہ کو دیکھنے کی کراہت کا قول نقل کیا۔ اس کا جواب امام نووی ہی کی زبانِ قلم سے سماعت کیجئے۔

صحیح مسلم کی حدیث ''اَنَظَرْتَ اِلَیْهَا قَالَ لَا قَالَ فَاذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَیْهَا'' کی شرح میں علامہ نووی شافعی تحریر فرماتے ہیں۔

وَفِیْهِ اسْتِحْبَابُ النَّظْرِ اِلٰی وَجْهِ مَنْ یُرِیْدُ تَزَوُّجَهَا، وَهُوَ مَذْهَبُنَا وَمَذْهَبُ مَالِكٍ وَاَبِیْ حَنِیْفَةَ وَسَائِرِ الْكُوْفِیِّیْنَ وَاَحْمَدَ وَجَمَاهِیْرِ الْعُلَمَاءِ، وَحَكٰی

(۷۶) ...... الکافی لابن عبد البر، جلد: 20، صفحہ: 519



Marfat.com

الْقَاضِیْ عَنْ قَوْمٍ کَرَاهَتَهٗ ،وَهٰذَا خَطَأٌ مُخَالِفٌ لِصَرِیْحِ هٰذَا الْحَدِیْثِ ۔(۷۷)

یعنی اس حدیث پاک میں مخطوبہ کا چہرہ دیکھنے کا استحباب ہے ۔ اور یہی ہمارا (شوافع) کا مذہب ہے،اور امام مالک ،امام ابوحنیفہ اور تمام اہل کوفہ،امام احمد اور جمہور علماء کا بھی یہی مذہب ہے۔قاضی نے ایک قوم سے اس کی کراہت بیان کی ہے اور یہ واضح خطا ہے اور اس حدیث پاک کی صراحت کے خلاف ہے۔

☆☆☆☆☆☆

(۷۷) ...... شرح النووی علی صحیح مسلم ،جلد:9،صفحہ:210



Marfat.com

پانچواں باب

# مخطوبہ

## کا خاطب کو دیکھنا



Marfat.com

## مخطوبہ کا خاطب کو دیکھنا

گذشتہ اوراق میں ذکر کی گئی آیات واحادیث اور اقوالِ فقہاءِ مجتہدین سے خاطب (مرد) کا مخطوبہ (عورت) کو دیکھنا ظاہر وباہر ہے۔لیکن یہاں ایک اور بحث جنم لیتی ہے کہ آیا مخطوبہ کیلئے خاطب کو دیکھنا جائز ہے یا نہیں؟ کیونکہ جتنی بھی آیات واحادیث روایت کی گئی ہیں ،ان میں مردوں کا ذکر ہے عورتوں کا نہیں ،جس کی بنا پر بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ خاطب تو مخطوبہ کو دیکھ سکتا ہے مگر مخطوبہ خاطب کو نہیں دیکھ سکتی ۔اس کے حوالے سے چند معروضات حسب ذیل ہیں۔

(1)......شریعت اسلامیہ میں جو احکامات لازم کئے گے ہیں ان سے اکثر میں مردوں کو مخاطب کیا گیا ہے، حالآنکہ وہ احکام مرد وزن دونوں کیلئے یکساں قابل عمل ہیں جب تک کہ مردوں کی تخصیص یا عورتوں کی تخریج کا حکم نہ آجائے ۔اور اگر کوئی عورت اس بنیاد پر ان احکامات کو قابل عمل نہ جانے کہ ان میں مردوں کو مخاطب کیا گیا ہے تو وہ ضرور قابل گرفت ہے ۔مثلاً قرآن مجید میں نماز اور زکوٰۃ کے وجوب کا ذکر بارہا کیا گیا ہے اور جو آیات کریمہ اس حکم کے بارے میں بیان ہوئیں ان میں مذکر کے صیغے پائے جاتے ہیں۔جیسا کہ ارشاد باری تعالی ہے۔ ''وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ ''یعنی نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو۔اس آیت کریمہ اور اس جیسی دیگر آیات مقدسہ میں ''اَقِیْمُوْا ''اور''اٰتُوْا'' مذکر کے صیغے استعمال ہوئے ہیں لیکن حکم میں یہ مرد وعورت ہر دو کو شامل ہیں۔یعنی جس طرح مرد پر نماز ادا کرنا فرض ہے اسی طرح عورت پر بھی فرض ہے ۔اسی طرح رؤیۃ مخطوبہ والی احادیث میں اگر چہ مردوں کا ذکر ہے مگر حکم میں مرد وعورت دونوں برابر ہیں ۔اسی لئے اکثر فقہاء نے اس مسئلہ پر نص وارد کی ہے اور فرمایا ہے کہ



Marfat.com

خاطب ومخطوبہ ہردو کیلئے ایک دوسرے کو دیکھنا جائز ہے۔(۷۸)

(2)...... جن احادیث میں حضور علیہ السلام نے مخطوبہ کو دیکھنے کی اجازت بیان فرمائی ہے، ان میں ان وجوہات کو بھی بیان فرمایا ہے جن کی وجہ سے دیکھنا جائز ہے۔ان وجوہات میں سے ایک وجہ یہ بھی ارشاد فرمائی کہ''فان فی اعین الانصار شیا ''یعنی انصار کی آنکھوں میں کچھ(عیب وغیرہ)ہے۔

یہ علت مردوں اور عورتوں دونوں میں یکساں ہے۔اگر عورتوں میں کوئی عیب ہونے کی وجہ سے ان کو دیکھنا جائز ہے تو مردوں میں بھی عیوب ونقائص ہو سکتے ہیں،لہذا عورت کیلئے اپنے خاطب کو دیکھنا بھی جائز ہے۔

(3)...... حدیث پاک میں حضور اکرم ﷺ نے مخطوبہ کو دیکھنے کی ایک وجہ یہ بھی بیان فرمائی ہے کہ''فَاِنَّهٗ اَحْرٰی اَنْ یُّؤْدَمَ بَیْنَکُمَا '' دیکھ لینا تم دونوں کی دائمی محبت کیلئے زیادہ مفید ہے۔جب دونوں کی باہمی محبت کیلئے دیکھنے کی اجازت دی جارہی ہے تو مرد کی طرح عورت کو بھی دیکھنے کی اجازت دی جائے گی۔

---

(۷۸)...... حاشیہ ابن عابدین (فتاویٰ شامی)جلد:6،صفحہ:370

مواهب الجليل ، جلد:3،صفحہ:405

منح الجليل ، جلد:2،صفحہ:4

الخرشی علیٰ خلیل ، جلد:3،صفحہ:166

حاشية الدسوقی ، جلد:2،صفحہ:215

المهذب ، جلد:2،صفحہ:44

روضة الطالبين ، جلد:7،صفحہ:20

مغنی المحتاج ، جلد:3،صفحہ:128

كشاف القناع ، جلد:5،صفحہ:10



Marfat.com

(4)......اگر مرد نے نکاح سے پہلے عورت کو نہ دیکھا ہو اور نکاح کے بعد عورت اسے اچھی نہ لگے تو طلاق کا حق اس کے پاس موجود ہوتا ہے اور مرد، عورت کو طلاق دے کر دوسری جگہ شادی بھی کرسکتا ہے۔ لیکن عورت کے پاس یہ حق نہیں ہے۔ جب مرد طلاق کا حق محفوظ رکھنے کے باوجود عورت کو دیکھ سکتا ہے تو عورت بدرجۂ اولیٰ دیکھنے کا حق رکھتی ہے۔(۷۹)

(5)......نکاح عقد تملیک ہے یعنی نکاح کے ذریعے مرد اور عورت ایک دوسرے پر مکمل اور دائمی ملکیت حاصل کرتے ہیں، لہذا عقد سے پہلے ایک دوسرے کی معرفت تامہ اور مکمل جان پہچان ضروری ہے اور اس کا بہترین ذریعہ دونوں کا ایک دوسرے کو دیکھنا اور ضروری گفتگو کرنا ہے۔

(6)......نکاح کے بعد جس طرح مرد عورت سے فائدہ اور سکون حاصل کرتا ہے اسی طرح عورت بھی مرد سے فائدہ اور سکون حاصل کرتی ہے۔ جس طرح مرد کا عورت کی صفات سے مطلع ہونا ضروری ہے کہ جن کی وجہ سے وہ عورت کو پسند کرے، اسی طرح عورت کا بھی مرد کی صفات پر مطلع ہونا لازم ہے جن کی وجہ سے وہ مرد کو پسند کرے۔(۸۰)

جیسا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے۔

''یَعْمِدُ اَحَدُکُمْ اِلٰی بِنْتِہٖ فَیُزَوِّجُھَا الْقَبِیْحَ اِنَّھُنَّ یُحْبِبْنَ مَا تُحِبُّوْنَ ۔(۸۱)''یعنی

---

(۷۹)......حاشیہ ابن عابدین ،جلد:6،صفحہ:370

(۸۰)......المهذب ، جلد:2،صفحہ:44

روضة الطالبين ،جلد:7،صفحہ:20

مغنی المحتاج ، جلد:3،صفحہ:128

كشاف القناع ، جلد:5،صفحہ:10

(۸۱)......المصنف لعبد الرزاق ، جلد:6،صفحہ:158

Marfat.com

میں سے کوئی آدمی اپنی بیٹی کی شادی کسی قبیح اور برے آدمی سے کر دیتا ہے، حالانکہ جس طرح تم محبت کرتے ہو اسی طرح وہ بھی محبت کرتی ہیں۔

امام عبدالرزاق، اس کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں ''یَعْنِیْ إِذَا زَوَّجَهَا اللَّئِیْمَ کَرِهَتْ فِیْ ذَالِكَ مَا یَکْرَهُ وَ عَصَتِ اللّٰهَ فِیْهِ (۸۲)'' یعنی جب لڑکی کا والد، اس کی شادی کسی قبیح چہرے والے سے کرے گا تو وہ اسے ناپسند کرے گی جس طرح کہ کوئی مرد ناپسند کرتا ہے، اور پھر اپنے شوہر (کی معاملے خدمت گزاری میں) اللہ کی نافرمانی کرے گی۔

لہذا ایک دوسرے کو دیکھنے کا حکم مرد و عورت دونوں کیلئے یکساں ہوگا تاکہ دونوں اپنی پسندیدہ صفات کو دیکھ سکیں۔

☆☆☆☆☆☆

(۸۲) المرجع السابق



Marfat.com

## چھٹا باب

☆......**مخطوبہ**

کے کن کن اعضا کو دیکھنا جائز ہے

☆......**مخطوبہ**

کو دیکھنے کیلئے اس کی اجازت ضروری ہے یا نہیں

Marfat.com

## مخطوبہ کے کن کن اعضاء کو دیکھنا جائز ہے

عورت (جس سے شادی کا ارادہ ہے) کا چہرہ دیکھنے میں کسی بھی اہل علم کا اختلاف نہیں ہے۔ جیسا کہ علامہ ابن قدامہ بیان فرماتے ہیں۔

''لَاخِلَافَ بَيْنَ اَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ اِبَاحَةِ النَّظْرِ اِلٰى وَجْهِهَا (۸۳)''

یعنی اہل علم کے مابین مخطوبہ کے چہرے کو دیکھنے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔

چہرے کے علاوہ کن اعضاء کو دیکھنا جائز ہے؟ اس کے بارے میں علماء کے درمیان اختلاف ہے۔ احناف کے نزدیک خاطب کا اپنی مخطوبہ کے چہرے اور ہتھیلیوں کو دیکھنا جائز ہے۔ (۸٤) جبکہ ایک روایت میں دونوں قدموں کو دیکھنے کا ذکر بھی موجود ہے۔ (۸۵) مالکیہ بھی احناف کی طرح چہرہ اور ہتھیلیاں دیکھنے کی اجازت دیتے ہیں۔ (۸٦) مالکیہ سے ایک روایت یہ بھی ہے کہ دونوں شرمگاہوں کے علاوہ پورا جسم دیکھنا جائز ہے۔ (۸۷)

---

(۸۳)......المغنی لابن قدامہ، جلد:9،صفحہ:490

رحمة الامة فی اختلاف الامة، صفحہ:262

(۸٤)......الدر المختار، جلد:6،صفحہ:370

حاشیہ ابن عابدین، جلد:9،صفحہ:532

البحر الرایق، جلد:8،صفحہ:219

تبیین الحقائق، جلد:6،صفحہ:18

(۸۵)......الفقہ الاسلامی وادلتہ، جلد:7،صفحہ:23

(۸٦)......بدایة المجتہد، جلد:3،صفحہ:1238

مختصر الخلیل، صفحہ:121

المواھب الجلیل، جلد:3،صفحہ:404

الشرح الکبیر و حاشیة الدسوقی، جلد:2،صفحہ:215 (باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

شوافع بھی اسی بات کے قائل ہیں۔(۸۸) البتہ ان سے ایک قول یہ بھی منقول ہے کہ مخطوبہ کی طرف یوں دیکھا جائے گا جیسا ایک مرد دوسرے مرد کو دیکھتا ہے، یعنی جو اعضاء ایک مرد دوسرے مرد کے دیکھ سکتا ہے خاطب بھی اپنی مخطوبہ کے ان اعضاء کو دیکھ سکتا ہے (اور اس سے ان کی مراد ناف سے گھٹنے تک کے حصے کے علاوہ پورا بدن ہے)(۸۹)

حنابلہ کے اس مسئلہ میں مختلف اقوال ہیں۔

(1) ...حنابلہ کا مشہور قول اور مذہب یہ ہے کہ جو اعضاء عام طور پر ظاہر رہتے ہیں، ان کو دیکھنا جائز ہے، مثلاً ہاتھ، چہرہ، قدم اور گردن وغیرہ۔(۹۰)

---

< الخرشی علیٰ خلیل ،جلد:3،صفحہ:166

(۸۷) ...التاج والاکلیل بھامش مواھب الجلیل ،جلد:3،صفحہ:404

(۸۸) ...المنھاج ، صفحہ:95

روضة الطالبين ، جلد:7،صفحہ:20

مغنی المحتاج ،جلد:3،صفحہ:128

نھاية المحتاج ،جلد:6،صفحہ:186

تحفة المحتاج ،جلد:7،صفحہ:191

شرح المسلم للنووی ،جلد:9،صفحہ:210

فتح الباری شرح صحیح بخاری ،جلد:9،صفحہ:182

(۸۹) ...روضة الطالبين ، جلد:7،صفحہ:20

(۹۰) ...الانصاف ،جلد:8،صفحہ:18

العمدة ،صفحہ:359

المغنی ،جلد:9،صفحہ:491

الزرکشی ، جلد:5،صفحہ:144

(باقی اگلے صفحے پر)......>

Marfat.com

(2)..... ایک قول کے مطابق چہرہ، گردن، قدم، سر اور پنڈلی دیکھنا جائز ہے۔(۹۱)

(3)..... ایک قول کے مطابق صرف چہرہ دیکھا جائے گا۔(۹۲)

(4)..... ایک قول یہ ہے کہ صرف چہرہ اور ہتھیلیاں دیکھی جائیں۔(۹۳)

(5)..... حنابلہ سے ایک قول یہ بھی منقول ہے کہ عورۃ مغلظہ یعنی دونوں شرمگاہوں کے علاوہ سارا جسم دیکھنا جائز ہے۔(۹٤)

اصحابِ ظواہر کا مذہب یہ ہے کہ عورۃِ مغلظہ یعنی دونوں شرمگاہوں کے علاوہ مکمل جسم دیکھنا جائز ہے۔(۹۵)

.....< المبدع، جلد:7، صفحہ:7

الفروع، جلد:5، صفحہ:152

کشاف القناع، جلد:5، صفحہ:10

المحرر، جلد:2، صفحہ:13

(۹۱)..... فقہاءِ حنابلہ میں سے شیخ ابوبکر حنبلی سے ایک روایت ہے کہ عورت کو ننگے سر دیکھا جائے گا۔ المغنی، جلد:9، صفحہ:491، الزرکشی، جلد:5، صفحہ:145، المبدع، جلد:7، صفحہ:8

(۹۲)..... دیکھئے حاشیہ نمبر ۵۷

(۹۳)..... ایضاً

(۹٤)..... الانصاف، جلد:8، صفحہ:18

تہذیب سنن ابی داؤد لابن القیم حنبلی، جلد:3، صفحہ:26

(۹۵)..... ابن حزم ظاہری نے جو لکھا ہے اس کے مفہوم سے یہی واضح ہوتا ہے کہ عورۃ مغلظہ (دونوں شرمگاہوں) کے علاوہ مکمل جسم دیکھنا جائز ہے۔ دیکھئے، المحلی، جلد:10، صفحہ:31-30

رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمۃ، صفحہ:262

المغنی، جلد:9، صفحہ:490 (باقی اگلے صفحے پر)..... >



Marfat.com

ان کے علاوہ دیگر فقہاء میں سے امام اوزاعی نے اصحاب ظواہر جیسا قول کیا ہے(۹۶)امام اسحاق، صرف چہرہ اور ہتھیلیاں دیکھنے کا حکم کرتے ہیں(۹۷)اور امام سفیان ثوری صرف چہرہ دیکھنے کے قائل ہیں۔(۹۸)

## راجح قول:

اپنی منگیتر کے کن کن اعضاء کو دیکھنا جائز ہے؟ اس کے متعلق فقہاء کے کثیر اقوال کو دیکھ کر ایک عام سادہ لوح آدمی شش و پنج میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ اتنے سارے اقوال میں سے کس پر عمل کیا جائے اور کس پر نہیں۔ جمہور فقہاء کے نزدیک مخطوبہ کا صرف چہرہ اور ہاتھ دیکھنا جائز ہے۔ مگر اس پر چند سوالات جنم لیتے ہیں۔

رؤیۃ مخطوبہ پر جتنی بھی احادیث دلالت کرتی ہیں، ان میں مطلقاً دیکھنے کا بیان ہے کسی خاص عضو کو دیکھنے کا ذکر نہیں ملتا۔ جسم کے کن کن اعضاء کو دیکھنا ہے اور کن کو نہیں دیکھنا؟ اس کی قید احادیث میں موجود نہیں مثلاً......

......< فتح الباری شرح صحیح بخاری، جلد:9، صفحہ:182

شرح المسلم للنووی، جلد:9، صفحہ:210

(۹۶)......المغنی، جلد:9، صفحہ:490

الاشراف لابن المنذر، جلد:1، صفحہ:18

فتح الباری شرح صحیح بخاری، جلد:9، صفحہ:182

شرح المسلم للنووی، جلد:9، صفحہ:210

(۹۷)......الاشراف لابن المنذر، جلد:1، صفحہ:19

(۹۸)......الاشراف لابن المنذر، جلد:1، صفحہ:18

Marfat.com

☆ ... حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ جب ایک آنے والی عورت نے اپنا آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ہبہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اوپر سے نیچے تک ملاحظہ فرمایا۔

☆ ... حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''ان چیزوں کو دیکھے جو اس عورت سے نکاح کرنے میں رغبت دلاتی ہوں''

☆ ... حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''خاطب مخطوبہ کو دیکھے اگرچہ عورت کو علم نہ ہو۔''

اور جب کسی عورت کو اس کی لاعلمی میں دیکھا جائے گا تو لامحالہ ان اعضاء کا دیکھنا لازم آئے گا جو عام طور پر عادۃً ظاہر رہتے ہیں۔

☆ ... حضرت محمد بن مسلمہ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہما کی روایت میں یہ بھی ہے کہ یہ دونوں شخصیات اپنی اپنی مخطوبہ کو چھپ کر دیکھنے کیلئے گئے تھے۔ اور یہ بات عقل سے بعید ہے کہ کوئی آدمی چھپ کر صرف چہرہ اور ہاتھ دیکھنے کیلئے جائے۔

لہٰذا یہ احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ عورت کے ان اعضاء کو دیکھنا جائز ہے جو عادۃً ظاہر رہتے ہوں۔

لیکن اس بات سے بھی نظریں نہیں چرائی جاسکتیں کہ ہر چند مخطوبہ کو دیکھنے کی اجازت شریعت نے دی ہے مگر نکاح ہو جانے تک بہر حال وہ اجنبی اور غیر محرم ہے۔ اور غیر محرم کی طرف دیکھنا حرام اور ناجائز ہے۔ مخطوبہ کو دیکھنے کی اجازت ضرورت کے تحت دی گئی ہے۔ اور جب ضرورتاً کسی بات میں رخصت دی جائے تو اس سے اتنی ہی مراد ہوتی ہے جتنی سے مقصد حاصل ہو جائے۔ روایات و آثار اگرچہ اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ عورت کے ان اعضاء کو دیکھنے کی اجازت دی جائے جو عام طور پر ظاہر رہتے ہیں، لیکن شر انگیزی اور دور حاضر کی فتنہ سامانیاں دیکھتے ہوئے، علماء اس قول پر فتویٰ نہیں دیتے۔



Marfat.com

چنانچہ ڈاکٹر وھبہ الزحیلی اس قول کو ذکر کرنے کے بعد رقمطراز ہیں......

''فَهٰذَا هُوَ الرَّأْيُ الرَّاجِحُ لَدَيَّ وَلٰكِنْ لَا أُفْتِيْ بِهٖ۔(۹۹)''

یعنی میرے نزدیک یہی رائے راجح ہے لیکن میں اس پر فتویٰ نہیں دیتا۔

لہذا جس جگہ فتنہ اور نفسانی خواہشات کی زیادتی پائی جائے وہاں فتویٰ جمہور کے قول کے مطابق دیا جائے گا کہ عورت کے صرف ہاتھ اور چہرہ دیکھا جائے کیونکہ چہرہ خوبصورتی اور ہاتھ بدن کی شادابی پر دلالت کرتے ہیں اور عام طور انہیں چیزوں کو دیکھا جاتا ہے۔

واللہ اعلم بالصواب

☆☆☆☆☆☆☆☆

(۹۹)...... الفقه الاسلامی وادلته، جلد:7،صفحه:23



Marfat.com

## کیا مخطوبہ کو دیکھنے کیلئے اس کی اجازت ضروری ہے؟:

جن روایات واحادیث میں منگیتر کو دیکھنے کا جواز ہے، ان میں سے اکثر میں صراحۃً یا کنایۃً اس بات کا ثبوت ہے کہ اسے دیکھنے کیلئے اس کی اجازت ضروری نہیں ہے۔ البتہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنی مخطوبہ کو دیکھنے کا حکم ارشاد فرمایا تو حضرت مغیرہ نے لڑکی کے گھر جا کر اس کے والدین سے اجازت مانگی۔ اس وجہ سے علماء کے مابین اختلاف واقع ہوا کہ آیا عورت کو دیکھنے کیلئے اس کی اجازت معتبر ہے یا نہیں۔ اس مسئلہ میں علماء کے تین قول ہیں۔

(1)......مخطوبہ کو دیکھنا جائز ہے چاہے اس کی اجازت ہو یا نہ ہو۔ اس کیلئے نہ تو عورت کی اجازت ضروری ہے اور نہ ہی اس کے ولی کی۔

(2)......دوسرا قول یہ ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر اسے دیکھنا جائز نہیں۔

(3)......جبکہ تیسرا قول یہ ہے کہ اس کے اذن کے بغیر لاعلمی میں اسے دیکھنا جائز مع الکراہت ہے یعنی جائز تو ہے مگر مکروہ ہے۔

جمہور اہل علم، پہلے قول کو ترجیح دیتے ہیں اور اسی قول کو شوافع (۱۰۰) حنابلہ (۱۰۱)

---

(۱۰۰)......منہاج الطالبین ،صفحہ:95

روضۃ الطالبین ،جلد:7،صفحہ:20

مغنی المحتاج ،جلد:3،صفحہ:128

شرح صحیح مسلم للنووی، جلد:9،صفحہ:210

(۱۰۱)......المغنی ،جلد:9،صفحہ:489

الفروع ،جلد:5،صفحہ:152

کشاف القناع ،جلد:5،صفحہ:10 (باقی اگلے صفحہ پر) >



Marfat.com

اور اصحاب ظواہر(۱۰۲) نے اختیار کیا ہے۔جبکہ مالکیہ سے بھی ایک قول اسی کے مطابق منقول ہے۔(۱۰۳)

اس قول پر اکثر احادیث دلالت کرتی ہیں۔جن میں سے یہ حدیث اس مسئلہ میں بالکل واضح اور صریح ہے جس کو حضرت ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا''جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو نکاح کا پیغام دے تو اس کو عورت کی طرف دیکھنے میں کوئی گناہ نہیں ہے جبکہ وہ اسے منگنی کیلئے ہی دیکھ رہا ہو،اگرچہ عورت اس سے لاعلم ہو(۱۰٤)۔

اس حدیث پاک میں واضح طور پر عورت کی اجازت نہ ہونے اور اس کی لاعلمی کا ذکر موجود ہے،اور اس کی تائید حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فعل سے بھی ہوتی ہے کہ مخطوبہ کو دیکھنے کیلئے اس کی اجازت ضروری نہیں ہے۔جیسا کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ

''قَالَ فَخَطَبْتُ جَارِيَةً فَكُنْتُ اَتَخَبَّأُ لَهَا حَتّٰى رَاَيْتُ مِنْهَا مَادَعَانِیْ اِلَى نِكَاحِهَا وَتَزَوُّجِهَا،فَتَزَوَّجْتُهَا(۱۰۵)''

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک لڑکی کو نکاح کا پیغام دیا۔تو میں چھپ چھپا کر اسے دیکھنے جایا کرتا تھا حتیٰ کہ میں نے ایسی صفت دیکھ لی جس نے مجھے اس لڑکی سے

---

<....... غاية المنتهى ،جلد:3،صفحه:2

(۱۰۲)......المحلى لابن حزم ،جلد:10،صفحه:31

(۱۰۳)......المهواهب الجليل ،جلد:3،صفحه:404

التاج والاكليل،جلد:3،صفحه:404

(۱۰٤)......اس کی تخریج پہلے گزر چکی ہے۔

(۱۰۵)......اس کی تخریج پہلے گزر چکی ہے۔



Marfat.com

نکاح اور شادی کرنے پر ابھارا، پھر میں نے اس سے شادی کر لی۔

اسی طرح حضرت حضرت سہل بن ابی حثمہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد بن مسلمہ ﷺ کو دیکھا کہ وہ اکیلے میں ایک لڑکی کو غور سے دیکھ رہے تھے، جس کو ثبیتہ بنت ضحاک کہا جاتا تھا اور وہ ابی جبیرہ کی بہن تھی۔(۱۰۶)

ان دونوں روایات میں جلیل القدر صحابہ کرام کا اپنی مخطوبہ کو چھپ کر دیکھنا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ انہوں نے دیکھنے کی اجازت نہیں لی تھی ورنہ چھپ کر دیکھنے کا کیا مفہوم ہے۔

ہم بیان کر آئے ہیں کہ اس مسئلہ پر جمہور علماء کا اتفاق ہے کہ مخطوبہ کو دیکھنے کیلئے اس کی اجازت شرط نہیں ہے۔البتہ نمونے کے طور پر چند فقہاء کی عبارات کا مطالعہ کرنا فائدہ سے خالی نہیں ہے۔

(1)......امام نووی، صحیح مسلم کی شرح میں رقمطراز ہیں......

"مَذْهَبُنَا وَمَذْهَبُ مَالِكٍ وَاَحْمَدَ وَالْجُمْهُوْرِ اَنَّهٗ لَا يُشْتَرَطُ فِيْ جَوَازِ هٰذَا النَّظْرِ رِضَاهَا بَلْ لَهٗ ذَالِكَ فِيْ غَفْلَتِهَا وَمِنْ غَيْرِ تَقَدُّمِ اِعْلَامٍ ۔(۱۰۷)"

یعنی ہمارا (شوافع کا)، امام مالک، امام احمد اور جمہور اہل علم کا مذہب یہ ہے کہ مخطوبہ کو دیکھنے میں اس کی رضا کا ہونا شرط نہیں ہے بلکہ خاطب کیلئے جائز ہے کہ مخطوبہ کو اس کی

(۱۰۶)...... مسند احمد، جلد:4،صفحہ:225

سنن ابن ماجہ، کتاب النکاح، حدیث نمبر:1864

سنن بیہقی، جلد:7،صفحہ: 85

شرح معانی لآثار للطحاوی، جلد:3،صفحہ:14

(۱۰۷)...... شرح صحیح مسلم للنووی، جلد:9،صفحہ:222



Marfat.com

غفلت میں اور پہلے سے اطلاع کئے بغیر دیکھے۔

(2)......علامہ ابن حجر، صحیح بخاری کی شرح میں فرماتے ہیں......

''قَالَ الْجُمْهُوْرُ يَجُوْزُ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَيْهَا اِذَا اَرَادَ ذٰلِكَ بِغَيْرِ اِذْنِهَا(۱۰۸)''

یعنی جمہور علماء کرام کا کہنا ہے کہ جب مخطوبہ کو دیکھنے کا ارادہ ہو تو اس کی اجازت کے بغیر دیکھنا جائز ہے۔

(3)......علامہ عبدالرؤف مناوی، حدیث پاک کے الفاظ ''وَاِنْ كَانَتْ لَاتَعْلَمُ'' کی شرح میں تحریر فرماتے ہیں......

''اَیْ وَاِنْ كَانَتْ غَيْرَ عَالِمَةٍ بِاَنَّهٗ يَنْظُرُ اِلَيْهَا كَانَ يُطْلِعُ عَلَيْهَا مِنْ كُوَّةٍ وَهِیَ غَافِلَةٌ۔(۱۰۹)''

یعنی (مخطوبہ کو دیکھے) اگرچہ اسے علم نہ ہو کہ کوئی اسے دیکھ رہا ہے، مثلاً کسی روشندان سے اس کو دیکھ لے اور وہ غافل بیٹھی ہو۔

اس کے علاوہ کثیر فقہاء و علماء کے اقوال اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ مخطوبہ کو اس کی اجازت کے بغیر دیکھنا جائز ہے۔

## (2)قول ثانی:

دوسرا قول یہ ہے کہ مخطوبہ کو اس کی اجازت کے بغیر دیکھنا جائز نہیں ہے۔ اور یہ امام مالک علیہ الرحمہ سے منسوب ایک قول ہے۔

ان کی دلیل حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے (جو کہ پہلے گزر چکی ہے)

(۱۰۸)......فتح الباری شرح صحیح بخاری، جلد:9، صفحہ:182

(۱۰۹)......فیض القدیر شرح جامع الصغیر، جلد:1، صفحہ:335



Marfat.com

جس میں مذکور ہے کہ حضرت مغیرہ نے مخطوبہ کے گھر جاکر اجازت طلب کی تھی۔

## مالکیہ کے اس قول کا جواب:

اس کے قائلین نے جس حدیث سے استدلال کیا ہے وہ قطعاً ان کے موافق نہیں ہے۔اس کے جواب سے پہلے اس حدیث کا ایک مرتبہ بغور مطالعہ کرتے ہیں۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں کہ

خَطَبْتُ اِمْرَأَةً فَقَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنَظَرْتَ اِلَيْهَا؟قَالَ لَا ، قَالَ فَاذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّ فِیْ اَعْيُنِ الْاَنْصَارِ شَيْأً (۱۱۰)

(وَزَادَ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ) فَقَالَ الْمُغِيْرَةُ فَاَتَيْتُهَا وَعِنْدَهَا اَبَوَاهَا وَهِیَ فِیْ خِدْرِهَا قَالَ فَقُلْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَمَرَنِیْ اَنْ اَنْظُرَ اِلَيْهَا قَالَ فَسَكَتَا قَالَ فَرَفَعَتِ الْجَارِيَةُ جَانِبَ الْخِدْرِ فَقَالَتْ اُحَرِّجُ عَلَيْكَ اِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَمَرَكَ اَنْ تَنْظُرَ اِلَیَّ لَمَّا نَظَرْتَ وَاِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَمْ يَاْمُرْكَ اَنْ تَنْظُرَ اِلَیَّ فَلَا تَنْظُرْ قَالَ فَنَظَرْتُ اِلَيْهَا ثُمَّ تَزَوَّجْتُهَا فَمَا وَقَعَتْ عِنْدِیْ اِمْرَأَةٌ بِمَنْزِلَتِهَا وَلَقَدْ تَزَوَّجْتُ سَبْعِيْنَ اَوْ بِضْعًا وَّ سَبْعِيْنَ اِمْرَأَةً (۱۱۱)

میں نے ایک لڑکی کو نکاح کا پیغام دیا تو رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے دریافت فرمایا ،کیا تم نے اسے دیکھ لیا ہے؟ میں نے عرض کیا نہیں ،فرمایا جاؤ اسے دیکھ لو یہ تم دونوں کی محبت میں دوام (ہیشگی) پیدا کرنے کیلئے اولیٰ ہے۔ امام احمد اور بیہقی نے اس کے بعد یہ اضافہ کیا

(۱۱۰)......اس کی تخریج پہلے گزر چکی ہے۔

(۱۱۱)...... مسند احمد ، جلد:4،صفحہ:244

سنن بیہقی،جلد:7،صفحہ:84-85



Marfat.com

ہے کہ حضرت مغیرہ نے کہا کہ میں اس کے لڑکی کے پاس (اس کے گھر میں) آیا تو اس کے والدین اس کے پاس تھے اور وہ ایک طرف پردے میں تھی۔ میں نے (اس کے والدین سے) کہا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے اسے دیکھنے کا حکم ارشاد فرمایا ہے۔ تو اس کے والدین خاموش رہے۔ پھر اس لڑکی نے پردے کا سرا سرکاتے ہوئے کہا اس کا گناہ تم پر ہے پس اگر تمہیں رسول اللہ ﷺ نے حکم فرمایا ہے تو مجھے دیکھ لو اور اگر آپ ﷺ نے حکم نہیں دیا تو مجھے مت دیکھنا۔ حضرت مغیرہ کہتے ہیں میں نے اس لڑکی کو دیکھ لیا اور پھر اس سے شادی کر لی۔ میں نے ستر 70 یا (کہا کہ) ستر سے کچھ زیادہ شادیاں کی ہیں مگر اس لڑکی کی جو قدر و منزلت میرے ہاں تھی وہ کسی اور کے حصے میں نہیں آئی۔

اس حدیث پاک کو پڑھنے کے بعد چند باتیں لائق توجہ ہیں۔

☆...... حضور اکرم ﷺ نے حضرت مغیرہ کو لڑکی دیکھنے کیلئے بھیجا مگر یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ اس سے اجازت لے کر دیکھنا۔ اگر مخطوبہ کی اجازت لازمی ہوتی تو حضور ﷺ اس کا ذکر ضرور فرماتے۔

☆...... حضرت مغیرہ نے بھی وہاں جا کر اجازت کی بات نہیں کی، بلکہ انہیں یہ بتایا کہ میں لڑکی کو دیکھنے آیا ہوں۔

☆...... آپ چونکہ ان کے گھر گئے تھے اس لئے مروتاً آپ نے ان سے یہ بات کہی، کیونکہ کوئی غیر محرم جا کر کسی کی بیٹی یا بہن کو دیکھنا شروع کر دے تو کوئی بھی غیرت مند یہ گوارا نہیں کرتا۔

لہذا اس حدیث پاک سے یہ استدلال کرنا کہ مخطوبہ کی اجازت کے بغیر اسے دیکھنا جائز نہیں، یہ خطا ہے۔ جیسا کہ امام نووی نے تحریر کیا ہے......

''وَعَنْ مَالِكٍ رِوَايَةٌ ضَعِيفَةٌ اَنَّهُ لَايُنْظَرُ اِلَيْهَا اِلَّا بِاِذْنِهَا وَهٰذَا ضَعِيفٌ لِاَنَّ النَّبِيَّ



Marfat.com

ﷺ قَدْ اَذِنَ فِیْ ذٰلِکَ مُطْلَقًا وَلَمْ یَشْتَرِطِ اسْتِئْذَانَھَا (۱۱۲)''

یعنی امام مالک سے ایک ضعیف روایت یہ بھی ہے کہ مخطوبہ کو اس کی اجازت کے بغیر نہیں دیکھا جائے گا۔ اور یہ ضعیف ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی مطلقاً اجازت دی ہے اور مخطوبہ سے اجازت لینے کی شرط نہیں لگائی۔

## تیسرا قول:

جمہور مالکیہ کا مذہب یہ ہے کہ مخطوبہ کو اس کے اجازت کے بغیر دیکھنا جائز مع الکراہت ہے۔ اور ان کی دلیل حضرت مغیرہ بن شعبہ والی حدیث ہی ہے۔ اور ایک عقلی دلیل بھی ہے کہ اگر کسی عورت کو اچانک دیکھا جائے یا اس کو اطلاع دیئے بغیر اس کو دیکھیں تو ممکن ہے وہ بے پردہ بیٹھی ہو اور اس کے ستر پر نظر پڑ جائے۔ (اس لئے اس کو اطلاع دینی چاہئے۔)

جیسا کہ امام نووی فرماتے ہیں......

''لٰکِنْ قَالَ مَالِکٌ اَکْرَہُ نَظْرَہُ فِیْ غَفْلَتِھَا مَخَافَۃً مِنْ وُقُوْعِ نَظْرِہٖ عَلٰی عَوْرَۃٍ(۱۱۳)''

یعنی (مخطوبہ کو اجازت کے بغیر دیکھنا جمہور علماء کے نزدیک جائز ہے) لیکن امام مالک فرماتے ہیں کہ میں غفلت میں اسے دیکھنا مکروہ جانتا ہوں، اس خوف سے کہ دیکھنے والے کی نظر ستر پر نہ پڑ جائے۔

## راجح قول:

ان اقوال میں سے راجح قول یہ ہے کہ مخطوبہ کو مطلقاً دیکھنا جائز ہے چاہے اس کی

(۱۱۲)......شرح صحیح مسلم للنووی ،جلد:9،صفحہ:222

(۱۱۳)......المرجع السابق



Marfat.com

اجازت ہو یا نہ ہو۔ چاہے اس کو پہلے اطلاع کردی ہو یا نہ کی ہو۔ البتہ اگر مخطوبہ کو اس کے گھر میں جا کر دیکھنا ہو تو اسے اطلاع کردی جائے تا کہ اگر وہ دوپٹہ وغیرہ سے مبرا بیٹھی ہے تو اپنی حالت کو درست کرلے، کیونکہ عام طور پر گھروں کے اندر خواتین بہت زیادہ پردے کا اہتمام نہیں کرتیں۔

علامہ ابن قدامہ حنبلی رقمطراز ہیں......

''لَابَأْسَ بِالنَّظْرِ اِلَيْهَا بِاِذْنِهَا وَغَيْرِ اِذْنِهَا لِاَنَّ النَّبِيَّ ﷺ اَمَرَنَا بِالنَّظْرِ وَاَطْلَقَ (١١٤)''

یعنی مخطوبہ کو اس کی اجازت سے یا اجازت کے بغیر دونوں طرح دیکھنا جائز ہے۔ کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے ہمیں مطلقاً دیکھنے کا حکم ارشاد فرمایا ہے۔

علامہ ابن حزم لکھتے ہیں۔

''وَمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّتَزَوَّجَ امْرَاَةً فَلَهُ اَنْ يَّنْظُرَ مِنْهَا مُتَغَفِّلًا لَهَا اَوْ غَيْرَ مُتَغَفِّلٍ (١١٥)''

یعنی جو شخص کسی عورت سے شادی کا ارادہ کرے تو اس کیلئے جائز ہے کہ اپنی مخطوبہ کو دیکھے چاہے عورت غفلت میں بیٹھی ہو یا نہ۔

علامہ قاضی شوکانی تحریر کرتے ہیں۔

''وَظَاهِرُ الْاَحَادِيْثِ اَنَّهُ يَجُوْزُ لَهُ النَّظْرُ اِلَيْهَا سِوَاءٌ كَانَ بِاِذْنِهَا اَمْ لَا (١١٦)''

احادیث سے ظاہر یہی ہے کہ خاطب کیلئے مخطوبہ کو دیکھنا (مطلقاً) جائز ہے عام ازیں مخطوبہ کی اجازت ہو یا نہ ہو۔

---

(١١٤)......المغنی لابن قدامہ، جلد: 7، صفحہ: 453

(١١٥)......المحلی لابن حزم، جلد: 10، صفحہ: 30-31

(١١٦)......نیل الاوطار، جلد: 6، صفحہ: 111



Marfat.com

## ساتواں باب

# مخطوبہ

## کو دیکھنے کی حکمتیں اور فوائد



Marfat.com

## مخطوبہ کو دیکھنے کی حکمتیں اور فوائد:

شریعت اسلامیہ کوئی بھی حکم دیتی ہے تو اس کے پیچھے بہت سی حکمتیں اور فوائد مضمر ہوتے ہیں۔ اور جو شخص ان حکامات کی پابندی کرتا ہے اور ان فوائد کو حاصل کرتا ہے اسے دین ودنیا اور دنیا وآخرت کی سعادت نصیب ہو جاتی ہے۔ اسلام نے نکاح شادی کے احکامات کو بھی بڑی تفصیل سے بیان فرمایا ہے جن میں سے ایک اہم اور ضروری بحث رؤیۂ مخطوبہ کے بارے میں ہے۔ بانی اسلام ﷺ نے اجازت دی ہے بلکہ اس بات کو پسند کیا ہے کہ جب کوئی آدمی کسی سے شادی کرنے کا ارادہ کرے تو اپنی منگیتر کو دیکھ لے۔ اور اس میں بہت سی حکمتیں اور فائدے چھپے ہوئے ہیں۔ ان میں سے اہم فوائد کا تذکرہ آپ کے سامنے ہے۔

### (1) سنت نبوی کی پیروی:

اس میں سب سے بڑا اور اہم فائدہ ''سنت نبوی'' کی پیروی اور متابعت ہے۔ کیونکہ رؤیۂ مخطوبہ سنت رسول کریم ﷺ سے ثابت ہے۔ لہذا جو شخص سنت نبوی ﷺ کی نیت سے اپنی مخطوبہ کو دیکھے گا تو لامحالہ دنیا وآخرت میں سعادت کا مستحق ہوگا۔

### (2) شوہر اور بیوی کے درمیان ہمیشہ کی محبت:

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مخطوبہ کو دیکھنے کی ایک توجیہہ ''میاں بیوی کی ہمیشہ کی محبت'' ارشاد فرمائی۔ اور اس کی برکات کا ظہور بھی ہوا، حضرت مغیرہ فرماتے ہیں کہ میں نے ستر سے زائد شادیاں کیں مگر حضور کے فرمان پر عمل کرتے ہوئے میں نے جس لڑکی کو شادی سے پہلے دیکھا، اس جیسی قدر ومنزلت میری کسی زوجہ کو میسر نہ آسکی۔

مخطوبہ کو دیکھنے سے زوجین کی باہمی محبت میں اضافہ ہوتا ہے، اس کے متعلق شیخ ابن



Marfat.com

تیمیہ رقمطراز ہیں......

''وَالشَّارِعُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَدْ اَبَاحَ بَلْ اَحَبَّ لَهُ النَّظْرَ اِلَى الْمَخْطُوبَةِ.........وَقَوْلُهُ اَحْرٰى اَنْ يُّوْدَمَ بَيْنَكُمَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّهُ اِذَا عَرَفَهَا قَبْلَ النِّكَاحِ دَامَ الْوُدُّ(۱۱۷)''

یعنی شارع علیہ السلام نے مخطوبہ کو نہ صرف دیکھنے کی اجازت دی بلکہ اسے پسند فرمایا.........

اور حضور اکرم ﷺ کا فرمان '' اَحْرٰى اَنْ يُّوْدَمَ بَيْنَكُمَا '' اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ جب آدمی نکاح سے پہلے اپنی مخطوبہ (کے اوصاف) کی معرفت حاصل کر لے تو محبت میں ہیشگی پیدا ہوتی ہے۔

## (3) زوجین میں سے دونوں کا عیوب پر مطلع ہو جانا:

شادی سے پہلے ایک دوسرے کو دیکھ لینے سے ان عیوب سے واقفیت ہو جاتی ہے جو چہرہ، آنکھ یا دیگر اعضاء میں پائے جاتے ہیں جن کو ظاہرا دیکھا جا سکتا ہے۔ اگر مرد و عورت کے جسم میں کسی ایسی جگہ پر کچھ عیب ہے جس کو ظاہرا دیکھا نہیں جا سکتا ہے تو اپنے خاطب یا مخطوبہ کو اس کی خبر دینا ضروری ہے کیونکہ یہ ایک امانت کی طرح ہے جس میں خیانت برتنے سے سوائے گناہ کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

اگر خاطب یا مخطوبہ کو عیب کی خبر دے دی جائے تو بہت ممکن ہے کہ وہ نکاح سے انکار کر دے اور دوسرے کیلئے اذیت و تکلیف کا باعث بنے، مگر یاد رکھیں کہ یہ اس تکلیف سے کم ہی ہو گی جو شادی کے بعد دونوں میں سے کسی ایک کو پہنچ سکتی ہے۔ شادی کے بعد جب دوسرے کو اس عیب کی خبر ہو گی تو یا تو ساری زندگی کا طعنہ بن جائے گا یا پھر طلاق تک نوبت

(۱۱۷) ...... الفتاوی لابن تیمیہ، جلد:29، صفحہ:355-354



Marfat.com

آ پہنچے گی ۔لہذا اسی تکلیف سے بچانے اور خاطب ومخطوبہ کے مابین اعتماد، پیار اور محبت کو تقویت دینے کیلئے اسلام نے یہ اجازت مرحمت فرمائی ہے کہ شادی سے پہلے خاطب ومخطوبہ ایک دوسرے کو دیکھ لیں اور مکمل تسلی کر لینے کے بعد شادی کا معاملہ طے کریں۔

یہاں پر یہ بات کرنا بھی فائدہ سے خالی نہیں ہے کہ ہر شخص کی پسند الگ ہوتی ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک آدمی کسی وصف کو برا جانتا ہے جبکہ کوئی اور آدمی اس وصف کو دیکھے تو خوبی تصور کرتا ہے، خاطب ومخطوبہ کے ایک دوسرے کو دیکھنے میں ایک حکمت یہ بھی ہے اگر کسی دوسرے شخص نے اسے خبر دی کہ تمہاری منگیتر میں فلاں خامی ہے تو بہت ممکن ہے کہ جب یہ خود اس کو دیکھے تو خامی کے بجائے اسے یہ خوبی نظر آئے ۔لہذا سب سے بہتر طریقہ یہی ہے کہ خاطب ومخطوبہ خود ایک دوسرے کو دیکھیں اور اپنی پسند وناپسند کا فیصلہ کریں۔

## (4) دوسروں کا ملامت سے بچنا اور خود کا ندامت سے بچنا:

جب کوئی شخص اپنی منگیتر کو دیکھ کر پھر اس سے شادی کرے گا تو بعد میں اسے کسی قسم کی ندامت یا پچھتاوا نہیں ہوگا اور وہ اپنی زوجہ کے بارے میں طعنہ زنی نہیں کر سکے گا کہ یہ چھوٹے قد والی ہے، یا بڑے قد والی ہے، خوبصورت ہے یا بدصورت۔

اس کے علاوہ وہ اپنے سسرالی رشتے داروں کو ملامت نہیں کرے گا کہ انہوں نے فلاں عیب کی اسے خبر نہیں دی اور نہ ہی اپنے گھر والوں کو ملامت کر سکتا ہے کہ تم لوگوں نے اسے میرے لئے پسند کیا تھا لیکن اس کے فلاں وصف کی خبر مجھے نہیں دی۔

جب شرعی طریقے کے مطابق مخطوبہ کو دیکھا جائے گا تو یہ تمام اعذار پیدا ہی نہیں ہونگے جن سے شرمندگی ہو سکے۔اور اسی طرح جب لڑکی شریعت کے مطابق اپنے خاطب کو دیکھ لے گی تو اس کی زندگی بھی خوش باش گزرے۔لہذا اس کے اہل خانہ اسے خاطب کو دیکھنے



Marfat.com

سے روک کر اس پر ظلم نہ کریں کیونکہ یہ اس کا شرعی حق ہے جو اس سے کوئی نہیں چھین سکتا ہے۔
شریعت نے عورتوں کو بھی اپنے خاطب (منگیتر) کو دیکھنے کی اجازت دی ہے کیونکہ جس طرح مرد عورتوں سے محبت کرتے ہیں اسی طرح عورتیں بھی مردوں سے محبت کرتی ہیں۔ (اور اس پر سیدنا فاروقِ اعظم ؓ کا فرمان ہم گذشتہ اوراق میں نقل کر چکے ہیں)

☆☆☆☆☆☆☆



Marfat.com

## آٹھواں باب

# ☆......منگیتر

## سے ساتھ تنہائی کا حکم

# ☆......منگیتر

## کے ساتھ تنہائی کے نقصانات



Marfat.com

## منگیتر کے ساتھ تنہائی کا حکم:

دورِ حاضر میں یہ مسئلہ بھی اہمیت کا حامل ہے کہ آیا منگیتر کے ساتھ تنہائی میں بیٹھنا درست ہے یا نہیں۔ اس مسئلہ میں بہت سے لوگ غلطی پر ہیں جس کا خمیازہ انہیں جلد یا بدیر بھگتنا پڑتا ہے۔ آج مرد و عورت کو صرف یہ کہہ کر تنہائی میں چھوڑ دیا جاتا ہے کہ دونوں منگیتر ہیں

اس بات میں شبہ نہیں کہ منگنی صرف نکاح کا پیغام دینے یا نکاح کا وعدہ کرنے کا نام ہے۔ لہذا اس کی وجہ سے نکاح جیسے احکامات نافذ نہیں ہو سکتے۔ اور منگیتر کو دیکھنے کا جواز وقتی طور پر ضرورت کے تحت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ ہمیشہ کیلئے اس کی اجازت نہیں دی ہے کہ خاطب و مخطوبہ جیسے جی چاہے شرم و حیاء کی دھجیاں بکھیرتے رہیں۔ لہذا منگیتر، منگنی کے باوجود ایک دوسرے کیلئے اجنبی اور حرام ہیں اور اجنبی کے ساتھ خلوت (تنہائی) اختیار کرنا حرام و ناجائز ہے۔ اس پر تمام علماء و فقہاء کا اجماع ہے اور یہی سنت سے بھی ثابت ہے۔

## اجنبی عورت کے ساتھ تنہائی، احادیث کی روشنی میں:

حضرت سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی اجنبی غیر محرم خاتون کے ساتھ تنہائی اختیار کرنے سے منع فرمایا اور اس کے نقصانات سے لوگوں کو آگاہ کیا۔ چنانچہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں نہ بیٹھے۔ ہاں کسی محرم کی موجودگی میں بیٹھ سکتا ہے۔ (۱۱۸)

اسی طرح حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد

---

(۱۱۸) صحیح بخاری مع فتح الباری، جلد: 9، صفحہ: 339

صحیح مسلم مع النووی، جلد: 9، صفحہ: 109



Marfat.com

فرمایا: سن لو! کوئی مرد جب کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں بیٹھتا ہے تو ان میں تیسرا شیطان ہوتا ہے۔(۱۱۹)

یعنی ان دونوں کو اکیلا دیکھ کر شیطان ان کے درمیان گھس جاتا ہے اور طرح طرح کے شیطانی وساوس ڈال کر انہیں بہکاتا ہے جس کی وجہ سے وہ گناہ پر بھی امادہ ہو سکتے ہیں۔ لہذا آپ ﷺ نے اولاً ہی دو غیر محرم وجودوں کو اکیلا ہونے سے منع فرمادیا تاکہ شیطانی وساوس سے محفوظ رہا جاسکے۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (غیر محرم) عورتوں کے پاس (تنہائی میں) جانے سے بچو، ایک آدمی نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ دیور کے بارے میں کیا حکم ہے؟ فرمایا: دیور موت ہے۔(۱۲۰)

## اجماع علماء:

اجنبی عورت کے ساتھ خلوت کے حرام ہونے پر تمام اہل علم کا اجماع ہے۔ چنانچہ امام شرف الدین نووی شافعی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں...... اجنبی مرد و عورت کا کسی تیسرے وجود کے بغیر اکیلے ہونا باتفاق علماء حرام ہے۔ اور اسی طرح یہ بھی حرام ہے کہ ان کے ساتھ کوئی

(۱۱۹)...... سنن الترمذی ،جلد:4،صفحہ:465

مسند احمد ،جلد:1،صفحہ:81

السنن الکبریٰ للبیھقی،جلد:7،صفحہ:91

المستدرك للحاکم ،جلد:1،صفحہ:114

(۱۲۰)......صحیح بخاری معه الفتح، جلد:9،صفحہ:330

صحیح مسلم معه النووی ،جلد:4،صفحہ:153

سنن الترمذی ،جلد:3،صفحہ:465



Marfat.com

(تیسرا) وجود ایسا ہو کہ جس کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے اس سے حیاء نہیں کی جاتی جیسا کہ دو تین سال کا بچہ، کیونکہ اس کا وجود نہ ہونے کے برابر ہے۔(۱۲۱)

بہت سارے فقہاء جنہوں نے مخطوبہ کو دیکھنا جائز قرار دیا ہے، نے اس بات کی تاکید کی ہے کہ خاطب و مخطوبہ کی ملاقات تنہائی میں نہ ہو کیونکہ دونوں ایک دوسرے کیلئے اجنبی ہیں۔ اور جواز صرف دیکھنے تک ہے باقی امور اپنی اصل پر برقرار رہتے ہیں۔ علامہ ابن قدامہ حنبلی تحریر کرتے ہیں۔

''وَلَا يَجُوْزُ لَهُ الْخِلْوَةُ بِهَا لِاَنَّهَا مُحَرَّمَةٌ وَلَمْ يَرِدِ الشَّرْعُ بِغَيْرِ النَّظْرِ فَبَقِيَتْ عَلَى التَّحْرِيْمِ (۱۲۲)''

مخطوبہ کے ساتھ تنہائی اختیار کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ وہ غیر محرم ہے اور شریعت نے صرف دیکھنے کی اجازت دی ہے دیگر امور میں حرمت باقی ہے۔

## تنہائی کے نقصانات:

مرد و عورت کا ایک دوسرے کی طرف میلان ایک فطری امر ہے۔ کہتے ہیں کہ اگر مرد کے جسم کا ایک ٹکڑا مشرق میں اور عورت کا ٹکڑا مغرب میں بھی رکھ دیا جاتا تو اپنی جنسی میلان کی وجہ سے یہ ضرور آپس میں آ ملتے۔ اللہ تعالیٰ نے حکمت کے تحت مرد و عورت میں یہ

(۱۲۱)......شرح صحیح مسلم للنووی ،جلد:9،صفحہ:109

وکذا فی الفتح الباری لا بن الحجر ،جلد:4،صفحہ:77

(۱۲۲)......المغنی ،جلد:9،صفحہ:490

وانظر کذالک المقنع ،جلد:3،صفحہ:4

والزرکشی علی الخرقی ،جلد:5،صفحہ:146

والمبدع ،جلد:7،صفحہ:7



Marfat.com

جنسی میلان رکھا ہے۔ اوراس میں حکمت یہ ہے کہ انسان کی افزائش نسل ہوتی رہے اور زمین کی تعمیر و ترقی کا عمل جاری رہے۔ اس جنسی میلان کے جائز حصول کیلئے اسلام نے نکاح جیسی نعمت انسانوں کو عطا فرمائی ہے۔ اوراس جنسی تعلق کے غیر فطری میلان کی روک تھام کیلئے ضروری احکام نافذ فرمائے۔

چونکہ انسان میں جنسی قوت مکمل زور کے ساتھ موجود ہے اور موقع ملتے ہیں اس کا ناجائز استعمال ہوسکتا ہے، اس لئے اسلام نے غیر محرم عورت کی طرف دیکھنے سے منع فرمایا، اور نہ صرف دیکھنے بلکہ اس کے ساتھ میل جول رکھنے، سفر میں جانے، اور تنہائی میں بیٹھنے کو بھی سختی سے ممنوع قرار دیا۔ جیسا کہ گذشتہ اوراق میں احادیث گزر چکی ہیں، اور ایک اور حدیث پاک میں ہے کہ "شیطان انسان کی رگوں میں خون کی طرح گردش کرتا ہے۔ (۱۲۳)" اور جب دو غیر محرم وجود کسی اکیلی جگہ پر اکٹھے ہونگے تو شیطانی خیالات و وساوس سے بچنا بہت ہی مشکل ہوگا۔ اسی لئے اسلام نے غیر محرم خواتین کے ساتھ تنہائی میں بیٹھنا ممنوع قرار دیا تاکہ فحاشی وعریانی اور بے حیائی کے سیلاب کے آگے بند باندھا جاسکے۔

## اگر تنہائی میں بیٹھنا ہو تو:

شرعی طور پر کسی اجنبی خاتون کے ساتھ تنہا بیٹھنا جائز نہیں ہے۔ ہاں اگر کوئی تیسرا وجود ساتھ بیٹھ جائے تو جائز ہے، جیسا کہ حدیث پاک میں بیان ہو چکا ہے۔ یعنی کسی تیسرے وجود سے تنہائی کا حکم ختم ہو جاتا ہے عام ازیں کہ وہ مرد ہو یا عورت، یا کوئی کمسن تمیزدار بچہ ہو جس سے حیاء کی جاتی ہے۔ لہذا کسی چھوٹے بچے (لڑکا ہو یا لڑکی) کو ساتھ لیکر اگر خاطب و مخطوبہ تنہائی میں کوئی گفتگو کرنا چاہیں تو جائز ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ بچہ بالکل کم عمر نہ ہو بلکہ اتنا بڑا ہو کہ عام طور پر اس سے حیاء کی جاتی ہو۔ (۱۲۴)

---

(۱۲۳) ..... صحیح مسلم معه النووی، جلد:14، صفحه:155

(۱۲۴) ..... الزرکشی علی الخرقی، جلد:5، صفحه:146



Marfat.com

نواں باب

# رؤیة مخطوبہ

## کے قواعد وضوابط کا خلاصہ



Marfat.com

## رؤیتِ مخطوبہ کے قواعد وضوابط کا خلاصہ:

گذشتہ اوراق میں منگیتر کو دیکھنے سے متعلق قواعد وضوابط اور مسائل واحکامات تفصیلاً نظر نواز ہو چکے ہیں، اب ان مسائل کا خلاصہ ایک ترتیب کے ساتھ پیش کرتا ہوں تا کہ وہ لوگ بھی مستفید ہو سکیں جو تفصیلی ابحاث کا مطالعہ نہ کر سکے یا جنہوں نے کوشش تو کی مگر کماحقہ استفادہ نہ کر پائے۔

(1)...... جب کوئی آدمی کسی عورت سے شادی کرنے کا عزم بالجزم کر لے تو اس کیلئے اس عورت کو دیکھ لینا جائز ہے۔ چاہے عورت کو اس کا علم ہو یا نہ۔ چاہے عورت سے اجازت لی ہو یا نہ لی ہو۔ چاہے منگنی کرنے سے پہلے دیکھے یا منگنی کر لینے کے بعد۔

(2)...... مرد کا غالب گمان یہ ہو کہ مجھے پیغامِ نکاح کا جواب ہاں میں ملے گا۔ لیکن اگر اس کا غالب گمان ہو کہ شادی کیلئے ''نہ'' ہو جائے گی تو عورت کو دیکھنا جائز نہیں۔

(3)...... زیادہ سے زیادہ عورت کے ان اعضاء کو دیکھنا جائز ہے جن کو کوئی محرم دیکھ سکتا ہے۔ مثلاً چہرہ، ہاتھ، قدم، گردن اور سر وغیرہ۔

(4)...... عورت کو دیکھنے کیلئے تنہائی میں نہ بیٹھے۔ بلکہ وہاں کسی محرم مرد یا عورت یا کسی تمیز دار بچے کا ہونا ضروری ہے۔ اگر تنہائی میں ملاقات کی جائے تو جائز نہیں کیونکہ وہ دونوں ایک دوسرے کیلئے اجنبی ہیں اور اجنبی کے ساتھ تنہائی اختیار کرنا حرام ہے۔

(5)...... منگیتر کو دیکھتے ہوئے ''تلذذ'' کی نیت نہ ہو۔ کیونکہ تلذذ (لذت و خواہش) کی نظر سے دیکھنا صرف شوہر اور بیوی کیلئے جائز ہے اور منگنی نکاح کے حکم میں نہیں ہوتی۔



Marfat.com

(6)...... مخطوبہ کو دیکھتے وقت مرد ثورانِ شہوت (شہوت کے غلبے) سے امن میں ہو۔ کیونکہ ایسی صورت میں عورت کو دیکھنا فتنے کا باعث ہے۔

(ثورانِ شہوت کے دوران مخطوبہ کو دیکھنے میں فقہاء کا اختلاف ہے۔ مالکیہ (۱۲۵) اور حنابلہ (۱۲۶) عدمِ جواز کے قائل ہیں جبکہ احناف (۱۲۷) اور شوافع (۱۲۸) اس کی اجازت دیتے ہیں۔)

(۱۲۵)...... مواهب الجليل ،جلد:3،صفحه:405

منح الجليل ،جلد:2،صفحه:405

الخرشي على الخليل ،جلد:3،صفحه:166

الشرح الكبير،جلد:2،صفحه:215

(۱۲۶)...... المغني ، جلد:9،صفحه:490

المبدع،جلد:7،صفحه:7

كشاف القناع ،جلد:5،صفحه:10

شرح منتهى الارادات ،جلد:3،صفحه 4

(۱۲۷)...... البدائع الصنائع، جلد:5،صفحه:122

تبيين الحقائق ،جلد:6،صفحه 18

البحر الرائق،جلد:8،صفحه 218

حاشيه ابن عابدين ،جلد:6،صفحه:370

(۱۲۸)...... روضة الطالبين ،جلد 7،صفحه:20

مغني المحتاج ،جلد 3،صفحه:128

نهاية المحتاج ،جلد 6،صفحه:186

شرح المحلي ،جلد:3،صفحه:319



Marfat.com

(7)...... خاطب اور مخطوبہ کا بدن ایک دوسرے سے مس نہ کرے۔ اگرچہ تلذذ اور شہوت کے بغیر ہو۔ کیونکہ یہ اجنبی ہیں اور اجنبی عورت سے مصافحہ کرنا اور اس کے جسم کو مس کرنا حرام ہے۔ جیسا کہ حدیث پاک میں ہے۔ حضرت امیمہ بنت رقیقہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اِنِّیْ لَا اُصَافِحُ النِّسَآءَ(۱۲۹)''

میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتا۔

اسی طرح حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

تم میں سے کسی کے سر کو لوہے کی سویوں سے داغ دینا اس کیلئے کسی غیر محرم عورت کو مس کرنے سے بہتر ہے۔(۱۳۰)

(8)...... نہ تو زیادہ دیر تک دیکھا جائے اور نہ ہی اس کی تعداد، قدرِ مطلوب (جس سے مقصد حاصل ہو جائے) سے زائد ہو۔ لہذا جیسے ہی آدمی اپنی مخطوبہ کے اوصاف پر مطلع ہو

(۱۲۹)...... مسند احمد ،جلد:3،صفحہ:357

سنن ابن ماجہ ،جلد:2،صفحہ:959

سنن الترمذی ،جلد:4،صفحہ:152

سلسلة الاحادیث الصحیحة للالبانی،حدیث نمبر:529

(۱۳۰)......المعجم الکبیر للطبرانی ،جلد:20،صفحہ:212-211

مجمع الزوائد ،جلد:4،صفحہ:326(وقال رجاله رجال الصحیح)

الترغیب و الترھیب،جلد:3،صفحہ:39(وقال ایضا کماقال الھیثمی)

سلسلةالاحادیث الصحیحة،حدیث نمبر:226



Marfat.com

جائے، دیکھنا ترک کر دیا جائے۔ (مخطوبہ کو دیکھنے کا مقصد اس کے اوصاف و اخلاق کو جاننا ہے، اس مقصد کے حصول کیلئے چاہے ایک بار دیکھے، دو بار یا اس سے زائد مرتبہ دیکھے۔ مگر جیسے ہی اوصاف و اخلاق کا علم ہو جائے اور دل نکاح کرنے پر مطمئن ہو جائے، تو دیکھنا ناجائز و حرام ہو جائے گا۔)

(9) مرد یا عورت کا چہرہ ہر قسم کے سرخی پوڈر اور میک اپ وغیرہ سے پاک ہو۔ دونوں میں سے کسی نے نہ تو اپنے بالوں کو رنگا ہو اور نہ ہی کوئی ایسی شے استعمال کی ہو جو حقیقت احوال کو جاننے میں مانع ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ دھوکہ اور تدلیس ہے اور اس سے اسلام اور نبی اسلام ﷺ نے منع فرمایا ہے۔ فرمان رسول ﷺ ہے "مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا" (۱۳۰) "یعنی جس نے ہمیں دھوکہ دیا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

ایک تو ایسا کرنا دھوکہ دینے کے مترادف ہے اور دوسرا اس سے مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے کیونکہ دیکھنے سے مطلب تو عورت یا مرد کے اوصاف و عیوب پر مطلع ہونا ہے۔ جب میک اپ وغیرہ کے ذریعے ان کو چھپا لیا جائے تو مقصد کیا حاصل ہوگا۔

---

۱۳۰۔ صحیح مسلم، حدیث نمبر ۱۰۲

Marfat.com

دسواں باب

# رؤیۃ مخطوبہ

## کے بعد انکار یا اظہار کے مسائل



Marfat.com

## رؤیۃ مخطوبہ کے بعد اظہار یا انکار کے مسائل:

مرد وعورت کے ایک دوسرے کو دیکھ لینے کے بعد دو ہی صورتیں سامنے آتی ہیں۔ یا تو رشتہ قبول ہو جاتا ہے اور نکاح کیلئے ہاں ہو جاتی ہے یا پھر انکار ہو جاتا ہے۔ اگر رشتہ منظور ہو جائے تو اللہ تعالیٰ سے دونوں کی باہمی محبت کیلئے دعا کرنی چاہئے تاکہ ان کی زندگی خوشگوار گزرے۔ اور اگر خدانخواستہ انکار کی نوبت آجائے اور مرد وعورت ایک دوسرے کو پسند نہ کر سکیں یا ایک دوسرے کے معیار پر پورے نہ اتر سکیں، تو کسی کی دلآزاری کئے بغیر وہاں سے چلے جائیں۔ مرد نہ تو عورت کے عیوب کی تشہیر کرے اور نہ کوئی ایسا جملہ زبان سے نکالے جو اس کیلئے اذیت اور تکلیف کا باعث ہو۔ جانے کے بعد بھی کسی دوسرے آدمی کے ساتھ ایسی گفتگو نہ کی جائے جس کی وجہ سے اس عورت کے رشتے میں رکاوٹ پیدا ہو اور اگر کوئی دوسرا شخص اس کو نکاح کا پیغام دینا چاہتا ہے تو اسے بدظن کرنے اور اس کے خلاف بھڑکانے کی قطعاً کوشش نہ کی جائے۔

اگر کسی شخص کو لڑکی پسند نہ آئے اور وہ اسے انکار کرنا چاہتا ہے تو کونسا طریقہ اختیار کرنا چاہئے؟ اس کے بارے میں بھی علماء کرام نے چند مسائل کا ذکر کیا ہے۔

فقہاء کرام فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو لڑکی پسند نہ آئے تو واضح طور پر نہ کہے کیونکہ اس سے اس کی دل آزاری ہوگی اور اسے تکلیف پہنچے گی۔(۱۳۲)

---

(۱۳۲) روضۃ الطالبین ،جلد:7،صفحہ:21

المجموع شرح المھذب ،جلد:16،صفحہ:138-139

مغنی المحتاج ،جلد:3،صفحہ:128

نہایۃ المحتاج ،جلد:6،صفحہ:186

تحفۃ المحتاج ،جلد:7،صفحہ:191



Marfat.com

اس کیلئے یہ بھی مناسب ہے کہ اس معاملے میں خاموشی اختیار کر لی جائے۔ جب کچھ مدت گزر جائے گی تو کوئی جواب نہ پا کر وہ سمجھ جائیں گے کہ ان کا ارادہ نہیں ہے۔ باوجود اس کے کہ طویل خاموشی بھی ان کیلئے اذیت اور تکلیف کا باعث ہوگی مگر یقیناً اس خاموشی کی تکلیف اس تکلیف سے کم ہوگی جو صراحۃً منہ پہ جواب دینے سے پہنچ سکتی ہے۔ (۱۳۳)

شوافع میں سے صاحب تحفۃ المحتاج نے یہ بھی لکھا ہے کہ خاموشی کے علاوہ انکار کا یہ طریقہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان کے ساتھ کوئی ایسی شرط رکھ دی جائے جسے وہ پورا نہ کر سکتے ہوں اور شادی سے انکار ہو جائے۔ (۱۳٤)

لیکن یہ طریقہ مناسب نہیں کیونکہ اس سے دل آزاری یا تکلیف تو جو ہوگی وہ الگ بات ہے، ایک دوسرے کے بارے میں غلط گمان قائم ہو جائیں گی اور لوگوں میں نفرت بڑھے گی۔ اس کی بجائے اس قول پر عمل کیا جائے جو اکثر علماء سے منقول ہے کہ یا تو خاموشی اختیار کر لی جائے یا واضح طور پر مہذبانہ انداز میں بتا دے اور ایسا طریقہ اختیار کرے جو ایذاء اور تکلیف کا باعث نہ ہو مثلاً اس طرح کہہ دے کہ

"اللہ تعالیٰ نے یہ ہمارے مقدر میں نہیں لکھا"

جن فقہاء نے خاموشی اختیار کرنے کا قول کیا ہے ان کی دلیل، حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ والی حدیث ہے، جس میں ایک عورت نے اپنا آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے ہبہ کیا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھ کر اپنا سر جھکا لیا تھا اور منہ سے کچھ بھی ارشاد نہ فرمایا، یعنی خاموشی اختیار فرمائی۔

---

(۱۳۳)......نهاية المحتاج ،جلد:6،صفحه:186

تحفة المحتاج ،جلد:7،صفحه:192

(۱۳٤)......تحفة المحتاج ،جلد:7،صفحه:192



Marfat.com

خاطب پر لازم ہے کہ مخطوبہ کو دیکھنے کے بعد اگر انکار ہو جائے تو پردہ دار بیبیوں کے راز دوسروں پر افشاء نہ کرتا پھرے۔ وہ نہ تو عورت کے عیوب کسی کے سامنے بیان کرے اور نہ ہی اسے یا اس کے گھر والوں کو برے الفاظ سے یاد کرے۔ نہ کوئی ایسی بات زبان سے نکالے جسے اس کے گھر والے ناپسند کرتے ہوں کیونکہ یہ غیبت ہے اور غیبت حرام اور گناہ کبیرہ ہے۔

یاد رہے کہ جس طرح مرد پر لازم ہے کہ وہ عورت کے متعلق دوسروں کے سامنے گفتگو نہ کرے اسی طرح عورت اور اس کے گھر والوں پر بھی لازم ہے کہ وہ مرد کا ذکر بھی کسی دوسرے کے سامنے نہ کریں اور نہ ہی اسے برے لفظوں میں یاد کریں۔

اگر خاطب و مخطوبہ ایک دوسرے کے عیوب لوگوں میں بیان کریں گے تو غیبت کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے کے رشتے میں بھی رکاوٹ کا سبب بنیں گے۔ اور یہ سب اسلام میں جائز نہیں ہے۔ بلکہ انہیں چاہیے کہ جس حد تک ہو سکے دوسروں کے سامنے ایک دوسرے کے متعلق یا ان کے گھر والوں کے بارے میں اچھے کلمات ادا کریں تاکہ ان کے رشتے میں رکاوٹ پیدا نہ ہو اور اگر کوئی دوسرا آدمی نکاح کا پیغام دینا چاہتا ہو تو بدظن نہ ہونے پائے۔

☆☆☆☆☆☆



Marfat.com

# گیارھواں باب

☆......شادی کیلئے دیکھی جانے والی صفات

☆......**صفاتِ خَلقیہ**

☆...... **صفاتِ خُلقیہ**

☆......**صفاتِ فکریہ**

☆...... ٹیلی فون پر باتیں کرنا

☆......میسجز SMS کے ذریعے بات کرنا



Marfat.com

## شادی کیلئے دیکھی جانے والی صفات:

حدیث پاک کے الفاظ ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کسی عورت سے چار چیزوں کی وجہ سے شادی کی جاتی ہے۔

(۱) ......مال (۲)......خاندان (۳)......خوبصورتی (۴)......دین

(اے مخاطب!) تیرے ہاتھ خاک آلود ہوں تم دین کو فوقیت دینا۔(۱۳۵)

اس حدیث پاک میں رسول اکرم ﷺ نے چار چیزوں کا ذکر فرمایا ہے جن کی وجہ سے کسی خاتون سے شادی کی جاتی ہے۔آپ ﷺ نے دین کو فوقیت دینے کا حکم ارشاد فرمایا ہے مگر باقی چیزوں کی نفی نہیں فرمائی۔یعنی جب کسی سے شادی کرنی ہو تو ان اوصاف میں سے کسی کی بھی وجہ سے شادی کی جاسکتی ہے البتہ دین و اخلاقیات کو فوقیت دینا اولیٰ ہے۔یاد رہے کہ یہاں دین سے مراد مذہب نہیں بلکہ اخلاقیات اور صفاتِ حسنہ ہیں۔لہذا کسی ہندو پارسی وغیرہ سے "مال، خاندان یا خوبصورتی" کی بنا پر شادی نہیں کیا جاسکتی۔بلکہ اس کا مسلمان ہونا ضروری ہے اور اسلام کے بعد اس کی دینداری، حسن اخلاق اور اچھی صفات کو ترجیح دینا اولیٰ ہے۔

اس بات میں شک نہیں کہ کوئی مرد جب شادی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کی کوشش ہوتی ہے کہ جس عورت سے اس کا نکاح ہو وہ حسن و جمال، تقویٰ، اخلاقِ حسنہ اور بہترین قوتِ فکر کی مالک ہو اور اسی طرح عورت بھی یہ چاہتی ہے کہ اس کا مجازی خدا، شکل و صورت اور اخلاق و افکار میں یکتا ہو۔

مذکورہ حدیث پاک میں بیان کردہ صفات کو مجموعی طور پر تین اقسام میں تقسیم کیا

---

(۱۳۵) صحیح بخاری ،جلد:6،صفحہ:123

صحیح مسلم ،جلد:2،صفحہ:1086،حدیث نمبر:1466



Marfat.com

جا سکتا ہے۔

(1) صفاتِ خَلقیہ

(2) صفاتِ خُلقیہ

(3) صفاتِ فکریہ

ان میں سے کچھ صفات ایسی ہیں جنکی پہچان کیلئے رؤیۃ ضروری ہے اوراس وقت تک ان صفات کی حقیقتاً پہچان نہیں ہوسکتی جب تک خود مخطوبہ کو دیکھ کران صفات کا اندازہ نہ لگایا جائے۔اور کچھ ایسی ہے کہ جن تک رسائی دیکھ کرنہیں ہوسکتی بلکہ کسی دوسرے کے ذریعے ان صفات کو معلوم کیا جا سکتا ہے،مثلاً رشتہ داروں یا دوستوں اور سہیلیوں سے مل کر۔اور کچھ صفات ہیں کہ نہ تو صرف دیکھ معلوم ہوتی ہیں اور نہ کسی کے بتانے سے، بلکہ ان صفات کو مخطوبہ سے گفتگو کر کے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ہم ان تینوں قسم کی صفات پر قدرے تفصیل سے گفتگو کرتے ہیں۔

## صفات خلقیہ :

صفاتِ خَلقیہ یعنی شکل وصورت،خوبصورتی وبدصورتی،قد وقامت،اورجسم کا موٹاپایا کمزوری وغیرہ،ان کو پہچاننے کیلئے''دیکھنا''بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔اگرچہ ان چیزوں کی معلومات کسی دوسرے کے بتانے سے بھی حاصل ہو جاتی ہیں لیکن ہم یہ بات پہلے بھی واضح کر چکے ہیں کہ کسی وصف کو ایک آدمی اچھا تصور کرتا ہے مگر دوسرے کی نظر میں وہ خوبی نہیں بلکہ خامی ہوتی ہے۔لہذا ان صفات کو جاننے کیلئے مخطوبہ کو دیکھنا ناگزیر ہے۔اور یہ اوصاف کسی کے بیان کرنے سے نہیں بلکہ خود دیکھنے سے تسلی کی حد تک معلوم ہوتے ہیں۔

یہاں یہ بات دہرانا فائدہ سے خالی نہیں ہوگا کہ ایسے موقع پر میک اپ کرنا یا دیگر

Marfat.com

اشیائے زینت کا استعمال درست نہیں ہے، کیونکہ ان کے استعمال سے اصل اوصاف چھپ جاتے ہیں اور مقصد حاصل نہیں ہوتا۔

## صفات خُلقیہ :

حدیث پاک کے مطابق جن چیزوں کی وجہ سے کسی عورت سے شادی کی جاتی ہے، ان میں سے ایک دینداری ہے اور آپ ﷺ نے دینداری کو ہی فوقیت دینے کا حکم ارشاد فرمایا۔

حسن اخلاق اور دین داری کو تمام صفات پر فوقیت حاصل ہے۔ انہی صفات کو "صفاتِ خُلقیہ" کہا جاتا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا ان صفات کو جاننے کیلئے بھی رؤیتہ ضروری ہے یا نہیں۔

یہ صفات غیر محسوس اور ظاہری طور پر نظر نہ آنے والی صفات ہیں۔ اور ظاہری بات ہے کہ جب کوئی شخص کسی سے ملاقات کرتا ہے اور خاص طور پر ایسی ملاقات جس کی بنیاد پر ازدواجی تعلق قائم کرنا ہو، تو انسان خود میں ایسی صفات بناوٹی طور پر بھی پیدا کر سکتا ہے جن سے کسی کو متاثر کیا جا سکے۔ لہذا یہ صفات دیکھنے سے نہیں، بلکہ کسی قریبی رشتہ دار، اہل محلہ، یا خاطب و مخطوبہ کے سچائی پسند دوستوں اور سہیلیوں کے ذریعے سے معلوم کی جا سکتی ہیں۔ تو اس کیلئے مناسب یہ ہے کہ انسان صرف اپنے دیکھنے پر اعتماد نہ کرے بلکہ اس کے قریبی دوست و احباب کے ذریعے صفاتِ خُلقیہ کے متعلق معلومات حاصل کرے۔ اور اس میں کسی قسم کی قباحت یا خاطب و مخطوبہ میں سے کسی کیلئے ننگ و عار نہیں ہے۔ عام طور پر لوگ یہ کہہ کر جذباتی پن میں مبتلا کر دیتے ہیں کہ "کیا آپ کو ہم پر اعتماد نہیں ہے۔" لہذا ایسے جملے بول کر کسی کو معلومات اکٹھی کرنے سے روکنا درست نہیں ہے، اعتماد اپنی جگہ پر ہے مگر دلی تسلی کیلئے اگر کوئی پوچھتا ہے تو یہ اس کا اخلاقی اور شرعی حق ہے۔



Marfat.com

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی دلی تسلی کیلئے خالق کائنات جل جلالہ سے عرض کیا تھا:

''رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی''

اے میرے پروردگار! مجھے دکھا تو مردوں کو کیسے زندہ کرتا ہے۔

تو اللہ رب العزت نے فرمایا:

''اَوَلَمْ تُؤْمِنْ''

کیا تجھے ہم پر یقین نہیں ہے؟

جناب خلیل اللہ علیہ السلام عرض گزار ہوئے

''بَلٰی وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ (۱۳۶)''

میرے مولا مجھے تجھ پر ایمان و یقین ہے مگر میں نے دل کی تسلی کیلئے پوچھا ہے۔

معلوم ہوا کہ اعتماد و یقین ایک الگ بات ہے مگر دلی تسلی اور اطمینان بہر حال ایک ضروری چیز ہوتی ہے۔

## صفات فکریہ:

صفاتِ فکریہ سے مراد آدمی کی سوچ، اس کے خیالات، تفکر و تدبر کی قوت اور مافی الضمیر کو احسن پیرائے میں بیان کرنا ہے۔ اور ان صفات کو بات کئے بغیر نہیں جانا جا سکتا۔

لہذا سوال پیدا ہوتا ہے کہ مخطوبہ سے گفتگو کرنا جائز ہے یا نہیں۔

منگیتر سے گفتگو کرنا شرعاً جائز ہے۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْ اَنْفُسِكُمْ

(۱۳۶)...... القرآن الکریم، سورۃ البقرۃ، آیت:260



Marfat.com

عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّا اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا۔(۱۳۷)

یعنی تم پر کوئی گناہ نہیں ہے کہ تم عدت والی عورتوں کو اشارۃً نکاح کا پیغام دو یا اپنے دلوں میں چھپائے رکھو۔ اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے کہ تم ضرور ان سے ذکر کرو گے، لیکن تم ان سے کوئی خفیہ وعدہ نہ کر لینا، ہاں مگر تم کوئی اچھی بات کرو۔

اس آیت کریمہ میں اللہ رب العزت نے اس عورت سے اچھی بات کرنے کا ذکر فرمایا ہے جس کو نکاح کا پیغام دیا جائے۔ اس آیت کریمہ میں اگر چہ ان عورتوں کا ذکر ہے جن کے شوہر وفات پا گئے ہوں اور وہ عدت گزار رہی ہوں۔ مگر مسئلہ یہی بیان ہو رہا ہے کہ ان کو جب کوئی نکاح کا پیغام دے رہا ہو تو واضح الفاظ میں نہ کہے بلکہ اشارے کنائے سے کہے اور کوئی اچھی بات کرے۔ اس سے یہ مسئلہ بالکل واضح ہو جاتا ہے کہ مخطوبہ سے اچھی گفتگو کرنا جائز ہے مگر فضول اور مہمل باتیں کرنا ناجائز اور غلط ہے۔

اسی طرح حدیث پاک میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کو نکاح کا پیغام دیا اور یہ دونوں شخصیات باہم گفتگو کرتی تھیں۔ چنانچہ جب رسول اکرم ﷺ نے نکاح کا پیغام دیا تو حضرت ام ہانی نے عرض کیا

"وَاللّٰهِ اِنِّیْ كُنْتُ لَاُحِبُّكَ فِی الْجَاهِلِيَّةِ فَكَيْفَ فِی الْاِسْلَامِ لٰكِنِّیْ امْرَاَةٌ مُصْبِيَةٌ فَاَكْرَهُ اَنْ يُّؤْذُوْكَ ۔(۱۳۸)"

یعنی قسم بخدا! میں تو زمانہ جاہلیت میں بھی آپ ﷺ کو پسند کیا کرتی تھی تو اسلام میں کیسے ہو سکتا ہے نہ کروں۔ لیکن میں بال بچے دار خاتون ہوں، نہیں چاہتی کہ بچے آپ کو

(۱۳۷) القرآن الکریم، سورۃ البقرۃ، آیت: 235

(۱۳۸) المستدرک للحاکم، جلد 4، صفحہ: 53



Marfat.com

تکلیف پہنچائیں۔

اوپر ذکر کی گئی آیت کریمہ اور اس حدیث پاک سے بالکل واضح ہے کہ مخطوبہ سے گفتگو کرنا جائز ہے۔ یاد رہے کہ اس سے مراد یہ نہیں کہ خاطب و مخطوبہ جب چاہیں باتیں کر سکتے ہیں، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب نکاح کا پیغام دیا ہو تو اس کی فکری صفات کو جاننے کیلئے اس کے ساتھ بات چیت کرنا، جب تک اس کو دیکھا جا سکتا ہے تب تک بات بھی کی جا سکتی ہے۔

منگیتر سے گفتگو کرکے دو مقصد حاصل ہوتے ہیں۔

(1)......اس کی آواز کی خوبصورتی اور مٹھاس، بات کرنے کا طریقہ اور کیفیت اور اسی طرح زبان کا کسی بیماری وغیرہ سے پاک ہونا معلوم ہو جاتا ہے۔

(2)......اس کے فکری مناہج اور غور و خوض کی کیفیت کا بھی علم ہو جاتا ہے۔

اور یہ ایسے مقاصد ہیں جو فقط ظاہری شکل و صورت دیکھنے حاصل نہیں ہوتے۔ لہذا ان مقاصد کے حصول کیلئے اور اپنے جیون ساتھی کی فکری بلندی یا پستی کو جاننے کیلئے اس سے گفتگو کرنا جائز اور درست بلکہ کسی حد تک لازمی ہے۔

## ٹیلی فون پر بات کرنا:

نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کا فون پر ایک دوسرے سے باتیں کرنا آج خطرناک حد تک بڑھ چکا ہے اور رہی سہی کسر موبائل نیٹ ورکس نے سستے داموں لمبی کال کرنے کے پیکیجز آفر کرکے نکال دی ہے۔ ایسے حالات میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا اپنی منگیتر کے ساتھ فون پر بات کرنا کیسا ہے۔

ہم پہلے بیان کر آئے ہیں کہ مخطوبہ کی فکری صفات کو جاننے کیلئے گفتگو کرنا جائز ہے۔



Marfat.com

اور اس کی مدت صرف اتنی ہے جتنی دیر میں ضروری معاملات پر گفتگو ہو سکے۔ منگنی ہو جانے کے بعد منگیتر سے باتیں کرنے میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض نے اس کی اجازت دی ہے اور بعض علماء کے نزدیک ایسا کرنا درست نہیں کیونکہ جب تک نکاح نہ ہو جائے خاطب ومخطوبہ ایک دوسرے کیلئے اجنبی اور غیر محرم ہیں۔ ڈاکٹر محمد بن ناصر الجعوان لکھتے ہیں۔

(مفہوم) خطرناک امور میں سے خاطب ومخطوبہ کا ایک دوسرے سے باتیں کرنا بھی ہے جبکہ ان کی ابھی شادی نہیں ہوئی۔ ایسا کرنے سے ان کے درمیان ہلاکت خیز شوق اور خواہشات جنم لیتی ہیں اور ملاقات کا شوق پیدا ہوتا ہے۔ پھر وہ دونوں ایک دوسرے کے سامنے آجاتے ہیں اور یہ بہت بڑا عیب اور ان دونوں کے حق میں نقصان ہے۔ اور شرعی حدود سے خروج ہے کیونکہ شریعت نے صرف دیکھنے کا حق دیا تھا اور وہ بھی محدود وقت تک۔ (۱۳۹)

شیخ مصطفیٰ العدوی اس مسئلہ پر گفتگو کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

اَلظَّاهِرُ ...... وَاللّٰهُ تَعَالىٰ اَعْلَمُ ...... اِنَّ حَدِيْثَ الْمَرْاَةِ مَعَ الرَّجُلِ فِي التَّيلِيفُوْنِ لِلْحَاجَةِ جَائِزٌ اِذْ لَا دَلِيْلَ صَرِيْحٌ يَمْنَعُ مِنْ ذٰلِكَ ، وَلٰكِنْ يَلْزَمُهَا اَنْ لَا تَخْضَعَ لَهُ بِالْقَوْلِ وَلَا تَتَكَلَّمُ مَعَهُ اِلَّا بِالْمَعْرُوْفِ ، وَيَكُوْنُ كَلَامُهَا مَعَهُ بِقَدْرِ الْحَاجَةِ الْمَطْلُوْبَةِ شَرْعًا۔ (۱۴۰)

(حقیقت احوال اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے مگر) ظاہر یہ ہے کہ عورت کا کسی مرد سے ٹیلی فون کے ذریعے ضروری بات کرنا جائز ہے، کیونکہ اس سے روکنے پر کوئی صریح دلیل نہیں ہے۔ لیکن عورت کیلئے ضروری ہے کہ مرد سے بات کرتے ہوئے (گفتگو میں) نرمی اختیار نہ کرے اور نہ ہی اچھی بات کے علاوہ کوئی اور گفتگو کرے۔ اور اس کا مرد کے ساتھ کلام صرف

(۱۳۹) معالم مکتوبہ فی رؤیۃ مخطوبہ، صفحہ: 16-15

(۱۴۰) جامع احکام النساء، جلد: 4، صفحہ: 367



Marfat.com

اتنا ہو جتنا کہ کسی ضرورت کے وقت شرعاً ہو سکتا ہے۔

شیخ صالح الفوزان سے یہ سوال کیا گیا کہ دو منگیتروں کا ایک دوسرے سے موبائل کے ذریعے بات کرنا کیسا ہے؟ تو وہ جواباً تحریر کرتے ہیں۔

مُكَالَمَةُ الْخَطِيْبِ لِخَطِيْبَتِهٖ عَبْرَ الْهَاتِفِ لَابَأْسَ بِهٖ ، اِذْكَانَ بَعْدَ الْاِسْتِجَابَةِ لَهٗ ،وَكَانَ الْكَلَامُ مِنْ اَجْلِ الْمُفَاهَمَةِ وَبِقَدْرِ الْحَاجَةِ ،وَلَيْسَ فِيْهِ فِتْنَةٌ ،وَكَوْنُ ذَالِكَ عَنْ طَرِيْقِ وَلِيِّهَا اَتَمُّ وَاَبْعَدُ عَنِ الرِّيْبَةِ۔(١٤١)

موبائل کے ذریعے ،خاطب ومخطوبہ (منگیتروں) کے ایک دوسرے سے بات کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ جبکہ کے رشتہ طے ہو جانے کے بعد ہو اور بات بغاہمت کیلئے کی جائے ، بقدر ضرورت ہو اور اس میں فتنہ نہ ہو۔ ان کی گفتگو کا لڑکی کے ولی کے ذریعے ہونا زیادہ مناسب ہے اور شکوک وشبہات سے زیادہ دور ہے۔

خلاصہ کلام:

یہ بات اپنی جگہ مسلمہ ہے کہ خاطب ومخطوبہ منگنی ہو جانے کے باوجود ایک دوسرے کیلئے اجنبی اور غیر محرم ہیں، جن کا بغیر کسی ضرورت کے ایک دوسرے سے بات کرنا شرعاً جائز نہیں ہے۔ مذکورہ فتاویٰ میں جس گفتگو کی اجازت کا ذکر ہے اس سے مراد منگنی کے وقت ہونے والی چند لمحوں کی گفتگو ہے جو ایک دوسرے کے خیالات سے واقفیت حاصل کرنے کیلئے ہوتی ہے۔ یا پھر کسی مجبوری کے تحت ہونے والی گفتگو مثلاً کسی ناخوشگوار حادثے کی خبر دیتے وقت اگر مخطوبہ فون رسیو کرلے تو حادثے کی خبر دینے کیلئے بات کرنے میں حرج نہیں ہے مگر جہاں تک مروجہ طریقہ کار کے مطابق موبائل یا ٹیلی فون پر بات کرنے کا تعلق ہے تو یہ ناجائز

(١٤١)...... فتاوی المرأة المسلمة ،صفحہ:364



Marfat.com

اور ممنوع ہے۔ واللہ واعلم بالصواب

## SMS کرنے کا حکم:

دورِ حاضر میں ایس ایم ایس SMS ایک خاموش پیغام رساں ہے جس سے کسی بھی قسم کی پیغام رسانی کا کام لیا جاسکتا ہے۔ خاطب ومخطوبہ کے SMS کے ذریعے بات کرنے کے متعلق کسی کتاب یا مطبوعہ فتاویٰ جات میں کوئی بات راقم الحروف کو نہیں مل سکی۔ تاہم چند الفاظ پیش خدمت ہیں۔

شریعت مطہرہ نے خاطب ومخطوبہ (منگیتروں) کے ایک دوسرے کو دیکھنے یا بات کرنے کی جتنی عام حالات میں اجازت دی ہے، SMS کے ذریعے بات کرنے میں بھی اتنی ہی اجازت ہے۔ اگرچہ SMS کے ذریعے بات کرنے سے صورت کو دیکھنے یا کلام و زبان کی مٹھاس ونرمی محسوس کرنے والی صورتیں ظاہر نہیں ہوتیں، مگر اس کے ذریعے برائی کی طرف لے جانے والی چیزوں کی طرف راہنمائی ملتی ہے۔ اور جو چیز گناہ کا سبب بنے، وہ بھی گناہ ہوتی ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ شریعت مطہرہ نے عورت کو کتابت (لکھنا سکھانے) سے منع کیا ہے۔ (۱٤۲) اور اس کی ممانعت کی حکمتوں میں سے ایک حکمت یہ بھی ہے کہ اگر لڑکی کو لکھنا سکھایا جائے تو ممکن ہے وہ کتابت کے ذریعے کسی غیر محرم سے تعلقات قائم کرلے اور اپنی اور اہل خانہ کی عزت کو خاک میں ملانے کا باعث بنے۔ چونکہ SMS کے ذریعے بات کرنے میں کتابت بھی پائی جاتی ہے جس کی بنیاد پر اس کے عدم جواز کا قول کیا جائے گا۔

---

(۱٤۲)...... عورت کو کتابت سکھانے میں علماء کا اختلاف ہے۔ راجح قول کے مطابق عورت کیلئے کتابت (لکھنا) سیکھنا جائز ہے۔ لیکن اگر فتنے کا خوف ہو جیسا کہ زیر بحث مسئلہ میں اس کی طرف اشارہ موجود ہے، تو عورت کو کتابت سکھانا ممنوع اور ناجائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب



Marfat.com

تیسری بات یہ ہے کہ جن کاموں کو کرنے سے شریعت نے منع کیا ہے، ان کاموں کے قریب قریب کے مباح (جائز) کاموں سے بھی بچنے کی ترغیب دی ہے۔ تاکہ کوئی شخص جائز کام کرتے کرتے ناجائز میں نہ داخل ہو جائے۔ قرآن مجید میں اللہ رب العزت فرماتا ہے "تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا (۱۴۳)" یہ اللہ کی (بیان کی ہوئی) حدیں ہیں پس تم ان کے قریب بھی مت آؤ۔

اسی طرح حدیث پاک میں ایک مثال بیان فرمائی گئی ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ کوئی بکری ممنوعہ چراگاہ کے کنارے کنارے چر رہی ہے مگر اس چراگاہ میں داخل نہیں ہوتی لیکن اس صورت میں یہ خدشہ بہر حال رہتا ہے کہ وہ کسی بھی وقت ممنوعہ چراگاہ میں داخل ہو سکتی ہے اس لئے اسے ایسی چراگاہ کے کنارے پر بھی چرنے سے باز رکھنا چاہئے تاکہ بعد میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

SMS کے ذریعے بات کرنے کے عدمِ جواز پر اگرچہ صراحۃً کوئی دلیل نہیں ہے مگر ممنوعہ چراگاہ میں داخل ہو جانے کا سبب بننے کی وجہ سے اس سے باز رہنا ہی اچھا ہے۔

☆☆☆☆☆

---

(۱۴۳)......القرآن الکریم، سورۃ البقرۃ، آیت:186



Marfat.com

بارھواں باب

# مخطوبہ

## کو دیکھنے کیلئے وکیل مقرر کرنا

اور

## بدن کی عکسی تصاویر دیکھنا



Marfat.com

## لڑکی دیکھنے کیلئے وکیل مقرر کرنا:

اگر کوئی آدمی کسی وجہ سے خود لڑکی کو دیکھنے کیلئے نہ جا سکے تو اس کیلئے کسی دوسرے کو اپنا وکیل بنا کر بھیجنا جائز ہے۔اس میں دو طرح کے مسائل کا ذکر آتا ہے۔

(1)......لڑکی دیکھنے کیلئے کسی اجنبی عورت کو وکیل بنانا اور لڑکا دیکھنے کیلئے کسی اجنبی مرد کو وکیل بنانا۔

(2)...... پہلے کا الٹ، یعنی لڑکی دیکھنے کیلئے کسی اجنبی مرد کو وکیل بنانا اور لڑکا دیکھنے کیلئے کسی اجنبی عورت کو وکیل بنانا۔

(1)...... جب خاطب کسی وجہ سے خود لڑکی کو نہ دیکھ سکتا ہو، مثلاً جگہ کی دوری کی وجہ سے یا اندھے ہونے کی وجہ سے، تو کسی عورت کو اپنا وکیل بنا کر لڑکی کو دیکھنے کیلئے بھیجنا جائز ہے اور اسی طرح اگر مخطوبہ کا اپنے خاطب کو دیکھنا مشکل ہو تو کسی مرد کو اپنا وکیل بنا کر بھیجنا جائز ہے (١٤٤)۔

اس مسئلہ میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔ کیونکہ جس طرح مرد کا مرد کو دیکھنا درست ہے اسی طرح عورت کا عورت کو دیکھنا بھی جائز ہے۔

منگیتر کو دیکھنے کیلئے کسی عورت کو وکیل بنانا سنت سے ثابت ہے۔حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک عورت سے نکاح کا ارادہ فرمایا تو ایک عورت

---

(١٤٤)......حاشیہ ابن عابدین ، جلد:6،صفحہ:370

روضۃ الطالبین ، جلد:7،صفحہ:20

مغنی المحتاج ،جلد:3،صفحہ:128

حاشیۃ الدسوقی ،جلد:2،صفحہ:215

الخرشی علی الخلیل،جلد:3،صفحہ:166



Marfat.com

کو (وکیل بنا کر) اسے دیکھنے کیلئے بھیجا۔ آپ ﷺ نے اس عورت سے فرمایا:

''شُمِّی عَوَارِضَهَا وَانْظُرِیْ عُرْقُوْبَیْهَا ۔(١٤٥)''

اس کے دانت اور کونچیں (ایڑی کے اوپر کے پٹھے) دیکھنا۔

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ جب کسی عورت سے شادی کا ارادہ ہو تو پہلے اسے دیکھنا یا کسی عورت کو اسے دیکھنے کیلئے بھیجنا سنت ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ مرد کیلئے کسی عورت کو اپنا وکیل بنانا جائز ہے۔ جیسا کہ رسول اکرم ﷺ نے اس عورت کو اپنا وکیل بنا کر بھیجا تھا۔

(2)......مخطوبہ کو دیکھنے کیلئے کسی اجنبی مرد کو وکیل بنانے یا خاطب کو دیکھنے کیلئے کسی اجنبی عورت کو وکیل بنانے کے متعلق اہل علم کا کوئی قول نہیں مل سکا۔ ہاں فقہاء مالکیہ نے اس مسئلہ پر نص وارد کی ہے، اور ایسا کرنے کی اجازت دی ہے۔(١٤٦)

مگر راجح قول یہ ہے کہ ایسا کرنا درست نہیں کیونکہ اس سے غیر محرم کو دیکھنا لازم آتا ہے، جو کہ شریعت اسلامیہ میں حرام و ناجائز ہے۔

## مخطوبہ کی تصویر دیکھنا:

عام طور پر جب رشتہ طے کیا جاتا ہے تو لڑکے یا لڑکی کی تصویر دکھائی جاتی ہے اور تصویر کے ذریعے لڑکا یا لڑکی کو پسند کیا جاتا ہے۔ کیا ایسا کرنا درست اور جائز ہے؟

جب خاطب کا مخطوبہ کو یا مخطوبہ کا خاطب کو ظاہراً دیکھنا مشکل یا ناممکن ہو، مثلاً شہروں کی دوری یا کسی اور سبب سے وہ ایک دوسرے کو نہ دیکھ سکیں تو ان کی تصاویر کو دیکھنا جائز ہے۔

(١٤٥)...... المستدرك للحاكم، جلد:2، ص: 197

(١٤٦) حاشية الدسوقی، جلد:2، صفحه:215

الخرشی علی خلیل، جلد:3، صفحه:166



Marfat.com

مگر یہ بات ذہن نشین رہے کہ تصویر دیکھنے سے نہ تو کما حقہ ان کے اوصاف کا ادراک ہوسکتا ہے اور نہ ہی اخلاق وعادات کا پتہ چل سکتا ہے۔لیکن جہاں تک تصویر کو دیکھنے کا معاملہ ہے تو درج ذیل شرائط کے ساتھ جائز ہے۔

(1)......تصویر نئی اتروائی ہوئی ہو پرانی نہ ہو۔

(2)......تصویر بنانے میں مبالغہ آرائی یا دھوکہ دہی سے کام نہ لیا گیا ہو۔(جیسا آج کل فوٹو شاپ وغیرہ پروگرامز پر ایسی تصاویر بنانا کوئی مشکل بات نہیں ہے۔)

(3)......تصویر میں صرف وہ اعضاء نظر آرہے ہوں جن کا دیکھنا منگیتر کے لئے جائز ہے۔(١٤٧)

☆☆☆☆☆

(١٤٧)......خطبة النكاح،صفحہ:117



Marfat.com

# تیرھواں باب

☆...... منگنی کرنے کا صحیح طریقہ

☆...... منگنی میں ہونے والی غیر شرعی رسومات

☆...... منگنی ٹوٹنے پر مرتب ہونے والے احکام

☆...... منگنی کے تحفوں کا حکم۔



Marfat.com

## منگنی کی رسمیں اور منگنی کرنے کا صحیح طریقہ:

آج کل منگنی لڑکے کی ہو یا لڑکی کی، وقت، مال، عزت اور رواداری کی عام نیلامی کی جاتی ہے۔ کچھ لوگوں نے منگنی کو فرض سمجھ لیا ہے۔ اور اس خیالاتی فرض کو ادا کرنے کیلئے انہیں جتنے بھی لوگوں کے فرائض چھوڑنے پڑیں، اس سے انہیں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ذیل میں چند باتیں منگنی کے حوالے سے پیش خدمت ہیں۔

علامہ مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہیں......

منگنی دراصل نکاح کا وعدہ ہے۔ اگر یہ نہ بھی ہو تو کوئی حرج نہیں۔ لہذا بہتر تو یہ ہے کہ منگنی کی ''رسم'' بالکل ختم کر دی جائے، اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اور سوائے نقصان کے اس سے کچھ فائدہ نہیں۔ (چند سطروں کے بعد فرماتے ہیں) اگر اس کا کرنا ضروری ہی ہو تو اس طرح کرو کہ پہلے لڑکے والے کے یہاں اس کے قرابت دار جمع ہوں اور وہ ان کی خاطر تواضع صرف پان اور چائے سے کرے۔ اگر کہیں پان کا رواج نہ ہو جیسے کہ پنجاب، تو صرف چائے سے جس کے ساتھ کوئی مٹھائی نہ ہو۔ پھر یہ لوگ اٹھ کر لڑکی والوں کے گھر آ جائیں وہ بھی ان کی تواضع صرف پان اور چائے سے کریں۔ لڑکے والے اپنے ساتھ دولہن کیلئے ایک سوتی دوپٹہ اور ایک سونے کی نتھ (نتھنی) (اگر طاقت ہو تو) لائے جو کہ پیش کر دے۔ دولہن والوں کی طرف سے ایک سوتی رومال اور ایک چاندی کی انگوٹھی، ایک نگینہ والی پیش کر دی جائے، جس کا وزن سوا چار ماشہ سے زیادہ نہ ہو۔ کیونکہ مرد کو ریشم اور سونا پہننا حرام ہے۔ لو یہ منگنی ہو گئی۔ اگر دوسرے شہر سے منگنی کرنے والے آئے ہیں تو ان میں سات آدمیوں سے زیادہ نہ آئیں اور دولہن والے مہمانی کے لحاظ سے (نہ کہ اوقات سے بڑھ کر) ان کو کھانا کھلا دیں۔ مگر اس کھانے میں دوسرے محلے والوں کی عام دعوت کی ضرورت نہیں۔ پھر اس کے بعد



Marfat.com

لڑکے والے جب بھی آئیں تو ان پر مٹھائی اور کپڑوں کے جوڑے کی پابندی نہ ہو۔ اگر اپنی خوشی سے بچوں کیلئے تھوڑی سی مٹھائی لائیں تو اسے محلے میں تقسیم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ حدیث پاک میں ہے کہ ایک دوسرے کو ہدیہ (تحفہ) دو اس سے محبت بڑھے گی، مگر اس ہدیہ کو فیکس نہ بنا لو کہ بیچارہ اس کے بغیر آ ہی نہ سکے۔(۱٤۸)

## منگنی ٹوٹنے پر مرتب ہونے والے مسائل:

منگنی ٹوٹنے پر کوئی حکم یا اثر مترتب نہیں ہوتا جب تک کہ نکاح نہ ہو چکا ہو۔ ہاں اگر خاطب نے پہلے حق مہر ادا کر دیا تھا تو اس کو واپس کرنا ضروری ہے۔ اگر چہ وہ ہلاک (ضائع) ہو چکا ہو یا خود اسے ہلاک کر دیا ہو دونوں صورتوں میں اسے واپس کرنا ضروری ہے۔

اگر مہر ہلاک ہو گیا یا ہلاک کر دیا، تو اگر وہ قیمت والی چیز تھی تو اس کی قیمت ادا کرنا اور اگر وہ مثلی تھی تو اس کی مثل ادا کرنا لازم ہے۔(۱٤۹)

## منگنی کے تحفوں کا حکم:

اگر لڑکے نے اپنی منگیتر کو شادی سے پہلے کچھ تحائف دیئے ہیں یا اس پر اپنا مال خرچ کیا ہے تو اس کی دو صورتیں بنتی ہے۔

(۱)...... حق مہر کی رقم پیشگی ادا کی ہے۔

(۲)...... یا ویسے ہی کوئی چیز تحفے میں دی ہے تا کہ باہمی محبت میں اضافہ ہو۔

(۱)...... اگر خاطب نے لڑکی کو حق مہر میں سے کچھ رقم یا ساری رقم دی ہے تو بالاتفاق منگنی ٹوٹنے کے بعد یہ سب کچھ لڑکے کو واپس کرنا ہوگا۔ چاہے لڑکے نے خود منگنی توڑی ہو یا

(۱٤۸)...... اسلامی زندگی ، صفحہ:32-31

(۱٤۹)...... الفقہ الاسلامی و ادلتہ ،جلد:7،صفحہ:26-25



Marfat.com

لڑکی نے اس رشتے سے انکار کردیا ہو۔(منگنی کے موقع پر جو انگوٹھی یا کوئی اور زیور پہنایا جاتا ہے وہ بھی اسی حکم میں شامل ہے۔)

(۲)......اگر تحفے کے طور پر منگیتر کو کوئی چیز دی ہے تو اس کے متعلق علماء کے چار اقوال ہیں۔

(۱)......جس کو تحفے کے طور پر چیز دی ہے، اگر وہ چیز بعینہ اس کے پاس محفوظ ہے اور اس میں کوئی تغیر واقع نہیں ہوا تو اس سے واپس لینا جائز ہے۔اور اگر وہ چیز ہلاک ہوگئی ہو یا اس میں تبدیلی آچکی ہو تو چونکہ اب واپسی ممکن ہی نہیں ہے لہذا واپسی کا مطالبہ نہ کیا جائے۔ یہ احناف کا موقف ہے۔

(۲)......منگیتر سے کوئی چیز بھی واپس نہیں لی جائے گی اگرچہ مانع لڑکی کی طرف سے ہو، ہاں اگر یہ شرط رکھی گئی تھی یا اس علاقے کا عرف ہے(کہ ایسے تحفے واپس کئے جاتے ہیں) تو واپس لینا درست ہے۔ یہ بعض مالکیہ کا مذہب ہے۔

(۳)......تیسرا قول یہ ہے کہ ہر صورت میں ہدیہ واپس لیا جائے گا۔اگر وہ بعینہ موجود ہے تو وہی واپس کریں اور اگر وہ ہلاک ہوگیا ہو یا اس میں کوئی تبدیلی آچکی ہو تو اس کی قیمت لوٹائی جائے گی۔ یہ جمہور شافعیہ اور حنابلہ کا قول ہے۔

(۴)......چوتھا قول یہ ہے کہ اگر لڑکا منگنی توڑے تو اسے کچھ بھی واپس نہیں کیا جائے گا اور اگر لڑکی منگنی توڑے تو تحفے واپس کرنے لازم ہونگے۔

ڈاکٹر وھبہ زحیلی لکھتے ہیں کہ......

میرے نزدیک راجح قول یہ ہے کہ نکاح سے پہلے عورت کو جو بھی تحائف دے دیئے جائیں وہی ان کی مستحق ہے۔(۱۵۰)

(۱۵۰)...... الزواج الاسلامی السعید، صفحہ: 306-307



Marfat.com

## چودھواں باب

# کن عورتوں کو نکاح کا پیغام دینا ممنوع ہے؟



Marfat.com

## کن عورتوں کو نکاح کا پیغام دینا ممنوع ہے:

نکاح کرنے کے اعتبار سے عورتوں کی دو قسمیں ہیں ۔ ایک تو وہ عورتیں ہیں جن سے نکاح ہی نہیں ہوسکتا اور وہ ہمیشہ کیلئے مرد پر حرام ہیں اور یہ تین طرح کی عورتیں ہیں۔

(۱)...... وہ عورتیں جن سے نسب اور نسل کی وجہ سے نکاح کرنا حرام قرار دیا گیا۔

(۲)...... وہ عورتیں جن سے رضاعت (دودھ شریک ہونے) کی وجہ سے نکاح حرام قرار دیا گیا۔

(۳)...... ایسی خواتین جن سے مصاہرت (یعنی سسرالی رشتہ) ہونے کی وجہ سے نکاح کرنا ممنوع قرار دیا گیا۔

اور دوسری قسم کی وہ خواتین ہیں جن سے نکاح کرنا جائز تو تھا مگر کسی سبب اور علت کی بنا پر ممنوع ہو گیا۔ مثلاً وہ عورت جو کسی دوسرے کی زوجیت میں آجائے ،یعنی شادی شدہ خاتون ،وغیرہ

ہمارا مقصد محرمات نکاح کو بیان کرنا نہیں ہے لیکن تمہید کے طور پر ان کا تذکرہ کردیا ہے تا کہ ہم اپنے اصل مسئلہ کی طرف توجہ دلواسکیں ۔ جن عورتوں سے نکاح کرنا حلال ہے ان میں کچھ ایسی خواتین بھی ہیں کہ چند وجوہ کی بنیاد پر ان سے منگنی کرنا یعنی نکاح کا پیغام دینا ممنوع ہے۔ اور جب وہ سبب اور علت رفع ہوجائے تو نکاح کا پیغام دیا جا سکتا ہے۔ ذیل میں ہم چند ان خواتین کا تذکرہ کریں گے جو کو نکاح کا پیغام دینا ممنوع ہے۔

### (۱)...... جسے کسی نے نکاح کا پیغام دے رکھا ہو:

جن عورتوں کو نکاح کا پیغام دینا ممنوع ہے، ان میں سے ایک وہ خاتون ہے جسے کسی مسلمان نے پہلے ہی نکاح کا پیغام دے رکھا ہو ۔ اور اس رشتے کو قبول کرنے اور رضا



Marfat.com

مندی کی علامات واضح ہوں تو وہاں نکاح کا پیغام دینا ممنوع ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"لَا يَخْطُبِ الرَّجُلُ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ حَتّٰى يَنْكِحَ اَوْ يَتْرُكَ (۱۵۱)"

کوئی آدمی اپنے (مسلمان) بھائی کی منگنی پر منگنی نہ کرے حتیٰ کہ یا تو نکاح ہو جائے یا وہ خود اسے چھوڑ دے۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"اَلْمُؤْمِنُ اَخُو الْمُؤْمِنِ فَلَا يَحِلُّ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ يَبْتَاعَ عَلٰى بَيْعِ اَخِيْهِ وَلَا يَخْطُبَ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ حَتّٰى يَذَرَ (۱۵۲)"

مومن، مومن کا بھائی ہے پس کسی مومن کیلئے حلال نہیں کہ اپنے (مسلمان) بھائی کی بیع پر بیع کرے اور اس کیلئے حلال ہے کہ اپنے (مسلمان) بھائی کی منگنی پر منگنی کرے یہاں تک کہ وہ خود چھوڑ دے۔

امام نووی فرماتے ہیں:

"یہ احادیث مسلمان بھائی کی منگنی پر منگنی کے حرام ہونے میں ظاہر ہیں اور اس کی حرمت پر تمام علماء کا اجماع ہے جبکہ خاطب کا رشتہ قبول ہو جانا واضح ہو، اور وہ نہ تو کسی کو (اپنی منگنی پر منگنی کی) اجازت دے اور نہ ہی اسے چھوڑے۔(۱۵۳)"

(۱۵۱)...... الصحیح للبخاری، کتاب النکاح، حدیث نمبر:5143

الصحیح للمسلم، کتاب النکاح، حدیث نمبر:1413

(۱۵۲)......الصحیح للمسلم، کتاب النکاح، حدیث نمبر:1414

(۱۵۳)...... شرح النووی علیٰ مسلم، جلد:9، صفحہ:197



Marfat.com

## (۲)...... جسے طلاق رجعی ہوئی ہو:

جس عورت کو شوہر نے طلاق رجعی دی ہو ()، اس کو نکاح کا پیغام دینا ممنوع ہے۔ کیونکہ جب تک اس کی عدت پوری نہیں ہوجاتی وہ اسی شخص کی زوجہ ہے، اور چونکہ یہ طلاق رجعی ہے اور اس کا شوہر ایام عدت کے دوران کسی بھی وقت رجوع کرسکتا ہے۔

## (۳)...... مطلقہ عورت جو عدت میں ہو:

جس عورت کو اس کے شوہر نے تین طلاقیں دے دی ہوں اور وہ عدت گزار رہی ہو اس کو نکاح کا پیغام دینا ممنوع ہے جب تک کہ اس کی عدت مکمل نہیں ہوجاتی۔

## (۴)...... جو عدتِ وفات میں ہو:

جس عورت کا شوہر فوت ہوجائے اور وہ عدتِ وفات گزار رہی ہو اس کو نکاح کا پیغام دینا ممنوع ہے۔ ہاں البتہ اشارۃً اسے نکاح کی پیشکش کی جاسکتی ہے۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے: ''وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا عَرَّضْتُمْ بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنْتُمْ فِي أَنْفُسِكُمْ ......(١٥٤)'' یعنی تم پر کوئی گناہ نہیں ہے کہ تم عدت والی عورتوں کو اشارۃً نکاح کا پیغام دو یا اپنے دلوں میں چھپائے رکھو۔

اشارۃً نکاح کا پیغام دینے کا مطلب ہے کہ اس کے ساتھ ایسی گفتگو کی جائے جس سے اس کو اندازہ ہوجائے کہ یہ آدمی مجھ سے شادی کا خواہشمند ہے۔ مثلاً کہنا کہ ''تم بہت خوبصورت ہو، یا مجھے بیوی کی ضرورت ہے، میں بھی کسی سے شادی کرنا چاہتا ہوں وغیرہ''

ان کے علاوہ جس عورتوں سے نکاح کرنا منع ہے (جن کا مختصر ذکر باب کے شروع میں کیا گیا ہے) ان کو نکاح کا پیغام دینا بھی ممنوع وحرام ہے۔

---

(١٥٤)......القرآن الكريم، سورة البقرة، آیت :235



Marfat.com

# پندرھواں باب

☆......خلاصۂ کتاب اردو زبان میں

☆......خلاصۂ کتاب انگریزی زبان میں



Marfat.com

## خلاصہ بحث

منگنی اور منگیتر کے متعلق دلائل سے مزین تفصیلاً گفتگو آپ نے ملاحظہ فرمائی جس کے بعد یقیناً کوئی تشنگی باقی نہیں رہی ہوگی۔ رؤیۃ مخطوبہ کے متعلق مسائل کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

☆......خاطب کا اپنی مخطوبہ کو دیکھنا عام اہل علم کے نزدیک جائز ہے بلکہ بعض فقہاء نے اسے مستحب قرار دیا ہے۔

☆......جس طرح خاطب کا مخطوبہ کو دیکھنا جائز ہے اسی طرح مخطوبہ کا خاطب کو دیکھنا بھی جائز ہے۔

☆......خاطب اور مخطوبہ میں سے ہر ایک کا ایک دوسرے کو دیکھ لینا بڑا اہم مسئلہ ہے جس سے غفلت برتنا مناسب نہیں ہے۔ کیونکہ ایسا کرنے سے وہ دونوں ایک دوسرے کی صفات وعادات سے واقف ہو جاتے ہیں اور شادی کے بعد ایک تو لڑائی جھگڑے سے کسی حد تک بچاؤ رہتا ہے اور خدانخواستہ ہو جائے تو دوسروں کو ملامت نہیں کی جاسکتی۔

☆......فقہاء کے راجح قول کے مطابق مخطوبہ کے چہرے اور ہاتھوں کو دیکھنا چاہئے لیکن اگر کوئی ان اعضاء کے علاوہ بھی دیکھنا چاہے تو ان اعضاء کو دیکھ سکتا ہے جن کو اس عورت کے محرم کیلئے دیکھنا جائز ہے۔ مثلاً چہرہ، ہاتھ، قدم، سر، گردن، کہنیاں اور پنڈلیاں۔

☆......مخطوبہ کو نکاح کا پیغام دینے سے پہلے بھی دیکھنا جائز ہے اور بعد میں بھی، اور بعد میں دیکھنا اولیٰ ہے۔

☆......عورت (مخطوبہ) کو اس کی اجازت کے بغیر دیکھنا بھی جائز ہے اور اجازت



Marfat.com

لے کر بھی، مگر اجازت لیکر دیکھنا اولیٰ ہے۔

☆......چونکہ لڑکی نکاح سے پہلے اپنے منگیتر کے لئے اجنبی اور غیر محرم ہوتی ہے ،لہذا ان کا تنہائی میں بیٹھنا، اور ان کے بدن کا ایک دوسرے سے مس کرنا وغیرہ ممنوع ہے اگر چہ بغیر شہوت کے ہو۔

☆......دیکھتے وقت ،لڑکا اور لڑکی دونوں کیلئے میک اپ کا استعمال یا بالوں کو رنگنا جائز نہیں ہے کیونکہ یہ دھوکے کے مترادف جس سے منع کیا گیا ہے۔

☆......جن اوصاف کو جاننے میں رؤیۃ فائدہ دے سکتی ہے وہ صرف اوصاف جسمیہ ہیں۔ صفاتِ خُلقیہ کو پہچاننے میں رؤیۃ کوئی فائدہ نہیں دیتی اگر چہ جتنی بار مرضی دیکھا جائے۔(لہذا اخلاق وسلوک کو جاننے کے بہانے بار بار دیکھنے کا اصرار کرنا فضول ہے۔)

☆......مخطوبہ کی آواز کو سننے ،اس کے بات کرنے کے طریقے کو جاننے ،اور اس کے فکری مناہج کو پہچاننے کیلئے اس کے ساتھ بات کرنا جائز ہے۔

☆......مخطوبہ کو دیکھنے کی مدت اور تعداد صرف اتنی ہے جس سے مقصد حاصل ہو جائے ۔لہذا جب خاطب اپنی مخطوبہ کے اوصاف کو جان چکا ہو تو اس کیلئے دیکھنا ناجائز اور ممنوع ہو جائے گا کیونکہ وہ اس کیلئے اجنبی اور غیر محرم ہے۔

☆...... جب خاطب ومخطوبہ کے لئے ایک دوسرے کو دیکھنا مشکل ہو تو مخطوبہ کو دیکھنے کیلئے کسی عورت کو وکیل بنانا ،اور خاطب کو دیکھنے کیلئے کسی مرد کو وکیل بنانا جائز ہے۔لیکن مخطوبہ کو دیکھنے کیلئے کسی مرد کو اور خاطب کو دیکھنے کیلئے کسی عورت کو وکیل بنانا جائز نہیں ۔کیونکہ اس سے غیر محرم کو دیکھنا لازم آتا ہے اور وہ شریعت میں حرام ہے۔

☆......اگر مرد وعورت کا ایک دوسرے کو دیکھنا مشکل ہو تو ایک دوسرے کی تصویر کو دیکھنا جائز ہے۔جبکہ ذکر کردہ شرائط کے مطابق ہو۔



Marfat.com

## Ordinance of Islam is looking at the lady you are going to be engaged with before marriage.

The search discussing the laws in allowing engaged couple to see each other before marriage which can be summarized as follows:

Most of the logins said it is allowed and some encourage that as it is order "without obligation" from prophet.

This is the same for both male and female.

For couple to see each other is very important so each one will see the other closely so if they get married, things will be clear.

The accepted extent to which the male can see from female during engagement is the same as which he can see from his female relatives other that his wife.

Time of vision can be before or after engagement which is more suitable.

He can see her without her permission but it is better if it is with her permission.



Marfat.com

During engagement and before marriage she is foreigner to her and he is allowed to be alone with her without other person usually prohibited man.

She is not allowed to put make up or paint her hair at time of vision as that is sort of cheating.

Vision usually helps to give impression about body built and description but behaviour usually difficult to know even if meeting happen more than once.

Speaking with each other is allowed to know the way of speech and way of thinking of each other.

The duration of meeting should be restricted to the objectives of meeting and should not be extend as both are foreigner to each other.

Both of then can authorize or deputies other person for meeting and discussion with the person who he or she is going to be engaged with

They can use pictures to see each other if direct vision is not possible.



Marfat.com

# فهارس المصادر والمراجع


١ ......القرآن الكريم، منزل من الله

## الف

٢ ......الاشراف علىٰ نكت مسائل الخلاف للقاضي عبد الوهاب بغدادی ، دار ابن القيم و دار ابن عفان ،الطبعة الاولیٰ ١٤٢٩ قاهره

٣ ......الاشراف على مذاهب اهل العلم ،لابن المنذر ،المكتبة التجارية ،مكة

٤ ......اسلامی زندگی ، مفتی احمد یار خان نعیمی ، نعیمی کتب خانه گجرات پاکستان

٥ ...... اقرب المسالك لمذهب الامام مالك ، للدردير ،مكتبة ايوب نيجيريا

٦ ......الاقناع ،لطالب الانتفاع ، لابی النجاء الحجاوی ، دارة الملك عبد العزيز بالرياض

٧ ...... الانصاف للمرداوی ، دار احياء التراث العربی ، الطبعة الثانية ١٤٠٠ ه

## (ب)

٨ ......بداية المجتهد لابن رشد القرطبی ،دارالفكر بيروت

٩ ......البدائع الصنائع للكاسانی ،دارالكتاب العربی ، بيروت ،الطبعة الثانية ١٤٠٢ه

١٠ ......البحر الرائق ، لابن نجيم ،دارالمعرفة بيروت ، الطبعة الاولیٰ

١١ ......البيان و التحصيل لابن رشد القرطبی دارالغرب الاسلامی ـ




Marfat.com

(ت)

١٢ ......تاريخ بغداد ،للخطيب بغدادى

١٣ ......تبيين الحقائق ، للزيلعى ، دارالمعرفة بيروت ، الطبعة الاولىٰ ١٣١٣ه

١٤ ...... التاج والاكليل ،للمواق ، بهامش مواهب الجليل ـ الطبعة الثانية ١٣٩٨ه

١٥ ...... تحفة المحتاج لابن حجر هيتمى ، دار صادر لبنان

١٦ ...... تفسيرالمظهرى ، للقاضى ثناء الله پانى پتى

١٧ ......التفسير الكبير لابن تيمية ـ دارالكتب العلمية بيروت

١٨ ......تلخيص الحبير

١٩ ......الترغيب والترهيب للمنذرى

٢٠ ......تهذيب سنن ابى داؤد لابن القيم ، مطبوع مع مختصر سنن ابى داؤد ـ دارالمعرفة للطباعة والنشر بيروت ١٤٠٠ه

(ج)

٢١ ......جامع البيان في تفسير القرآن ،لمحمد بن عبد الرحمن الشيرازى الشافعى ، دارالكتب العلمية بيروت الطبعة الاولىٰ ١٤٢٤ه

٢٢ ......جامع البيان فى تاويل آى القرآن المعروف بتفسير طبرى ، مكتبة ابن تيمية قاهره

٢٣ ...... جامع احكام النسآء

٢٤ ...... الجواهر الحسان فى تفسير القرآن المعروف بتفسير ثعالبى ،داراحياء التراث العربى بيروت ومؤسسة التاريخ العربى لبنان



Marfat.com

(ح)

٢٥ ......حاشية الدسوقى على الشرح الكبير ،الطبعة الاميرية

٢٦ ......حجة الله البالغة للشاه ولى الله دهلوى ، دارالجيل ، الطبعة الاولىٰ ١٤٢٦ھ

٢٧ ...... حلية الاولياء وطبقات الاصفياء للحافظ ابى نعيم اصفهانى

(خ)

٢٨ ......خطبة النكاح ،للدكتور عبد الرحمن عتر ـ مكتبة المنار بالاردن

٢٩ ...... خطبة النكاح ، فهد المزعل مركز طيبة للطباعة بالمدينة المنورة

(د)

٣٠ ......الدر المنثور فى التفيسر بالماثور لجلال الدين السيوطى ،مركز هجر للبحوث والدراسات العربية والاسلاميه ،الطبعة الاولىٰ القاهرة

٣١ ......الدرالمختار شرح تنوير الابصار للحصكفى ،ـ دارالفكر ١٣٩٩ھ

(ذ)

٣٢ ......الذخيرة ،لشهاب الدين القيرانى ،ذار غرب الاسلامى

(ر)

٣٣ ...... روح المعانى فى تفسير القرآن العظيم والسبع المثانى ،مكتبة رشيدية كوئته پاكستان

٣٤ ......رحمة الامة فى اختلاف الائمة لمحمد الدمشقى ، طبعة قطر ١٤٠١ھ

٣٥ ...... رد المحتار على الدرالمختار (حاشية ابن عابدين )دار عالم الكتب

٣٦ ......روضة الطالبين للنووى، المكتب الاسلامى بيروت الطبعة الثانية



Marfat.com

١٤٠٥هـ

(س)

٣٧...... سنن ابى داؤد د،درالحديث بيروت ١٣٩١هـ

٣٨ ...... سنن النسائى ، دارالكتب العلمية بيروت

٣٩...... سنن ابن ماجه ، دار احياء التراث العربى ١٣٩٥هـ

٤٠...... السنن الكبرى للبيهقى دارالكتب العلمية بيروت

٤١ ...... السنن الصغرى للبيهقى

٤٢ ......السنن الكبرى للنسائى ، موسسة الرسالة

٤٣...... سنن الدارمى

٤٤ ......سنن الدارقطنى ،

٤٥ ......سلسلة الاحاديث الصحيحة للالبانى مكتبة المعارف للنشر والتوزيع

(ش)

٤٦...... شرح السنة للبغوى ، المكتب الاسلامى

٤٧ ......شرح منح الجليل

٤٨ شرح الخرشى على الخليل دار صادر بيروت

٤٩ شرح الزرقانى على خليل دار الفكر بيروت

٥٠ الشرح الكبير للدردير ـ داراحياء الكتاب العربى

٥١ الشرح الصغير

٥٢ شرح النووى على مسلم للامام النووى الشافعى ، المطبعة المصرية بالازهر



Marfat.com

٥٣......شرح منتهى الارادات

٥٤......شرح الخطيب

٥٥......شرح معانی الآثار للطحاوی الحنفی

(ص)

٥٦......الصحیح للبخاری المکتب الاسلامی ترکیا

٥٧......الصحیح للمسلم ،دارالکتب العلمیة بیروت

٥٨......الصحیح لابن حبان

(ع)

٥٩......عمدة القاری شرح صحیح بخاری للعینی ، دارالفکر بیروت

٦٠......عهود محمدیه للامام عبد الوهاب الشعرانی

٦١......العمدة لابن قدامه حنبلی ،مصور عن الطبعة الاولیٰ

٦٢......عوارف المعارف للشیخ شهاب الدین سهروردی پروگریسو بکس لاهور پاکستان

(غ)

٦٣......غایة المنتهی لمرعی الکرمی المقدسی ـ الموسسة السعیدیة بالریاض

(ف)

٦٤......فتح الباری شرح صحیح بخاری لابن حجر ،نشر رئاسة الافتاء بالریاض

٦٥......الفروع لابن مفلح ،عالم الکتب بیروت

٦٦......فتاویٰ المرأة المسلمة

٦٧......الفقه الاسلامی وادلته ،للدکتور وهبه زحیلی ، دارالفکر بیروت



Marfat.com

٦٨ فيض القدير شرح جامع الصغير لعبد الرؤف المناوى

٦٩ الفتاوى لابن تيمية حنبلى

(ق)

٧٠ القوانين الفقهية لابن جزى دارالفكر بيروت

(ك)

٧١ ..... الكافى لابن رشد قرطبى مكتبة الرياض الحديثة

٧٢ ..... الكافى لابن قدامه حنبلى ،المكتب الاسلامى بيروت

٧٣ ..... كشاف القناع للبهوتى ـعالم الكتب بيروت

(م)

٧٤ .....المبدع لابن مفلح ـ المكتب الاسلامى بدمشق

٧٥ .....مجمع الزوائد معه بغية الرائد ، دارالفكر بيروت

٧٦ .....المحرر لابن تيمية دارالكتاب العربى بيروت

٧٧ .....المحلى لابن حزم ظاهرى ،ادارة الطباعة المنيرية

٧٨ ..... مختصر خليل دارالمعرفة بيروت

٧٩ مدخل الشرع

٨٠ المسند للامام احمد بن حنبل ،المكتب الاسلامى بيروت

٨١ المستدرك للحاكم دارالحرمين للطباعة والنشر والتوزيع

٨٢ المسند لابى يعلى موصلى مؤسسة علوم القرآن بيروت

٨٣ المسند للبزار

٨٤ مشكوة المصابيح للخطيب تبريزى المكتب الاسلامى



Marfat.com

٨٥......المصنف لعبد الرزاق ،المجلس العلمي البطعة الاولىٰ

٨٦......معالم السنن للخطابي ،دارالمعرفة بيروت

٨٧......معـالـم مكتوبه فى رؤية المخطوبه ،للدكتور محمد بن ناصر الجعوان ، دارالضياء للنشر والتوزيع

٨٨......المعجم الكبير للطبرانى

٨٩...... المعجم الاوسط للطبرانى

٩٠......المعجم الصغير للطبرانى

٩١......المغنى لابن قدامه ،دارعالم الكتب بالرياض

٩٢......مغنى المحتاج للشربينى ، داراحياء التراث العربى ، بيروت

٩٣......المفردات للراغب الاصفهانى ، دارالمعرفة بيروت

٩٤......المفاتيح الغيب المعروف بالتفسير الكبير لفخر الدين الرازى

٩٥......المقنع لابن قدامه المؤسسة السعيدية بالرياض

٩٦......المنتقىٰ لابن جارود معه غوث المكدور ،دار الكتاب العربى

٩٧......منهاج الطالبين للنووى ،دارالمعرفة بيروت

٩٨......المهذب للشيرازى مطبعة البابى الحلبى

٩٩......مواهب الجليل على مختصر خليل

(ن)

١٠٠......النهر الفائق شرح كنز الدقائق لابن نجيم الحنفى دارالمعرفة بيروت

١٠١......نهاية المحتاج للرملى ، مطبع البابى الحلبى مصر

١٠٢......نيل الاوطار للقاضى الشوكانى



Marfat.com

(و)

١٠٣ ......الوجيز علیٰ فقه الشافعی للامام الغزالی ،دار ارقم بیروت

(ه)

١٠٤ ......الهدایة للمرغینانی المکتبة الاسلامیة


١٠٥ ......الهدایة علیٰ مذهب احمد ،غراس للنشر و التوزیع

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

دنیائے تصوف میں تہلکہ خیز اضافہ

اہل تصوف وطریقت کیلئے بہار اسلام پبلی کیشنز کا خاص تحفہ




بہار اسلام پبلی کیشنز

1910 ڈی وَن بلاک گجر پورہ سکیم لاہور

0322-0333-4229760

0322-0313-4642506